انگریزوں کی تعمیر کردہ پرسیڈنسی شہروں کی تفصیلی معلومات کو اکٹھا کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

B2T6D9

باب -2

انگریزی حکومت کی توسیع

اس باب میں آپ درج ذیل نکات کو معلوم کریں گے۔

- اینگلومرہٹہ جنگیں۔
- عہد معاونت پالیسی
- انگریزی حکومت کا استحکام
- اینگلوسکھ جنگیں
- مسئلہ الحاق یا مسئلہ بازگشت

کرناٹک کی جنگوں میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد انگریزوں نے ہندوستان میں کسی بھی یوروپی ملک کو اپنی مخالفت کرنے سے روک دیا۔ پلاسی اور بکسر کی جنگوں کے ذریعے بنگال ریاست پر اپنا مکمل سیاسی قابو پالیا۔ 1765 میں کئی مشرقی حصوں پر اپنا کنٹرل بنالیا تھا۔ لیکن ہندوستان کے جنوب اور مغرب میں میسور اور مرہٹہ حکومتیں غالب تھیں اور یہ اقتدار انگریزوں کو بمبئی تک محدود کردیا تھا۔

انگریزوں کی توسیعی پالیسی کو مرہٹہ کے پیشوا اور میسور کی حکومت کے حیدر علی اور اُن کے فرزند ٹیپو سلطان نے روک رکھا تھا۔ اس کے بعد ہندوستان کے شمال مشرقی علاقے میں سکھوں کا راج تھا۔ انیسویں صدی کے اوائل میں ابھرنے والا رنجیت سنگھ انگریزوں کا زبردست مخالف تھا۔ وہ سکھوں کو منظم کرنے میں کامیاب رہا۔

ہندوستان میں انگریزوں نے اپنی سلطنت کی توسیع کے لئے اٹھارویں صدی کے وسط سے انیسویں صدی کے وسط تک ایک کے بعد دیگرے کئی جنگوں میں حصہ لیا۔ 'عہد معاونت' اور 'مسئلہ الحاق' یا بازگشت جیسی پالیسوں کو اپنا کر اپنی حکومت میں ہندوستان کی مقامی ریاستوں کو ملا لیا۔ اس دَور میں انگریزوں نے ہندوستان کے جنوب، مغرب اور شمال مشرقی حصوں میں جو جنگیں کیں ان میں تین اینگلومرہٹہ۔ چار اینگلومیسور جنگیں اور دو اینگلوسکھ جنگیں شامل ہیں۔ میسور کی جنگوں سے متعلق آگے کے باب میں معلومات حاصل کریں گے۔ اس لئے یہاں پر انگریزوں مرہٹہ اور سکھوں کے درمیان ہونے والی جنگوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

@KTBS NOT TO BE PUBLISHED

اینگلومرہٹہ جنگیں:

پہلی اینگلومرہٹہ جنگ (1775-1782) : بکسر کی جنگ میں شکست پا کر اور انگریزوں کی قید میں رہنے والے شاہ عالم دوم کو مرہٹوں نے دہلی کے تخت پر واپسی بٹھایا تو مغل حکمران نے الہ آباد اور کورا ریاستوں کو مرہٹوں کے حوالے کر دیا جو اس نے پہلے انگریزوں کو دیئے تھے۔ اس سے مرہٹہ اور انگریزوں میں آپسی دشمنی پیدا ہوئی۔ اس دوران مراٹھا کے طاقتور پیشوا مادھوراؤ کی موت مراہٹوں کے لئے بڑا دھچکا تھا۔ اگرچہ اس کا بھائی نارائن راؤ اقتدار میں آیا لیکن اسے اس کا چچا رگھوبا (راگھوناتھ راؤ) نے قتل کر دیا۔ اس کے نتیجے میں پیشوا کے عہدے کے لئے لڑائی ہوئی۔ پیشوا کے عہدے کو پُر کرنے کے لئے نانا فرنویس نے اپنی قیادت میں رگھوبا جو پیشوا بننے کا خواہاں تھا اس کو روکتے ہوئے نارائن راؤ کے بیٹے مادھوراؤ کا نام لے کر اسے پیشوا بنایا گیا۔ تب مرہٹہ سے حمایت نہ ملنے پر رگھوبا نے انگریزوں سے مدد طلب کی۔ انگریزوں نے اس موقع کو اپنے فائدے کے لئے استعمال کیا۔ انگریز اور مرہٹوں کے درمیان لگاتار 1775 سے 1782 تک ہوئی جنگوں میں مرہٹوں نے ابتدائی کامیابی تو حاصل کی لیکن احمد آباد کو گنوا دیا۔ مرہٹہ کی جانب سے جنگ کو جاری نہ رکھنے کے باعث جنگ کا خاتمہ 'سالبائی معاہدہ' پر ہوا۔ اور اس کے تحت مادھوراؤ کو پیشوا مقرر کیا گیا۔

لارڈ ویلزلی (1798-1805) اور عہد معاونت:

لارڈ ویلزلی کا گورنر جنرل کے طور پر ہندوستان آنے کے بعد انگریزی سلطنت کی توسیع تیز ہونے لگی۔ اس کے وقت تک مضبوط مرہٹہ اور میسور کی ریاستیں کمزور ہو چکی تھیں۔ توسیعی پالیسی اور آسان ہوگئی تھی۔ برطانوی حکومت کی توسیعی کے لئے لارڈ ویلزلی نے تین پالیسیوں کو اپنایا۔ وہ یہ تھے۔ عہد معاونت، نئی ریاستوں پر جنگیں اور ابھی سے زیرِ قابو ریاستوں پر راست کنٹرول قائم کرنا۔

عہد معاونت پالیسی:

1798 میں لارڈ ویلزلی نے ہندوستان کی ریاستوں کو اپنے قابو میں لینے کے لئے عہد معاونت قائم کیا۔ عہد معاونت برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی اور ہندوستانی ریاستوں کے درمیان ایک فوجی معاہدہ تھا۔

عہد معاونت کے شرائط:

1) ہندوستان کا حکمران انگریزی فوجی دستے کو اپنے ریاست میں مقیم رکھنا تھا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2) فوج کی تنخواہ اور اخراجات کو متعلقہ حکمران ہی کو برداشت کرنا پڑتا تھا اور مقررہ لگان کے علاقے کو چھوڑنا پڑتا تھا۔

3) حکمران کے دربار میں ایک انگریزی افسر (رسیڈنٹ) کو رکھنا تھا۔

4) انگریزوں کی اجازت کے بغیر حکمران اپنے دربار میں کسی بھی یوروپی کا تقرر نہیں کرسکتا تھا۔

5) دیسی حکمران سے تعلقات یا کسی بھی حکمران سے جنگ کرنا ہو تو انگریزی گورنر جنرل کی اجازت لینا ضروری تھا۔

6) ان تمام خدمات کے بدلے کمپنی سے اس ریاست کے اندرونی یا بیرونی جارحیت سے حفاظت ملتی تھی۔

اس پالیسی سے انگریزی افواج کے انتظام میں آسانی ہوئی اور ہندوستان کی ریاستوں کو قابو میں رکھنا ممکن ہوا۔ ہندوستان کی ریاستوں کا معاشی طور پر استحصال کیا گیا۔ اس معاہدہ کو تسلیم کر کے سب سے پہلے دستخط کرنے والی ریاست حیدرآباد تھی اس کے بعد میسور، اودھ، تنجاور، مرہٹہ، پیشوا، آرکاٹ، پونا، بیرار، گوالیار اور دیگر تھے۔

دوسری اینگلو مرہٹہ جنگ (1803-1805):

مرہٹہ خاندان کے رہنماؤں کی آپسی لڑائی ہی اس جنگ کا سبب تھی۔ ہولکر خاندان کا یشونتھ راؤ ایک طرف تو سندھیا خاندان کا دولت راؤ دوسری طرف اور پیشوا باجی راؤ ایک اور طرف تھے۔ 1802 میں ہولکر فوج نے سندھیا اور پیشوا فوج کو شکست دے دی۔ پیشوا نے انگریزوں سے مدد طلب کی۔ لارڈ ویلزلی کو مرہٹہ کی اندرونی معلومات میں شامل ہونے کا موقع ملا۔ پیشوا نے بیسن معاہدہ پر دستخط کرتے ہوئے عہد معاونت کو تسلیم کرلیا۔ پیشوا کی مانی ہوئی عہد معاونت پالیسی کی مخالفت کرتے ہوئے ہولکر، بھونسلے، سندھیا، اور دیگر مرہٹوں نے اپنے اپنے قوم کا اتحاد بنایا۔ 1855-1803 تک ویلزلی نے مرہٹہ خاندان کے ساتھ کئی جنگیں لڑیں۔ لیکن ان کے اتحاد نے کمپنی کے قرض کو بڑھا دیا۔ جس کی وجہ سے ویلزلی پر کئی اعتراضات کئے گئے اور ویلزلی استعفیٰ دے کر اپنے وطن واپس لوٹ گیا۔ اس کے بعد اس علاقے میں عارضی امن قائم ہو۔

تیسری اینگلو مرہٹہ جنگ (1817-1818):

مرہٹہ خاندان سے اپنی سالمیت اور آزادی کو بچانے کے لئے کئی ممکنہ کوشیش کیں۔ پیشوا بھی انگریزوں کی پکڑ سے آزاد ہونے کے لئے کوشاں تھے۔ 1817 میں پیشوا نے پونا میں انگریزوں کی رہائشی کچہری پر حملہ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کر دیا اور اس کو جلا دیا۔ ناگپور کے اپّا صاحب اور ملہار راؤ ہولکر بھی انگریزوں کے خلاف فساد کر کے ہار گئے۔ آخر میں پیشوا دوم باجی راؤ نے انگریزوں کے خلاف 1818 میں کورے گاؤں اور اشٹی جنگوں میں ہار کر انگریزوں کے آگے گھٹنے ٹیک دئے۔ انگریزوں نے پیشوا کا عہدہ ختم کر دیا اور باجی راؤ دوّم کو وظیفہ یابی دے دی۔ انہوں نے شیواجی کی اولاد پرتاپ سمہا کو ایک چھوٹی ریاست ستارا کا حکمران مقرر کیا اور اُسے مرہٹوں کا روایتی رہنما قرار دیا اور مرہٹہ مزاحمت کو دبا دیا۔

انگریزی اقتدار کا مجموعی خاکہ (1857-1818):

انگریز 1818 سے 1857 تک وسیع ہندوستان پر فتح حاصل کرنے کا کام ممکن کیا۔ اس وقفے میں پنجاب، سندھ، اودھ اور دیگر اہم ریاستوں کے ساتھ ساتھ تمام چھوٹی چھوٹی ریاستوں پر بھی قبضہ کر لیا۔

اینگلو سکھ جنگیں:

1839 میں رنجیت سنگھ کی موت کے بعد پنجاب میں سیاسی بحران پیدا ہوا۔ 1809 کے تسلسل معاہدہ کو توڑ کر انگریزوں نے پنجاب پر حملہ کرنے کی تیاریاں کیں۔ ڈسمبر 1845 میں انگریزوں اور پنجاب کی فوج کے درمیان جنگیں شروع ہوئی۔ غیر ملکی ڈر کے سبب ہندو، مسلمان، اور سکھ نے اپنے اتحاد کو قائم کیا۔ آخر کار چند دھوکہ باز لیڈروں کی وجہ سے انہیں شکست قبول کرنی پڑی۔ 1846 میں لاہور معاہدہ پر دستخط کرنے پڑے اور اس کی رو سے انگریزی ریسیڈنٹ پنجاب کا ناظم ہو گیا۔ اس طرح پنجاب بھی انگریزوں کے ماتحت بن گیا۔

1848 میں پنجاب پر انگریز راست طریقے سے حکومت کرنے لگے تو پنجاب کے لوگوں نے احتجاج شروع کیا۔ ان احتجاجات کی رہنمائی لاہور میں ''چٹار سنگھ اٹاری والا اور ملتان میں مولراج نے کی۔ لیکن پھر بھی پنجابیوں کو شکست ہوئی۔ آخر میں لارڈ ڈالہوزی نے پنجاب کو انگریزی حکومت میں شامل کر لیا۔

ڈالہوزی اور مسئلہ الحاق یا بازگشت:

1848 میں گورنر جنرل بن کر جب لارڈ ڈالہوزی ہندوستان آیا تو سب سے پہلے اس نے تمام مقامی حکومتوں کو انگریزی حکومت میں شامل کرنے کی طرف کوشاں ہوا۔ ڈالہوزی نے اپنی توسیعی پالیسی کو مسئلہ الحاق یا بازگشت کے ذریعہ پورا کیا۔ اس پالیسی کے تحت اگر کوئی ہندوستانی راجا اولاد سے محروم ہے تو وہ لے پالک بچوں کو اگر اپنا شاہی وارث بنائے تو اُسے حکمرانی کے اختیارات نہیں ملتے تھے۔ ایسی ریاستوں کو انگریزی

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBC

حکومت میں شامل کرلیا جاتا تھا۔اسی پالیسی کے تحت ستارا،جیئت پور، سنبھل پور، اُدے پور، جھانسی، ناگپور اور دیگر ریاستوں کو بھی انگریزی حکومت میں شامل کرلیا گیا۔گورنر جنرل کے طور پر اسے ان ریاستوں کے حالات کا علم تھا۔اس نے اس پالیسی کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا۔

ڈالہوزی کی اس پالیسی سے نہ صرف ہندوستان کے حکمران ناراض تھے بلکہ ہندوستان کی عوام بھی اٹھ کھڑی ہوئی۔خوفناک غصہ اور اپنی حب الوطنی کا ثبوت دیتے ہوئے ہندوستان کی عوام انگریزی حکومت کے خلاف راستوں پر اتر کر احتجاج کرنے لگی اسی کو 1857 کی فوجی بغاوت یا غدر کہا جاتا ہے۔

یہ بھی جانئیے:

رنجیت سنگھ: 1780 میں پیدا ہوا۔رنجیت سنگھ سکوں کے 12 ویں مسل (اتحاد) کا ایک (MISL) مسل سکھیر چاکیا کے نائک ملان سنگھ کا بیٹا تھا۔دس سال کی عمر میں ہی اپنے باپ کو کھو دیا۔اور وہ چھوٹی سلطنت کا لیڈر تھا۔کابل کا زمان شاہ جب ہندوستان آیا اور حملہ آوار ہوا تو رنجیت سنگھ کی خدمت سے متاثر ہوکر رنجیت سنگھ کو 'راجا' کا خطاب دیتے ہوئے لاہور کا گورنر مقرر کردیا۔تب اس کی عمر 19 سال تھی۔پھر جادوئی طریقے سے ترقی کرنے لگا۔ اس کا اہم مقصد سکھ کے تمام مذہبی گروہ میں اپنا مقام حاصل کرنا تھا۔ستلج ندی کے مغربی حصوں میں موجود تمام سکھ رہنماؤں کو اپنے قابو میں لے کر پنجاب میں اپنی خود کی حکومت بنائی۔1809 میں امرتسر میں انگریزوں کے ساتھ تسلسل معاہدہ پر دستخط کیا۔یوروپ کے موافق فوج کو منظم کیا اور اُن کو تربیت بھی دی۔اس کی فوج سکھوں تک ہی محدود نہ ہوتے ہوئے گورکھا، بہاری، پٹھان اور مسلمانوں سے بھی بھرپور تھی۔لاہور میں توپوں کی تیاری کے لئے صنعتیں بھی بنائے۔اس وقت موجود ہندوستان کے افواج میں رنجیت سنگھ کی فوج بہترین اور مشہور تھی۔سیکولر جذبہ رکھنے والے رنجیت سنگھ نے اپنے علاقے میں صرف سکھ گرو کو ہی نہیں بلکہ ہندو اور مسلمان علماء کو بھی پناہ دے کر ان کی ضروریات پوری کرتا تھا۔تمام مذہبوں کے لوگوں کو اپنے مذہب پر مکمل آزادی تھی۔انگریزوں کے چنگل میں نہ پھنسنے والی سکھ حکومت کو قائم کیا۔شمال مشرقی علاقوں سے ہونے والے حملوں سے بچنے کے لئے انگریزوں کو رنجیت سنگھ کی تحفظی حکومت (بفر اسٹیٹ) کی ضرورت تھی۔مجموعی طور پر کہا جائے تو رنجیت سنگھ ایک آزاد حکومت بنا کر آخری سانسوں تک آزادی کے ساتھ حکومت کرنے والا مہاراجہ تھا اور 1839 میں اس کی موت واقع ہوئی۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I . درج ذیل خالی جگہوں میں مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجئے:

1. پہلی اینگلومرہٹہ جنگ کے آخر میں انگریز اور مرہٹہ کے درمیان _____ معاہدہ ہوا۔
2. عہد معاونت پالیسی کو _____ نے قائم کیا۔
3. گورنر جنرل جس نے پنجاب کو برطانوی سلطنت میں ضم کیا وہ _____ تھا۔
4. مسئلہ الحاق کو _____ نے جاری کیا۔

II . درج ذیل سوالات کو گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے:

5. پہلی اینگلومرہٹہ جنگ کے اسباب بیان کیجئے۔
6. عہد معاونت کے شرائط کیا تھے؟ بیان کیجئے۔
7. تیسری اینگلومرہٹہ جنگ کو تفصیل سے بیان کیجئے۔
8. انگریزی اقتدار کی توسیع میں مسئلہ الحاق کس طرح معاون و مددگار ثابت ہوا؟ لکھئے۔
9. مسئلہ الحاق کے تحت متاثر ہونے والی ریاستیں کونسی تھیں؟

III . سرگرمی:

اپنی سلطنت کو وسعت دینے کے لئے انگریزوں کی طرف سے اپنائی گئی حکمتِ عملی کا تجزیہ کریں اور اس پر ایک مضمون لکھیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب-3

ہندوستان میں انگریزی انتظامیہ کے اثرات

اس باب میں ہم یہ معلوم کریں گے۔

- انتظامی اور عدلی انتظامیہ۔شہری خدمات، نظام عدلیہ، پولیس انتظامیہ اور فوجی انتظامیہ۔
- زمین کے لگان کی پالیسیاں۔ مستقل زمینداری نظام۔محلواری نظام اور رعیت واری نظام
- جدید تعلیم: لارڈ میکالے، ووڈس کمیشن (1854)
- انگریزی انتظامیہ کے قوانین۔ ریگولٹینگ ایکٹ، پٹس انڈیا ایکٹ، اور چارٹر ایکٹ

انگریزی ایسٹ انڈیا کمپنی صرف ایک زمانے میں ایک تجارتی کمپنی کی طرح کام کرتے ہوئے تجارتی لین دین کے کام کرتی رہی۔ ہندوستان کے حالات جس میں سینکڑوں حکومتیں زوال پذیر تھیں اس کا معائنہ انگریزوں نے کیا اور اپنی سیاسی عروج کو ان کا استعمال کرنے کی سوچنے لگے۔ آپسی اختلاف میں ملوث ہندوستان کی چھوٹی چھوٹی سلطنتوں کے درمیان تقسیم کاری کرتے ہوئے آپسی تفرقات پیدا کرتے ہوئے اپنے مفاد کے لئے استعمال کر کے ان پر قابض ہونے لگی۔ اس ضمن میں کئی راستوں کو اختیار کرتے ہوئے جنگ اور مذاکرت کے عمل کو اپنایا اور ہر مقامی حکومتوں کو اپنے ماتحت کرنے لگے۔

انگریز مختلف ترکیبوں سے ہندوستان کو سیاسی طور پر اپنے اختیار میں لینے کے بعد مستقل طور پر اپنے قابو میں کرنے کی سوچنے لگے۔ اُسی وقت 'ہندوستان ایک اتحادی ملک' نہ ہونے کا مجموعی تصور چھایا ہوا تھا اس موقع پر مختلف سلطنتیں ایک دوسرے سے الگ الگ ہونے لگیں تھیں۔ اس لئے انگریزوں نے اپنے اختیار میں آنے والے تمام ریاستوں کو ایک طرح کا یکساں سیاسی نظام قائم کرنے کی سوچنے لگے۔ تعلیم، عدلیہ نظام، زمینی لگان کا نظام، تجارت، زراعت جیسے تمام حلقوں میں مختلف قوانین اور انتظامی نظام کے تحت منظم کیا گیا۔ اس سے ہندوستان کا ایک نیا ڈھانچہ سامنے آیا۔ ان تمام اقدامات کو نافذ کرتے ہوئے وہ اپنے مالی مفاوات کے تحفظ کو کبھی نہیں بھولے۔ انگریز ایسٹ انڈیا کمپنی نے ہندوستان میں ایک نئی ترتیب حاصل کرنے کے لئے مختلف انتظامی تجربات کو نافذ کیا۔

NOT FOR RE-PUBLISHED @KTBS

نظم ونسق اور عدالتی انتظام:

عوامی یا شہری خدمات: لارڈ کارنوالس نے شہری خدمات کے انتظام کو جاری کیا۔ برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی سے تجارتی دلین دین کرنے کی غرض سے کمپنی کے لئے ملازم کا تقرر کرنے کا پہلے ہی سے انتظام تھا۔ کمپنی کے نوکروں کو نجی طور پر تجارت کرنے کی پوری اجازت دی گئی تھی۔ اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کمپنی کے ملازم کئی غیر قانونی طریقوں سے رقم کو حاصل کرتے ہوئے رشوت خور بن گئے تھے۔ اس کو روکنے کے لئے انگریزی سرکار نے ہندوستان میں 1773 کا ریگولٹینگ ایکٹ جاری کیا۔ ایکٹ کے نام کے مطابق اس کا مقصد بھی قابو کرنا ہی تھا۔

1801 میں شہری یا عوامی خدمات میں شامل ہونے والوں کے لئے کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج کا قیام کیا گیا۔ لیکن برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائرکٹر نے اس کی اجازت نہیں دی۔ جس کے نتیجے میں 1853 تک بھی عوامی خدمات کا تقرر برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائرکٹر نے ہی کیا۔ 1853 کے بعد عوامی خدمات کرنے وا لے تمام تقررات کو ایک مسابقتی امتحان کے ذریعے کروانے کا فیصلہ کیا گیا۔ جس سے ہندوستانیوں کو اس کا فا ئدہ نہیں ہوا۔ اس کے ساتھ ساتھ انگریز ہندوستانیوں کی اہلیت کو بدگمانی سے دیکھنے لگے۔ کارنوالس نے یہ اعلان کیا ''کہ ہندوستان کا ہر بنیادی شہری رشوت خور ہے۔'' اس لئے نیچے درجے کے عوامی کام اور پیشے ہندوستانیوں کو دینے کا اعلان کیا۔

عدالتی نظام: مغلیہ سلطنت کا اقتدار جب انگریزوں کو حاصل ہونے لگا تو یہی ایک جدید عدلیہ نظام کے عروج کا نتیجہ تھا۔ 1764 میں ہوئی بکسر کی جنگ کے بعد مغل شہنشاہ شاہ عالم نے حق دیوانی (لگان کی اصولی کا حق) انگریزوں کے سپرد کر دیا تھا۔ تب بنگال کے علاقے میں دوعملی حکومت کا رواج شروع ہوا۔ اس کے مطابق لگان کی وصولی، عوامی اور جرائمی انتظام ہندوستانی افسران کے حوالے کئے گئے، لیکن وصول ہونے والا لگان انگریزی حاکم اپنے ہی پاس رکھنے لگے۔ ان تمام کے مدنظر انگریز مرکزی عدلیہ انتظام کو جاری کرنے کا فیصلہ لینے لگے۔ اس نظام کے نفاذ کے ساتھ ہی انگریزں نے مغلوں کے اقتدار کو ختم کر دیا اور ہندوسان میں اپنی بالادستی قائم کر لی۔ یہ تمام تبدیلیاں ہندوستان میں عدالتی نظام کو قائم کرنے بعد رونما ہوئیں۔

1772 میں وارن ہیسٹینگس نے جب گورنر جنرل کا عہدہ سنبھالا تو اس نے ہندوستان میں ایک جدید

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

منصوبہ بنایا، جس کے تحت ہر ضلع میں دو طرح کی عدالتوں کا ہونا لازمی تھا۔ وہ 'دیوانی عدالت (جو عوامی عدالتیں تھیں) اور نظامت عدالت (جو جرائمی عدالتیں تھیں۔) یہاں پر عوامی عدالتوں میں ہندوؤں کو ہندو مقدس گرنتھوں اور مسلمانوں کو شریعت کے قوانین پر انصاف دی جاتی تھی۔ انگریزوں کی جاری کردہ عدالتی نظام نے جرائمی عدالتوں میں بتدریج تبدیلی لائی گئی۔ عوامی عدالتیں یوروپی ضلعی افسر کے زیر نگرانی ہوا کرتی تھیں۔ جب کہ جرائمی عدالتوں کی کاروائی یوروپ کے نگران کار کی موجودگی میں ''قاضی'' کے ذریعے ہوتی تھی۔

پولیس یا کوتوالی انتظام: داخلی امن کے انتظام کو نگرانی کرنے والا گروہ پولیس یا کوتوال ہوتا تھا۔ سب سے پہلے منظم پولیس کا محکمہ قائم کرنے والا لارڈ کارنوالس تھا۔ اس نے ''سپرنٹنڈنٹ آف پولیس'' (SP) نام کا ایک جدید عہدہ کی بھی تخلیق کی تھی۔ ضلع کے تمام اسٹیشن کو تقسیم کر کے ہر اسٹیشن کو ایک کوتوال، ہر قریہ یا دیہات کو ایک چوکیدار کی زیر نگرانی دیا گیا۔ 'کوتوال' کو دیہاتی سطح پر چوری ڈکیتی، جرم، اور دیگر کو قابو میں رکھنے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔

1770 میں ایک خوفناک قحط پڑ گیا جس سے سارے آئینی انتظام میں افراتفری مچ گئی۔ جس کے نتیجے میں سارا پولیس انتظام انگریزوں کے ماتحت چلا گیا۔ 1781 میں انگریز مجیسٹریٹ کے تقرر کا نظام جاری ہوا۔ تو تمام پولس افسر مجیسٹریٹ کے اختیار میں آئے۔ پولیس انتظامیہ میں مسلسل تبدیلی ہونے لگی۔ 1861 میں ''پولیس قانون'' جاری کیا گیا۔ اور یہی قانون پولیس اور صحیح انتظامیہ کا بنیاد تھا۔ لیکن افسروں کے عہدوں پر ہندوستانیوں کو تقرری نہیں کی گئی۔ 1902 میں پولیس کمیشن قانون نے قابلیت واہلیت حاصل کرنے والے ہندوستانیوں کو افسر کے عہدوں کے تقرر کا موقع دیا گیا۔ اتنا ہونے کے باوجود بھی ہندستانیوں کے لئے انصاف مل نہ سکا۔

فوجی انتظام: انگریز انتظامیہ کے دور میں فوج ایک بنیادی ستون تھی۔ ہندوستانیوں کو فوج میں شامل کر کے انہی کی مدد سے انگریز سارے ہندوستان کو اپنے ماتحت کرنے میں کامیاب رہے۔ فوجی طاقت کا استعمال کرتے ہوئے ہندوستان کے اندر اپنے مخالف طاقتوں اور غیر ملکی طاقتوں سے اپنے آپ کو محفوظ کرنے میں انگریز کامیاب رہے۔ ہندوستانیوں کو فوج میں ملنے والا سب سے اعلی عہدہ صوبیدار کا عہدہ تھا۔ کئی ہندوستانی مزدور فوجی تھے۔ 1857 کی بغاوت کے بعد پیل کمیشن کی نگرانی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی اور انگریزی سرکار کو اس کے سفارشات کئے گئے۔ ان سفارشات کے موافق فوجی انتظام کا دوبارہ لائحہ عمل تیار کیا گیا۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

زمین کے لگان کی پالیسیاں:

انگریزوں نے بنگال کو اپنا مرکز بنالیا تھا۔ برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی انگریزی سرکار کو سالانہ چار لاکھ پونڈ ادا کرنے پڑتے تھے۔ چنانچہ کمپنی کی معاشی حالت کو سدھارنا تھا۔ اس لئے نئے لگان کا نظام جاری کیا گیا۔

مستقل زمینداری نظام: 1793 میں لارڈ کارنوالس نے سالانہ مقرر کردہ لگان کو وصول کرنے کے لئے بنگال میں جو جدید لگان کا طریقہ قائم کیا اسی کو مستقل زمینداری نظام کہا جاتا ہے۔ اس نظام میں زمیندار ہی زمین کا مالک ہوتا تھا۔ اس جدید نظام کے تحت زمیندار کو ہر سال اس پر لگائی لگان کو مقرر کردہ تاریخ سے قبل برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کو ادا کرنا پڑتا تب زمین دار کو اس جدید زمنید اری نظام سے مزید فائدہ حاصل ہونے لگا۔ کیونکہ سرکار کو ادا کی جانے والی رقم سے زیادہ وصول کی جانے والی رقم اسی کی ہوتی تھی اور وہی اس کا حقدار بن جاتا تھا۔ قحط یا سوکھے اور کثیر بارش ہونے والے دنوں میں لگان کی وصولی ممکن نہ ہوتی تو وہ برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے لگان کو مقرر کردہ رقم ادا کرنے سے قاصر رہ جاتا تب زمین کی ملکیت اس سے چھین لی جاتی تھی۔ اس نظام سے برطانوی سرکار اور زمیندار دونوں کو فائدہ پہنچتا جب کہ کسان کو اس کا نقصان بھگتنا پڑتا تھا۔ برطانوی سرکار اپنے کارآمد اور فائدہ پہنچانے والے زمیندار کو چنتے تھے۔ اس نظام نے ایک نیا سماجی گروہ بنایا جس نے انگریزوں کی مدد کی۔ زمینوں میں کام کے موقعے نہ ملنے کی وجہ سے کسانوں، کاشتکار مزدوروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کا استحصال کیا گیا اور انہیں عدم تحفظ کی زندگی گزارنی پڑی۔ اس نظام کو بعد میں بہار، اوڑیسہ، آندھرا اور وارنسی کے علاقوں تک بڑھا دیا گیا۔

محل واری نظام: برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی حکومت میں محلوں کی سطح پر زمینی ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے معاہدہ کیا جو اتر پردیش، مدھیہ پردیش، پنجاب اور دہلی کے صوبوں میں اجتماعی طریقے سے مشورہ کر کے خود سرکار کو ٹیکس ادا کرنے کا طریقہ لاگو کیا گیا۔ 'محل' کا مطلب تعلقہ ہے۔ آر. ایم. برڈ اور جیمز تھامسن نے اس نظام کو نافذ کیا۔ گاؤں سے گاؤں اور ریاست سے ریاست کی سطح پر اس طریقے میں کئی اختلاف تھے۔ چھوٹے اور بڑے پیمانے کے زمیندار اس نظام میں شامل تھے۔ برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے افسروں سے زمین پر ہونے والی پیداوار سے بھی زیادہ رقم کو سالانہ ادائیگی مقرر کرنے کی وجہ سے زمینداروں کا وجود ختم ہونے لگا۔ انہیں پر منحصر زندگی کرنے والے چھوٹے چھوٹے کسان اور مزدوروں کی حالت اور ابتر ہوگئی۔

© KSEBSE NOT TO BE REPUBLISHED

رعیت واری نظام: رعیت نظام کو 1792 میں الیگزانڈر ریڈ نے تجربے کے طور پر سب سے پہلے بارہ محل صوبے میں جاری کیا۔ اسی نظام کو تھامس منرو نے مدراس اور میسور صوبوں میں بھی 1801 میں جاری کیا۔ اس دوران صوبے کے بہت سارے علاقے برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے انتظام کے زیرِ نگرانی تھے۔ اس نظام کے ذریعے کسان اور سرکار کے درمیان راست تعلق قائم کیا گیا۔ زمین پر ہل چلانے اور اگانے والے ہی کو اس زمین کا مالک قرار دیا گیا۔ زراعتی زمین میں اگائی جانے والی پیداوار کا 50 فی صد حصہ لگان کی شکل میں اسے خود ادا کرنا پڑتا تھا۔ اور لگان کی مدت 30 سال کے لئے مختص کی گئی تھی۔ اس کے بعد اسے دوبارہ تصدیق کر کے لگان مقرر کرنا تھا۔

چھوٹے چھوٹے کسانوں کو زمین کا حق دینے کے باوجود بھی لگان کی رقم سالانہ رقم سے زیادہ مقرر ہونے کی وجہ سے کسان تکلیف میں تھے۔ لگان کی وصولی کرنے والے افسر، ان پر سختی اختیار کرتے تھے۔ اس طرح اگر فصل کم ہونے لگی تو کسان مہاجنوں سے قرضہ لے کر لگان ادا کرتے تھے جس کی وہ رقم کو دوبارہ ادا نہ کرتے اور اپنی چھوٹی سی زمین کو فروخت کر کے ان کے قرضے کو ادا کرنے کی نوبت آجاتی تھی۔ انگریز سمجھتے تھے کہ کسانوں کی بھلائی کے لئے رعیت واری نظام کو جاری کیا گیا ہے لیکن زیادہ سے زیادہ کسان اس نظام میں قرضے میں ملوث ہو کر تباہ ہوتے گئے۔ چارلس میٹکالف کے مطابق ''ہندوستانی کسان انگریزوں کے زمین کے لگان کی پالیسیوں سے قرض میں ہی پیدا ہوتا ہے، قرض میں ہی جیتا ہے اور قرض میں ہی مرجاتا ہے۔''

انگریزی لگان کے نظام کے اثرات:

1. کسانوں کے استحصال کے لئے ایک نئے سماج کی تشکیل زمینداروں کے نام سے ہوئی۔
2. زمینداروں سے جن کسانوں کا استحصال ہوتا وہ دھیرے دھیرے بے زمین ہو گئے۔
3. زمین ایک فروخت کی شئے بن گئی اور اس کو ضامن رکھ کر قرض لیا جاتا تھا۔
4. کئی زمینداروں نے بھی اپنی زمین کو گروی کر کے لگان کو ادا کیا۔
5. زراعتی شعبہ بھی تجارتی بن گیا۔ انگلینڈ کے صنعتی انقلاب سے وہاں کی صنعتوں کو درکار خام اشیاء ہی کو پیدا کرنا پڑتا تھا۔
6. قرض دینے والے پیسوں کے بیوپاری اور مضبوط ہونے لگے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جدید تعلیم کا آغاز:۔

ہندوستان کی روایتی تعلیم ہی مسلسل چل رہی تھی۔ مسلمان سیاسی زوال کے بعد تعلیم کے طریقے (رسمی وروایتی طریقے سے) دوسرے طریقے میں تبدیل ہونے لگے۔ اس طرح کی تبدیلی 18 ویں صدی کے انگریزی انتظام میں سب سے پہلے ہوئی۔ ہندوستان میں مقیم یوروپی اور اینگلو انڈین معاشرہ کے بچوں کے لئے جدید مدرسے شروع کئے گئے۔ لیکن اس تعلیمی نظام سے مقامی بچوں کو کچھ بھی فائدہ نہ ملتا تھا۔ جدید تعلیم کو عام کرنے کے لئے 1781 میں گورنر جنرل وارن ہیسٹینگز نے کلکتہ میں مدرسہ کھولا۔ جوناتھن ڈنکن نامی ایک اور انگریزی افسر نے 1792 میں بنارس میں ایک سنسکرت کالج کو قائم کیا۔ لیکن انگریزی تعلیم سے متعلق سب سے پہلے دباؤ ڈالنے والا شخص چارلیس گرانٹ تھا۔

انسویں صدی کے آغاز کے بعد انگریزی نظام تعلیم نے زور پکڑا 1828 میں جب ولیم بینٹنگ ہندوستان کا گورنر بن کر آیا تب سے انگریزی تعلیم کی توسیع کے لئے تھوڑا اور فروغ ملا۔ گورنر جنرل ولیم بینٹنگ نے لارڈ میکالے کو ایک قانونی رکن نامزد کیا۔ عوامی تعلیمی نظام سے متعلقہ کمیٹی کے صدر کے طور پر بھی اسے منتخب کیا گیا۔ 1935 میں لارڈ میکالے کی طرف سے پیش کردہ تعلیم پر رپورٹ ہندوستان میں جدید تعلیم کی بنیاد بن گئی۔ اس کی پالیسی کا مقصد ''ہندوستان کے ایک نئے طبقے کی تخلیق ہے جو جسم کے لحاظ سے ہندوستانی ہیں لیکن ذہانت، رائے اور ذوق کے لحاظ سے برطانوی ہیں۔'' 1930 کے بعد ہندوستان کے تعلیمی نظام میں انگلش زبان کو بطور ذریعۂ تعلیم بنایا۔

اس کے بعد 1854 میں چارلیس ووڈ کے کمیشن کی شفارسات پر اس وقت کا گورنر جنرل لارڈ ڈالہوزی نے کلکتہ، بمبئی اور مدارس میں نئی یونیورسٹیاں بھی قائم کیں۔ اور تعلیم کو اور وسعت ملی۔

انگریزی تعلیم کے اثرات:۔

1. ہندوستانیوں میں جدیدیت، سیکولرازم، جمہوریت، کے ساتھ ساتھ قومیت کا جذبہ بھی فروغ دینا ممکن ثابت ہوا۔
2. مقامی زبانیں اور ادبی تخلیقات کو بھی فروغ ملا۔ اس سے عام آدمیوں میں یکساں غور وفکر کا مظاہرہ ہوا۔
3. رسالے منظر عام پر آنے لگے۔ انہوں نے حکومت کی پالیسیوں اور کام کاج کا جائزہ لیا جس کے نتیجے میں انگریزی سرکار کی غلط پالیسوں کا تجزیہ کرتے ہوئے ہندوستانیوں میں انگریزی نظم ونسق

NOT TO BE REPUBLISHED

کے متعلق اپنے تنقیدی غور فکر کرنے کے جذبے کو بھی ابھارا۔

4. جدید سماجی اور مذہبی اصلاحی تحریکیں جنم لیں۔
5. جے یس مل، روسو، مانٹیگو وغیرہ جیسے مفکرین کے خیالات نے ہندوستانی تعلیم یافتہ لوگوں کے غور وفکر اور حالات میں ایک جدت پسندی کی ترغیب دلائی۔
6. دنیا بھر میں ہونے والی آزادی کی جدوجہدیں اور انقلابی تحریکات کا اثر ہندوستانیوں پر بھی ہونے لگا۔
7. ہندوستانیوں کو اپنے تہذیب وتمدن سے واقفیت ملی۔

اس طرح ہندوستان میں جاری کیا گیا تعلیمی نظام کا قدم اک مثبت غور وفکر کے ساتھ ساتھ جدید اور عقلمند ذہنوں کو پیدا کرنے لگا۔

آئینی ترقیات (دستوری ارتقاء)

ہندوستان میں انگریزوں کی ترقی کے ساتھ ساتھ مسائل بھی بڑھنے لگے۔ مسائل کے حل کے نظم ونسق میں سدھار بھی ضروری تھا۔ اور یہ سدھار ہندوستانیوں کے موافق بھی ہونا چاہئے تھا۔ تب انگریزوں نے دن بہ دن مختلف قاعدے اور قوانین کو روبہ عمل لانے کی کوشش کرنے لگے۔ اس طرح کے قوانین اور قاعدے ہندوستان کے دستوری ارتقاء کی طرف ایک پیشی قدمی تھی۔ وہ قوانین یہ ہیں۔

ایسٹ انڈیا کمپنی کے دَور میں نافذ قوانین (1858-1773)

1773 کا ریگولیٹنگ ایکٹ:

1765 میں عمل میں آئی دیوانی حق کے بعد کمپنی کے افسران اپنے لالچ میں ملوث ہوکر اپنے اقتدار کو خود کے لئے استعمال کرنے لگے اور دولت کمانے کے خواہش مند ہوگئے۔ رشوت خوری عام ہوگئی۔ انگلینڈ کے آئینی اجلاس کا رکن ایڈمنڈ برک نے کھلے طور پر اعلان بھی کیا برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی سے سالانہ وصول کیا جانے والا ٹیکس ایک قسم کا ''جرمانہ ٹیکس'' ہے۔ اس کے کہنے کی وجہ یہ تھی کمپنی کے افسروں سے ہندوستان میں چلے آرہے غیر اخلاقی لین دین کو معلوم کرتے ہوئے بھی حکومت خاموش تھی۔ کمیٹی کے بہت سے افسران بہت زیادہ امیر بن چکے تھے اور بہت سے لوگوں کو ڈر تھا کہ یہ لوگ انگلینڈ کی سیاست کا تختہ پلٹ سکتے ہیں۔ اسی پس منظر میں 1773 میں ریگولٹینگ ایکٹ جاری کیا گیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ایکٹ کی اہم خصوصیات:

1. اس ایکٹ کے جاری ہونے سے قبل انگریزوں کے ماتحت صوبوں کو تین ریسیڈنسیوں میں بانٹا گیا تھا۔ وہ بنگال، بمبئی اور مدراس پر سیڈنسیاں تھیں۔ وہ آزاد اور خصوصی طریقے سے بھی کام کرتے تھے۔ اس ایکٹ کے تحت بنگال پر سیڈنسی کو دیگر پر سیڈنیسوں پر فوقیت حاصل ہوئی۔
2. بنگال کا گورنر تینوں پر سیڈنیوں کا گورنر جنرل بنا۔
3. گورنر جنرل کو ممبئی پر سیڈسی اور مدراس پر سیڈنسی کو ہدایت دینے اور نگرانی کرنے کا مکمل اقتدار دیا گیا تھا۔
4. بنگال کے گورنر جنرل یا انگلینڈ سرکار کے بورڈ آف ڈائرکٹرس کی قبل از اجازت کے بغیر بمبئی اور مدراس پر سیڈنسی کو کسی پر بھی جنگ کرنے یا امن معاہدہ کرنے کا اختیار نہیں تھا۔ صرف شدید ہنگامی حالات کے دوران اس طرح کی شرط نہیں لاگو ہوتی تھی۔
5. اس ایکٹ کے مطابق کلکتہ میں سپریم کورٹ کا قیام عمل میں آیا۔ اس مرکزی عدالت میں ایک چیف جسٹس اور تین عام جج اپنے فرائض انجام دیتے تھے۔

اس طرح جیسا کہ ریگولٹینگ ایکٹ کے نام سے پتہ چلتا ہے، اس ایکٹ کا مقصد ہندوستان میں برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے معاملات اور اس کی انتظامیہ کو برطانوی حکومت کے کنٹرول میں رکھتا تھا۔

1784 کا پٹس انڈیا ایکٹ:

1773 کے ریگولٹینگ ایکٹ میں چند غیر ضروری نکات کو دور کر کے انگریزی سرکار کے اقتدار اور برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے اقتدار کی حد بندیوں کو مفید بنانا ہی اس ایکٹ کا اہم مقاصد تھے۔ انگلینڈ سرکار نے اس ایکٹ کے تحت نئے شرائط کو لاگو کرتے ہوئے برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے اختیارات کو محدود کر دیا۔

ایک اور اہم نکتہ تھا۔ ''بورڈ آف کنٹرول'' جس میں 6 کمشنر موجود تھے اس کا وجود ہوا۔ یہاں پر غور کرنے والی بات یہ ہے کہ پہلے جو 'بورڈ آف ڈائرکٹرس' تھے ان کی جگہ بورڈ آف کنٹرول قائم کیا گیا تھا۔

یہ بورڈ عوامی، فوجی اور لگان سے متعلقہ موضوعات کو ہدایات دینے اور ان کو کنٹرول کرنے اور ان کی نگرانی کرنے کے اختیارات رکھتا تھا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس ایکٹ نے اعلان کیا کہ ''ہندوستانی اپنے اعلیٰ اقتدار کو انگریزی سلطنت کے نام سے حاصل کئے ہیں اور وہ ان کا اپنا حق نہیں'' یہ بات اس ایکٹ میں بیان کرتے ہوئے ہندوستانیوں کے حقوق کو نیچا دکھایا۔ اس قاعدے نے بھارت میں موجود کمپنی کے برطانوی علاقے کے لئے انگریزی سرکار کو آخری مقتدر اعلیٰ کہتے ہوئے بیان دیا۔

چارٹر ایکٹس

1793، 1813 چارٹر ایکٹ 1853 میں جاری کئے گئے چارٹر ایکٹ کا اہم مقصد ہندوستان کی برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کی منظور کردہ قرارداد کی توسیع کرنا تھا۔ ہر 20 سال میں ایک مرتبہ برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے منظور نامہ کو از سر نو تشکیل کرتے وقت انگلینڈ سرکار کی طرف سے اپنائے ہوئے قاعدے اور اصول ہی اس ایکٹ میں شامل کئے گئے ہیں۔ ان چاروں ایکٹ میں 1813 اور 1833 کے ایکٹ تاریخی وجوہات کی بناء پر اہم ہیں۔

1813 کا چارٹر ایکٹ:

1: اس ایکٹ سے برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کو ہندوستان میں اگلے 20 سالوں کے لئے اقتدار ملا۔ اس ایکٹ سے پہلے، ہندوستان میں تجارت کا حق برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے ساتھ ساتھ تجارت کے لئے خواہش مند لوگوں کو بھی دینے کا تھا۔ اس لئے تمام خواہشمند لوگوں کو بھی تجارت کے حقوق دئے گئے۔ اس کے نتیجے میں تجارت کا نیا دَور شروع کیا گیا۔

2: اجازت اور منظوری نامہ کے لئے جدید دور شروع ہوا۔

3: اس کے بعد سے گورنر جنرل اور کمانڈر ان چیف کو بورڈ آف کنٹرول ہی تقرر کرتا تھا۔

4: ہندوستان میں چرچ میں داخل ہونے کا حکم بھی دیا گیا۔ ہندوستانیوں میں جدید معلومات کو جاننے اس کو پھیلانے اور ان کے اخلاقی اور مذہبی زندگیوں کی ذمہ داری مشنری اداروں کو سونپنے کی ہدایت بھی دی گئی۔ جس سے زیادہ مقدار میں عیسائی تبلیغی مشنری ہندوستان کو آئے۔ عیسائی مذہب کی تبلیغ اور انگریزی تعلیم کی توسیع زیادہ ہونے لگی۔

اِن پیش رفتوں کے سبب 1813 کا چارٹر ایکٹ ایک تاریخی عمل بنا۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس ایکٹ نے اعلان کیا کہ ''ہندوستانی اپنے اعلیٰ اقتدار کو انگریزی سلطنت کے نام سے حاصل کئے ہیں اور وہ ان کا اپنا حق نہیں'' یہ بات اس ایکٹ میں بیان کرتے ہوئے ہندوستانیوں کے حقوق کو نیچا دکھایا۔ اس قاعدے نے بھارت میں موجود کمپنی کے برطانوی علاقے کے لئے انگریزی سرکار کو آخری مقتدر اعلیٰ کہتے ہوئے بیان دیا۔

چارٹر ایکٹس

1793، 1813 چارٹر ایکٹ 1853 میں جاری کئے گئے چارٹر ایکٹ کا اہم مقصد ہندوستان کی برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کی منظور کردہ قرارداد کی توسیع کرنا تھا۔ ہر 20 سال میں ایک مرتبہ برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے منظور نامہ کو از سر نو تشکیل کرتے وقت انگلینڈ سرکار کی طرف سے اپنائے ہوئے قاعدے اور اصول ہی اس ایکٹ میں شامل کئے گئے ہیں۔ ان چاروں ایکٹ میں 1813 اور 1833 کے ایکٹ تاریخی وجوہات کی بناء پر اہم ہیں۔

1813 کا چارٹر ایکٹ:

1: اس ایکٹ سے برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کو ہندوستان میں اگلے 20 سالوں کے لئے اقتدار ملا۔ اس ایکٹ سے پہلے، ہندوستان میں تجارت کا حق برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے ساتھ ساتھ تجارت کے لئے خواہش مند لوگوں کو بھی دینے کا تھا۔ اس لئے تمام خواہشمند لوگوں کو بھی تجارت کے حقوق دئے گئے۔ اس کے نتیجے میں تجارت کا نیا دَور شروع کیا گیا۔

2: اجازت اور منظوری نامہ کے لئے جدید دور شروع ہوا۔

3: اس کے بعد سے گورنر جنرل اور کمانڈر ان چیف کو بورڈ آف کنٹرول ہی تقرر کرتا تھا۔

4: ہندوستان میں چرچ میں داخل ہونے کا حکم بھی دیا گیا۔ ہندوستانیوں میں جدید معلومات کو جاننے اس کو پھیلانے اور ان کے اخلاقی اور مذہبی زندگیوں کی ذمہ داری مشنری اداروں کو سونپنے کی ہدایت بھی دی گئی۔ جس سے زیادہ مقدار میں عیسائی تبلیغی مشنری ہندوستان کو آئے۔ عیسائی مذہب کی تبلیغ اور انگریزی تعلیم کی توسیع زیادہ ہونے لگی۔

اِن پیش رفتوں کے سبب 1813 کا چارٹر ایکٹ ایک تاریخی عمل بنا۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1. برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کی منظوری کو رد کیا گیا اور ہندوستانی اقتدار کو ملکہ کے انتظام کو منتقل کیا گیا۔
2. گورنر جنرل کے نام کو مٹا کر وائسرائے کا نیا عہدہ بنایا گیا اور سب سے پہلے لارڈ کیاننگ کا وائسرائے کے طور پر تقرر ہوا۔
3. انگریزی سرکار نے سکریٹری آف سٹیٹ فار انڈیا کا عہدہ تخلیق کیا اور انگریزی وزراء کے اراکین کو ہندوستان کے انتظامی اُمور کی ذمہ داری دی گئی۔
4. ان کی مدد کے لئے 15 اراکین پر مشتمل ہندوستانیوں کی کونسل (کونسل فار انڈیا) کی بھی تشکیل ہوئی۔

1861 کا ہندوستانی پریشد ایکٹ:

1857 کے سانحہ کے بعد جاری کئے گئے ایکٹ میں سے یہ ایکٹ اہم ہے اس ایکٹ کے ذریعہ ہندوستانیوں کو آئینی تشکیلی عمل میں شرکت کا موقع ملا۔ ہندوستانیوں کا انگریزوں کے متعلق رائے و مشوروں کو سمجھنے کا موقع بھی دیا گیا۔ اسے انگریزی میں Policy of Assertion کہا گیا۔ اس ایکٹ کے اہم خصوصیات یہ ہیں۔

1) وائسرائے کونسل کے لئے ہندوستانیوں کو بغیر اقتدار کے اراکین کی طرح نامزد کیا گیا۔
2) ایمرجنسی کے اوقات میں گورنر جنرل کو تلافی دینے کا اقتدار بھی دیا گیا تھا۔

1892 کا ہندوستانی پرشید ایکٹ:

اس ایکٹ کو 1861 کا اگلا حصّہ بھی کہا جاتا ہے۔ 1892 میں ایکٹ کے ذریعہ ہندوستانیوں کو آئینی سرگرمیوں میں حصہ داری کو اور وسعت دی گئی۔ انگریزی انتظام کے متعلق کانگریسی تنظیم کے تنقیدی مزاج ہندوستانیوں کو آئینی سرگرمیوں کی حصّہ داری کو بڑھاوا دیا۔

اس ایکٹ کے اہم نکات:

1) مرکزی اور ریاستی مجلسِ قانون ساز میں اراکین کی تعداد کو بڑھایا گیا۔
2) مجلس قانون ساز کا اقتدار بڑھا کر اس کو بجٹ کے متعلق بحث و مباحثہ کرنے کا حق بھی دیا گیا۔
3) عوامی دلچسپیوں کے متعلق عنوانات کو چھ دن قبل اطلاع دے کر سرکار سے سوال کرنے کا حق بھی دیا گیا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1909 کا ہندوستانی پریشد ایکٹ:

اس ایکٹ کو منٹو مارلے اصلاحی ایکٹ بھی کہا جاتا ہے ۔ کیونکہ اس وقت لارڈ منٹو ہندوستان کا وائسرائے تھا اور لارڈ مارلے ہندوستان کا سکریٹری آف اسٹیٹ کے عہدے پر فائز تھا۔ انگریزوں نے تقسیم کرو اور حکومت کرو کے نظریے سے حکومت کرنے کے لئے یہ ایکٹ جاری کیا۔

اس ایکٹ کے اہم دفعات:

1) مرکزی مجلس قانون ساز کے اراکین کی تعداد 16 سے بڑھا کر 60 کی گئی۔
2) ریاستوں میں بھی مجلسِ قانون ساز کے اراکین کی تعداد بڑھائی گئیں۔
3) سب سے پہلے انتخابات کے ذریعہ مجلس قانون ساز کے اراکین کو منتخب کرنے کا موقع دیا گیا۔
4) مسلمانوں کو مخصوص سیاسی مقام دینے کے لئے ''خصوصی انتخابی حلقہ'' کا انتظام جاری کیا گیا۔

1919 کا ہندوستان کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ:

چونکہ ہندوستانیوں نے پہلی جنگِ عظیم میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا تھا۔ لارڈ مانٹیگو جو ہندوستان کے سکریٹری آف اسٹیٹ تھے، انتظامیہ کے معاملے میں وہ ہندوستانیوں کو وہ زیادہ نمائندگی فراہم کرنے کے حق میں تھے وہ آہستہ آہستہ حکومت کی تشکیل میں لوگوں کی شرکت کی اجازت دینے کے حق میں تھے۔ جیمس فورڈ جو وائسرائے تھے اس نے 1917-8-20 کو برطانوی پارلیمنٹ میں مختلف اصلاحی اقدامات کا اعلان کیا جس کی رپورٹ کو قبول کرتے ہوئے 1919 کا انڈین کونسل ایکٹ مرتب کیا گیا۔ اس ایکٹ کو 'منٹیگو چیمس فورڈ ریفارم ایکٹ' جاری کیا گیا۔

اس ایکٹ کے اہم نکات یہ تھے:

1) مرکز میں دو ایوانی مقننہ کی تشکیل ہوئی وہ مجلس قانون ساز (ایوانِ زیریں) اور ریاستی مجلس (ایوانِ بالا تھے۔
2) ریاستوں میں دو عملی حکومت کا موقع دیا گیا۔
3) ہندوستان کے لئے ایک کمیشنر کا تقرر بھی ہوا۔
4) خود مختار انتظامی امور پر مبنی مقامی اداروں کی ترقی کا یقین دیا گیا۔
5) مرکزی بجٹ اور ریاستی بجٹ کو الگ الگ کیا گیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

6) مخصوص انتخابی حلقہ کو مسلمانوں، سکھ، اینگلو انڈین اور یوروپی لوگوں کی سطح تک وسیع کیا گیا۔

1935 کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ:

ہندوستان کے دستور کی تشکیل میں یہ بنیادی ایکٹ تھا۔ اس ایکٹ کی تشکیل کے لئے موتی لال نہرو کی صدارت میں 1928 کی رپورٹ اہم تھی۔ دستور ہند کے بہت سارے پہلو اس ایکٹ کی بیناد پر تشکیل ہوئے۔ اس ایکٹ نے ہندستان کو ایک ذمہ دار حکومت کی تشکیل کے لے موقع فراہم کیا۔ یہ صرف انگریزی ہندوستانی ریاستوں کے لئے ہی نہیں بلکہ دیسی حکرانوں کو بھی عملی طور پر استعمال ہونے والے پہلوؤں والا ایکٹ تھا۔

اس ایکٹ کے اہم نکات یہ ہیں:

1) انگریزی حکمرانی ریاستوں کے دیسی حکمرانوں اور نگراں کار حکمرانوں کی اتحادی نظام کی تشکیل کے لئے موقع دیا گیا۔
2) مرکز میں دوہری (Dyarchy) حکومت کا قیام ہوا۔
3) ہندوستانی ریز روبینک آف انڈیا کے قیام کا موقع بھی دیا گیا۔
4) ریاستوں میں دو عملی حکومتوں کو رد کیا گیا اور ریاستوں کو انفرادی مقام دیا گیا۔
5) ہندوستان میں وقافی کورٹ کے قیام کا موقع بھی دیا گیا۔

کسی کو مختلف سیاسی پیش رفتوں کو سمجھنا چاہئے۔ جس کہ نتیجہ میں مختلف کارروائیوں کی تشکیل ہوئی۔ جس نے ہندوستانی آئین کی تشکیل میں مدد کی۔ اگر چہ یہ کاروائیاں برطانوی مفادات کی تکمیل کرتی ہیں۔ ان میں خود حکمرانی کے لئے ہندوستانیوں کی اُمنگیں بھی شامل ہیں۔

مشقیں

I. دی گئی خالی جگہوں میں مناسب الفاظ سے خانہ پُری کیجئے۔

1) دیوانی عدالت نام کے شہری کورٹ _____ نے قائم کئے۔
2) سپریٹنڈنیٹ آف پولیس کا عہدہ تخلیق کرنے والا _____ تھا۔

© KSEEBS NOT TO BE REPUBLISHED

3) مستقل زمینداری نظام کو بنگال اور بہار میں ——————— میں جاری کیا گیا۔

4) الیگزائنڈر ریڈ نے ——————— نامی محصولی نظام کو جاری کیا۔

5) ——— کی طرف سے پیش کردہ تعلیم پر رپورٹ ہندوستان میں جدید تعلیم کی بنیاد بن گئی۔

6) ریگولٹینگ ایکٹ ——————— سن میں جاری ہوا۔

II. ان سوالات کے جوابات گروہی بحث کر کے لکھئے۔

7) برٹیش ایسٹ انڈیا کمپنی کے ذریعہ ملک میں انگریزوں کی تشکیل کردہ عدلی نظام کو واضح کیجئے۔

8) انگریزی دور میں پولیس انتظامیہ میں ہوئی اصلاحات کون کونسی ہیں؟

9) ''مستقل زمینداری نظام سے کسان قرض میں ہی پیدا ہوتا ہے، قرض میں ہی جیتا ہے اور قرض میں ہی مرجاتا ہے۔ کس طرح؟ جائزہ لیجئے۔

10) رعیت واری نظام کے اہم نکات کونسے ہیں؟

11) انگریزوں کے لگان کی پالیسوں سے کیا نتائج برآمد ہوئے؟

12) انگریزی تعلیمی نظام سے کیا اثرات ہوئے؟ اس کی فہرست بنائیے؟

13) ریگولیٹنگ ایکٹ کے اہم دفعات کون کونسے ہیں؟

14) 1858 کے گورنمنٹ انڈیا ایکٹ کے اہم نکات کون کونسے ہیں؟

15) ''1935 کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ہندوستان کے دستور کی بنیاد ہے'' جائزہ لیجئے۔

16) 1919 کے ایکٹ کے اہم نکات بتائیے۔

III. سرگرمی:

1) انگریزوں نے ہندوستان میں انتظامی اصلاحات نافذ کر کے اپنے لئے ایک سازگار ماحول بنالیا۔ اس عنوان پر ایک مباحثہ کا اہتمام کیجئے۔

2) اپنے استاد کی مدد سے اس سبق میں آئے ہوئے ایکٹ کو چھوڑ کر انگریزی سرکار کے دیگر ایکٹ کے متعلق معلومات اکٹھا کیجئے۔

☆☆☆

@DTESS NOT TO BE REPUBLISHED

H6C9P5

باب - 4

کرناٹک میں برطانوی راج کی مخالفت اور میسور کے وڈیر

اس باب میں آپ یہ نکات معلوم کریں گے۔

- میسور کے وڈیر
- حیدر علی اور ٹیپو سلطان - اینگلو میسور جنگیں
- دونڈیا واگھ
- کتّور میں بغاوت۔ رانی چنّمّا اور سنگولی راینا
- امرسولیا بغاوت
- سُرپورا بغاوت
- ہلگلی بیڑ ابغاوت

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

موجودہ کرناٹک انضمام سے پہلے مختلف ریاستوں میں بکھرا ہوا تھا۔ 18 ویں صدی کے اواخر میں سیاسی بالادستی قائم کرنے کے علاوہ انگریزوں نے اپنے مفادات کے تحفظ کے لئے زراعت اور تجارت میں لوگوں کا استحصال کرنے لگے۔ اس استحصال نے پورے کرناٹک میں عدم تحفظ کی فضا پیدا کردی۔ جس کے اثر سے مقامی حکمرانوں کو سیاسی عدم تحفظ محسوس کرنے لگے۔ جس کے سبب کرناٹک کے بیشتر علاقوں میں انگریزوں کے خلاف بغاوتیں شروع ہوگئیں۔ شروعاتی دور میں زمینداروں اور مقامی حکمران نے انگریزوں کے خلاف آپسی اتحاد کے بغیر انفرادی طور پر جنگیں کیں۔

میسور کے وڈیر: (1399-1947)

وجئے نگر سلطنت کے زوال پذیر ہونے کے بعد اس کی روایات اور کھوئی ہوئی شان وشوکت کو میسور کے وڈیروں نے برقرار رکھا۔ میسور کے قریب ہادینا ڈو نامی پالیا پٹی پر سری رنگا پٹنہ کے مانڈالیکا کے حامی چار مراجہ حکومت کرتا تھا۔ وہ بغیر کسی جانشین کے فوت ہوگیا۔ بعد ازاں کروگلی کے دلوائی مارانائیکا اس حکومت کی دیکھ بھال کی اور شہزادی کے ساتھ بیاہ رچانے کا مطالبہ کیا۔ مگر کوئی بھی اس پر راضی نہیں ہوا۔

اسی اثنا میں یدورایا اپنے بھائی کرشنارایا کے ساتھ گجرات کے دوارکا سے میسور آیا۔ رضا کارانہ طور پر اس نے مہارانی کی مدد کی اور مارانائیکا کو مار ڈالا۔ اس سے متاثر ہوکر مہارانی نے اپنی بیٹی کا بیاہ یدورایا سے

فیصلے میں یہ شرط بھی شامل تھی کہ ریاست پھر سے صرف وڈیر سوم (ممڈی) کے جانشین کو واپس لوٹائی جائے گی۔ نہ کے وڈر یر سوم (ممڈی) کو۔ اگلے ہی سال 1868 کو وڈیر سوم (ممڈی) کا انتقال ہو گیا۔ ان کے جانشین چامراجیند راوڈیر دہم جب جوان ہوئے تو تخت نشین ہوئے۔

1831-1881 کے درمیان سات کمشنروں نے ریاست کے انتظام کو سنبھالا۔ ان میں قابل ذکر مارک کبّن اور یل، بی، بورنگ تھے جنہوں نے بالترتیب 27 سال اور 8 سال حکومت کی - مارک کبّن کے انتظامی دور میں انگریزی تعلیم عدلیہ اور بہت سے دوسرے شعبوں کو جدید بنایا گیا۔ ان دو کمشنروں کی اصلاحات نے میسور ریاست پر دیرپا اثرات مرتب کئے۔ 1881 میں آخری کمیشنر جیمس گورڈن کے عہدے کے مدت کے دوران میسور کے انتظامیہ کو چامراجیند راوڈیر دہم کو سونپ دیا گیا۔

چامراجیند را وڈیر دہم (1881-1894):

انگریزی حکومت کے وعدے کے مطابق، میسور کا تخت 1881ء میں چارمراجندر اوڈیر دہم کے حوالے کر دیا گیا۔ کمشنروں کا راج ختم ہوا اور ایک انگریز ریسیڈنٹ کو مقرر کیا گیا۔ اس کے ساتھ رنگا چارلو میسور کے دیوان مقرر ہوئے۔ وہ ایک موثر منتظم اور وسیع النظر انسان تھے۔ انہوں نے میسور نمائندہ اسمبلی قائم کی۔ 1881ء میں کولار میں سونے کی کانیں، 1882ء کو بنگلور میسور ریلوے لائن بھی شروع کی۔

1883ء میں رنگا چارلو کی موت کے بعد شیشا دری ائیر دیوان مقرر ہوئے۔ چونکہ انہیں مختلف عہدوں پر کام کرنے کا وسیع تجربہ تھا۔ اس لئے وہ ریاست کے مسائل کو بخوبی سمجھتے تھے سب سے پہلے انہوں نے ریاست کی مالی حالت بہتر کی۔ کئی نئی ریلوے لائنوں کو بنوایا۔ مختلف انتظامی عہدوں کے لئے باصلاحیت نوجوانوں کو منتخب کرنے کے لئے، انہوں نے میسور سول سروسز کے امتحانات کا آغاز کیا۔ انہی کی کوششوں کی بدولت 1894 میں کمسن بچوں کی شادی پر پابندی کا قانون نافذ کیا گیا۔ شمشا ہایڈرو الیکٹرک پاور پراجکٹ کا آغاز ہوا۔

چامراجیند رادہم کے دور میں آب پاشی کو زیادہ اہمیت دی گئی۔ مہارانی گرلز ہائی اسکول کو قائم کر کے لڑکیوں کی تعلیم کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ ویویکانند اجب میسور آئے تو چامراجیند راوڈیر نے انہیں پناہ دی اور شکاگو میں عالمی مذہب کی پارلیمنٹ میں حصّہ لینے میں بھی ان کی مدد کی۔ چونکہ انہیں کنڑا اور سنسکرت زبان سے

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

فیصلے میں یہ شرط بھی شامل تھی کہ ریاست پھر سے صرف وڈیر سوم (ممڈی) کے جانشین کو واپس لوٹائی جائے گی۔ نہ کے وڈر یر سوم (ممڈی) کو۔ اگلے ہی سال 1868 کو وڈیر سوم (ممڈی) کا انتقال ہو گیا۔ ان کے جانشین چامراجیند راوڈیر دہم جب جوان ہوئے تو تخت نشین ہوئے۔

1831-1881 کے درمیان سات کمشنروں نے ریاست کے انتظام کو سنبھالا۔ ان میں قابل ذکر مارک کبّن اور یل، بی، بورنگ تھے جنہوں نے بالترتیب 27 سال اور 8 سال حکومت کی - مارک کبّن کے انتظامی دور میں انگریزی تعلیم عدلیہ اور بہت سے دوسرے شعبوں کو جدید بنایا گیا۔ ان دو کمشنروں کی اصلاحات نے میسور ریاست پر دیرپا اثرات مرتب کئے۔ 1881 میں آخری کمیشنر جیمس گورڈن کے عہدے کے مدت کے دوران میسور کے انتظامیہ کو چامراجیند راوڈیر دہم کو سونپ دیا گیا۔

چامراجیند را وڈیر دہم (1881-1894):

انگریزی حکومت کے وعدے کے مطابق، میسور کا تخت 1881ء میں چارمراجندر اوڈیر دہم کے حوالے کر دیا گیا۔ کمشنروں کا راج ختم ہوا اور ایک انگریز ریسیڈنٹ کو مقرر کیا گیا۔ اس کے ساتھ رنگا چارلو میسور کے دیوان مقرر ہوئے۔ وہ ایک موثر منتظم اور وسیع النظر انسان تھے۔ انہوں نے میسور نمائندہ اسمبلی قائم کی۔ 1881ء میں کولار میں سونے کی کانیں، 1882ء کو بنگلور میسور ریلوے لائن بھی شروع کی۔

1883ء میں رنگا چارلو کی موت کے بعد شیشا دری ائیر دیوان مقرر ہوئے۔ چونکہ انہیں مختلف عہدوں پر کام کرنے کا وسیع تجربہ تھا۔ اس لئے وہ ریاست کے مسائل کو بخوبی سمجھتے تھے سب سے پہلے انہوں نے ریاست کی مالی حالت بہتر کی۔ کئی نئی ریلوے لائنوں کو بنوایا۔ مختلف انتظامی عہدوں کے لئے باصلاحیت نوجوانوں کو منتخب کرنے کے لئے، انہوں نے میسور سول سروسز کے امتحانات کا آغاز کیا۔ انہی کی کوششوں کی بدولت 1894 میں کمسن بچوں کی شادی پر پابندی کا قانون نافذ کیا گیا۔ شمشا ہایڈرو الیکٹرک پاور پراجکٹ کا آغاز ہوا۔

چامراجیند رادہم کے دور میں آب پاشی کو زیادہ اہمیت دی گئی۔ مہارانی گرلز ہائی اسکول کو قائم کر کے لڑکیوں کی تعلیم کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ ویویکانند اجب میسور آئے تو چامراجیند راوڈیر نے انہیں پناہ دی اور شکاگو میں عالمی مذہب کی پارلیمنٹ میں حصّہ لینے میں بھی ان کی مدد کی۔ چونکہ انہیں کنڑا اور سنسکرت زبان سے

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

محبت تھی، اس لئے انہوں نے بہت سے اسکالرس کی سرپرستی کی۔ بسپّا شاستری ان میں اہم تھے، جنہوں نے بہت سی کتابیں لکھیں۔ اور انہیں ''ابھینا واکالی داسا'' کے نام سے جانا جاتا تھا اور انہوں نے میسور کا ریاستی ترانہ'' کایوشری گوری'' تحریر کیا تھا۔

کرشنا راجا ڈیر چہارم (1894-1940):



ملکہ ریجنٹ وانی ولاسا سنّی دانا کیمپونجا منّی نے ریاستی انتظامیہ کی دیکھ بھال کی۔ دیوانوں اور مشاورتی کونسل نے ان کی مدد کی جو ترقیاتی کاموں کی رہنمائی کرتی تھی۔ سونے کی کانوں میں اصلاحات، کالجوں کا قیام، ماری کنوی آب ذخائر کی تعمیر، ریلویز، ہسپتال اور کاویری کے پار شیوانا سمدرا میں ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹ کا آغاز کیا گیا۔ کولار سونے کی کانوں اور بنگلور شہر کو بجلی فراہم کی گئی۔ بنگلور ہندوستان کا پہلا شہر تھا جہاں سب سے پہلے بجلی فراہم کی گئی۔

کرشنا راجا ڈیر چہارم

کرشنا راجا وڈیر نے 1902ء میں اقتدار سنبھالا۔ وہ خوش قسمت تھے جو پی، ین کرشنا مورتی، وی، پی مادھوا راؤ، سر یم ویشویشوریا، سر البیون بنرجی، سر مرزا اسماعیل وغیرہ جیسے نامور دیوانوں کی خدمات حاصل کیں۔ یہ کرشنا راجا وڈیر چارم کی ترقی پسندانہ دور اندیشی اور ان تمام دیوانوں کی موثر انتظامیہ کا نتیجہ تھا کہ جس نے ریاستِ میسور کو ملک کی سرکردہ دیسی ریاستوں میں سے ایک بنا دیا۔

کرشنا راجا وڈیر چہارم اپنی رعایا میں تعلیم کو عام کرنے کے لئے بہت دلچسپی رکھتے تھے۔ انہوں نے پرائمری تعلیم کو ترقی دینے کے لئے تمام پرائمری اسکولوں میں لئے جانے والی فیس کو معاف کرایا۔ اس سے لڑکیوں کی تعلیمی شرح پڑھنے میں مدد ملی۔ انہوں نے میسور یونیورسٹی کو قائم کیا اور بیرونی ممالک میں تعلیم جاری رکھنے والے طلبہ کو اسکالرشپ دینا شروع ہوئیں۔ **1909ء میں ٹاٹا کی مدد سے بنگلور میں انڈین انسٹی ٹیوٹ** آف سائنس کا قیام عمل میں آیا۔ آب پاشی کی ترقی پر خصوصی توجہ دی گئی۔ بیلکولہ کے قریب کاویری ندی پر ایک مینڈھ بنایا گیا۔ نئی ریلوے لائنیں بچھائی گئیں۔ بہت سی چھوٹی اور بڑی صنعتیں شروع ہوئیں۔ بھدراوتی میں لوہا اور اسٹیل کا کارخانہ، سیمنٹ فیکٹری اور کاغذ فیکٹری، منڈیا شوگر فیکٹری، میسور میں صندل کے تیل کی فیکٹری، بنگلور میں صابن کی فیکٹری، بیلکولہ میں کیمیکل اور کھاد کی فیکٹری وغیر قابلِ ذکر ہیں۔ انہیں کے دور میں

© KRTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قانون ساز کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جو قانون سازی کے اقدامات میں ایک بہت بڑا قدم تھا۔

کرشنا راجا وڈیر فطرتاً ایک سادہ لوح انسان اور موثر منتظم تھے۔ انہیں فنونِ لطیفہ میں بہت دلچسپی تھی۔ انہوں نے یم۔ ہیریناّ، وینے شیشناّ، سامبیاّ، ہیڈ ارام کرشنپاّ، متیاّ بھاگواتار، واسودیواچاریہ، ٹی چوڈیاّ وغیرہ جیسے موسیقاروں کی حوصلہ افزائی کی۔ ان کی بہترین انتظامیہ کی وجہ سے میسور ریاست ایک ''مثالی ریاست'' بن گئی۔ مہاتما گاندھی جی انہیں ''راجرشی'' کہتے تھے۔

جے چامراجا وڈیر (1940-1950):

کرشنا راجا وڈیر چہارم کی وفات کے بعد جے چامراجا وڈیر تخت نشین ہوئے۔ انہوں نے اپنی تعلیم عام اور خصوصی کالجوں حاصل کی تھی۔ انہوں نے دنیا کی سیاحت کی تھی جس کے سبب انہیں بہت تجربہ حاصل تھا۔ انہیں دیوان مرزا اسماعیل، نیاپتی مادھوا راؤ اور آرکوٹ راماسوامی مدلیار کی خدمات حاصل ہوئیں۔

جے چامراجا وڈیر ایک بلند پایہ ادیب، ماہر موسیقی اور ادب اور فنونِ لطیفہ کے دلدادہ تھے۔ انہوں نے متعدد کتابیں لکھیں اور کئی عقیدتی گیت بھی لکھے۔ ہندوستان آزاد ہونے کے بعد وہ میسور کے گورنر مقرر ہوئے۔

کرناٹک میں برطانوی راج کی مخالفت:

ہندوستانی تاریخ میں اٹھارویں صدکو ''سیاسی مسائل'' کی صدی مانا جاتا ہے۔ اس کی بہت سی وجوہات ہیں 1707 میں مغل بادشا اورنگ زیب کی وفات اس کی بنیادی وجہ تھی۔ اورنگ زیب کی موت نے مغلیہ سلطنت کو کمزور کر یا۔ اس کی وجہ سے مغل جنوبی ہندوستان میں اپنا سیاسی اثر ورسوخ کھو بیٹھے۔ کرناٹک کے خطے میں بہت سی سیاسی جدوجہدیں ہوئیں۔ اس پس منظر میں انگریزوں نے ہندوستان پر اپنی سیاسی گرفت مضبوط کر لی ہندوستان میں بہت ساری سیاسی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ مقامی حکمرانوں نے انگریزوں کے خلاف مختلف طریقوں سے مزاحمت کی۔

حیدر علی اور ٹیپو سلطان:

ہندوستان کی تاریخ میں 18 ویں صدی کو 'سیاسی مسائل' سے بھرپور صدی کہا گیا ہے۔ اس کے کئی اسباب ہیں۔ مغل شہنشاہ اورنگ زیب کی 1707 میں موت ہی اس کا اہم سبب تھا۔ اورنگ زیب کی سلطنت کے مستحکم

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اقتدار کا زوال تھا اور جنوبی ہندوستان میں بھی مغلیہ سلطنت کا سیاسی رسوخ ختم ہو گیا۔ کرناٹک کے علاقے میں اقتدار کے لئے آپسی جھگڑے شروع ہو گئے۔ انگریزوں نے ہندوستان پر اپنی سیاسی گرفت مضبوط کی۔ ہندوستان کو کئی سیاسی تبدیلیوں سے گزرنا پڑا۔ مقامی حکمرانوں نے کئی طریقوں سے انگریزوں کی مخالفت کی۔

حیدر علی اور ٹیپو سلطان:

اس سے بھی قبل 1704 میں چکا دیوا راجا وڈیر کی موت نے ریاست میسور کی سیاست پر مضر اثرات پڑنے لگے۔ ان کی موت نے اپنے جانشین کا مسئلہ کھڑا کیا اور ریاست میں نظم و نسق بھی کمزور ہو گیا۔ ان حالات نے میسور کی سیاسی ہلچل کو ہی ختم کر رکھا تھا۔ ان نامناسب حالات میں میسور اور کرناٹک کے علاقوں میں حیدر علی نے سیاسی عروج حاصل کیا۔ حیدر علی میسور کی حکومت کے تمام تر حالات کا علم رکھتے تھے اور چست ہتھیاروں کے استعمال اور ان کے تجربات میں ماہر تھے۔ چست فوجی حملوں کے ذریعہ دلوائیوں کو کمزور بنایا۔ میسور کے راجا کرشنا راجا وڈیر کو نظر بند کر کے اقتدار کو اپنے ہاتھوں میں لے لیا اور بہت ہی کم وقفہ میں مشہور ہو گئے۔ اس وقت مرہٹے، حیدر آباد کے نظام اور ارکاٹ کے نواب اپنے اپنے سیاسی رسوخ کو بحال رکھنے اور اپنے عروج کو ظاہر کرنے کے لئے آپسی اختلافات میں جڑے ہوئے تھے۔ جنوبی ہندوستان کی ان سیاسی اختلافات کو انگریز اور فرانسیسیوں نے اپنے سیاسی فائدے کے لئے استعمال کیا۔

اینگلو میسور جنگیں (1767-1799)

پہلی اینگلو میسور جنگ:



حیدر علی

یہ جنگ 1767 میں شروع ہو کر 1769 میں ختم ہوئی۔ جنوبی ہندوستان میں ابھرتے ہوئے حیدر علی کے کردار سے انگریز، مرہٹوں اور حیدر آباد کے نظام کو سیاسی حسد ہونے لگا۔ اس طرح سے انگریزوں کو حیدر علی اپنی حکمرانی میں رکاوٹ بننے والے کانٹے کی طرح نظر آنے لگے اور وہ حیدر علی کو سیاسی طور سے نیچا دکھانے کے کئی ترکیبیں سوچنے لگے۔ مرہٹہ کے حملوں سے سیاسی اور معاشی نقصان کی تلافی کرنے کے لئے حیدر علی نے مرہٹہ اور حیدر آباد کے نظام سے دوستی کر کے اپنے طرف کرنے کوشش کی مگر یہ کوشش ناکام رہی۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

انگریز، حیدرآباد کا نظام اور مرہٹہ تینوں متحد ہو کر حیدر علی کے خلاف سہ محاذی معاہدہ بنایا۔ مگر حیدر علی نے اپنی چالاکی اور سیاسی ترکیبوں سے مرہٹہ اور حیدرآباد کے نظام کو انگریزوں کے خلاف کرتے ہوئے اس معاہدہ میں پھوٹ ڈالنے میں کامیاب ہو گئے۔

اس دوران آرکاٹ میں کئی سیاسی مسائل سامنے آئے۔ 1767 میں حیدر علی اور نظام نے انگریزوں کا قلعہ مانے جانے والے آرکاٹ پر حملہ آور ہوئے۔ ترو چناپلّی، ترونّاملائی، آمبور نامی جگہوں پر بھی جنگ ہوئی۔ اس موقع پر حیدر علی نے بجلی کی طرح فوجی کارروائی کی۔ انگریز کئی علاقوں پر قابض ہونے لگے اور حیدر علی کو عارضی شکست دکھائی دینے لگی تھی۔ اس جنگ میں ممبئی کی انگریزی فوج بھی داخل ہو گئی تھی۔ اس جنگ کو حیدر علی نے اپنی عزت و وقار سمجھ کر فوجی کارروائی کو جاری رکھا اور 1769 میں مدراس میں داخل ہو کر انگریزی فوج میں دہشت پھیلا دی تو انگریز شکست کے ڈر سے حیدر علی سے معاہدہ کر لیا۔ پہلی اینگلو میسور کی جنگ 1769 میں مدارس کے امن معاہدہ پر دستخط کے ساتھ ہی ختم ہوئی۔

دوسری اینگلو میسور جنگ (1780 - 1784) :

مدراس معاہدہ نے جنوبی ہندوستان میں عارضی طور پر سیاسی سرگرمیوں کو روک رکھا تھا۔ مگر انگریز مدراس امن معاہدہ کے شرائط کو توڑنے کی کوشش میں تھے۔ مرہٹوں نے مادھوا راؤ کی قیادت میں سری رنگ پٹن کی طرف اپنی چڑھائی کی تو حیدر علی نے انگریزوں سے مدد طلب کی۔ لیکن انگریز حیدر علی کی مدد کرنے سے انکار کر دیا اور مدراس امن معاہدے کی مخالف کی۔ ماہے جو فرانسیسی نوآبادی تھی اور حیدر علی کے زیر نگرانی تھی، اس پر انگریزوں نے حملہ کر دیا اور یہی دوسری میسور کی جنگ کا اہم سبب بنا۔

1780ء میں اس جنگ کی شروعات ہوئی جنگ کے شروعاتی مرحلے میں حیدر علی آگے رہے۔ اور کرناٹک صوبے کے کئی علاقوں کو قبضہ کر لیا۔ اور کانچی پورم پر بھی قابض ہوئے۔ کورامنڈل ساحل تک اپنی فوج کو بڑھایا۔ جس سے انگریزی فوج کے سپہ سالار کو خوف ہونے لگا۔ حیدر علی نے آرکاٹ کا محاصرہ کر کے اُسے اپنے قبضے میں کر لیا۔ سر آئر کوٹ کی قیادت میں انگریزی فوج پھر سے جنگ کے لئے تیار ہوئی۔ اسی دوران حیدر علی نے ویلور اور وانڈی واش محاصرہ کرنے کی دھمکی دی۔ حیدر علی کی فوج کا پیچھا کرتے ہوئے سر آئر کوٹ پانڈیچری تک پہنچا۔ تب فرانسیسیوں نے حیدر علی کی مدد کرنے سے انکار کر دیا۔ حیدر علی نے جنگ کی سمت ہی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بدل دی۔ حیدر علی نے انگریزی علاقوں کو قبضہ کر کے وہاں سے بے شمار دولت اور ہتھیار اکٹھا کئے۔

1781 میں پورٹو نوا نامی مقام پر ہوئی جنگ میں حیدر علی کو شکست سے دو چار ہونا پڑا۔ اس شکست نے جنگ کا رخ ہی بدل دیا اور انگریزوں کا حوصلہ بڑھنے لگا۔ اس کے بعد پُلی کٹ اور سالگنور کی جنگ میں بھی معاشی و اقتصادی تباہی ہوئی۔ اسی دوران انگریزوں نے مرہٹوں اور حیدر آباد کے نظام سے سالبائی معاہدہ کر کے حیدر علی کے محاذ سے الگ کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ اس جنگ کے دوران ہی 7 ڈسمبر 1782 میں بیماری کی وجہ سے حیدر علی کی موت ہوگئی۔ حیدر علی کی موت کے بعد اس جنگ کو ان کے بیٹے ٹیپو سلطان نے آگے بڑھایا۔

حیدر علی کی موت کے وقت ٹیپو سلطان ملبار صوبے میں ہو رہی جنگ میں شریک تھے۔ ٹیپو کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے انگریز بدنور اور منگلور پر قبضہ کر لیا۔ ٹراونکور کالی کٹ اور ملبار کے کئی راجاؤں نے ٹیپو سلطان کی مخالف میں جو کوشش کی تھی اسے انگریزوں نے اور بڑھاوا دیا۔ اس سے ہوشیار ہو کر ٹیپو سلطان منگلور اور ساحلی علاقوں کی حفاظت کا فیصلہ کیا۔ انگریزوں کی کو شکست دی۔ آخر کار مارچ 1784 میں 'منگلور معاہدہ' سے دوسری اینگلو میسور جنگ کا خاتمہ ہوا۔

ٹیپو سلطان:


ٹیپو سلطان

ٹیپو سلطان انگریزوں کے خلاف بار بار آواز اُٹھانے والے ہندوستان کے واحد ہندوستانی حکمران تھے۔ اپنے باپ حیدر علی کی موت کے بعد میسور سلطنت کے حکمران بنے۔ اپنی نیچ اور کمینے پن کی سیاست سے ہندوستان کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں پر رعب جمانے والے انگریزوں کو ہندوستان کی سرزمین سے بھگانا ٹیپو سلطان کی زندگی کا اہم مقصد بن گیا ۔ وہ اپنی 17 سالہ حکمرانی میں انگریزوں کے خلاف مسلسل جدوجہد کی۔ وہ انگریزوں کی صلاحیت، تکنیک، چالاکی اور بد ذہن پالیسوں سے بہ خوبی واقف تھے۔ انگریزوں کو تجارت میں نقصان ہو تو ان کی سیاسی طاقت بھی کم ہو سکتی ہے یہ سوچ کر ٹیپو سلطان نے ہندوستان میں انگریزوں کے مخالف راجاؤں کو یکجا کرنے اور ان کی مدد لینے کی کوشش کرتے رہے انگریزوں کو تجارت اور بیوپار میں نقصان پہچانے کی سبھی ترکیبوں کو اپناتے ہوئے ان کی تجارتی اجارہ داری کو ختم کرنا چاہتے تھے۔ اس لئے انگریزوں نے ٹیپو سلطان کو اپنا روایتی حریف سمجھ لیا تھا۔

@KSEEBS NOT TO BE REPUBLISHED

یہ بھی جانئے:۔

18ویں صدی میں انگریزی حکومت کی توسیع کو روکنے کے لئے حیدر علی اور ٹیپو سلطان کی کوشیش منفرد دکھائی دیتی ہیں۔ وہ جانتے تھے کہ انگریزوں کو اپنے روایتی اسلحہ سے شکست نہیں دے سکتے۔ فرانسیسیوں کی مدد سے حیدر علی نے اپنی فوج کو جدید بنانے کی کوشش بھی کی۔ یوروپی افواج کی طرح ورزش اور نظم وضبط اور بندوق کو چلانے والے سپاہی فوج میں موجود تھے۔ حیدر علی اور ٹیپو سلطان نے پہلی مرتبہ ہندوستان میں جنگوں میں راکٹ کا استعمال کیا۔ وہ جانتے تھے کہ ہتھیاروں کے ساتھ ساتھ حکومت کا خزانہ بھی انگریزوں کو شکست دینے کے لئے ضروری ہے۔ حیدر علی کو اس بات کا علم ہو گیا تھا کہ کرناٹک صوبے کے کئی نواب انگریزوں کے خلاف جنگ کر کے اپنا خزانہ خالی کر چکے ہیں۔ اس لئے حیدر علی اور ٹیپو سلطان نے خزانے کو بھر کر اپنی ریاست میسور کی معاشی حالت میں سدھار لانا چاہتے تھے اور اس کے لئے انہوں نے کئی اقدامات بھی اٹھائے۔ صندل اور تمباکو کی تجارت کو فروغ دیا۔ روایتی صنعت کاری میں سدھار لانے کے لئے فرانس سے کئی ماہرین کو مدعو کیا تا کہ مقامی اشیاء کے معیار کو بڑھا کر بین الاقوامی مارکٹ میں ان کی مانگ بڑھائی جائے۔

تیسری اینگلو میسور جنگ:۔

اس جنگ کی اہم وجہ ٹراونکور کی سیاسی صورت حال تھی۔ اس علاقہ کا راجا انگریزوں کی مدد سے کوچی میں ایک قلعہ تعمیر کروایا اور ڈچ سے آئی کوٹ اور کانگنور کے قلعہ بھی حاصل کر لئے تھے۔ ٹیپو سلطان نے اس کی مخالفت کی کیونکہ یہ منگلور کے معاہدہ کے خلاف کاروائی تھی۔

انگریزوں نے جنرل میڈوسی کی قیادت میں کاروار، کوئمبتور، ڈنڈیگل اور دیگر علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ اس کے جواب میں ٹیپو نے بارہ محل صوبے کے علاقوں پر حملہ کرتے ہوئے ستیہ منگل پر قبضہ کر لیا۔ مگر ترو چناپلّی پر حملہ کر کے اس علاقہ پر قبضہ کرنے کے لئے جو فوجی کارروائی کی اس میں وہ ناکام ہو گئے۔ اسی وقت لارڈ کارنوالس نے انگریزی فوج کی نگرانی کرتے ہوئے جنگ کا رخ ہی بدل دیا۔

کارنوالس کی قیادت میں انگریزی فوج کولار اور ہوسکوٹے پر کو قبضہ کرتے ہوئے بنگلور کی طرف بھی چڑھائی کی۔ بنگلور پر قبضہ کر کے قلع کو تباہ کیا۔ بنگلور پر قبضہ کرنے کے بعد کارنوالس نے ٹیپو کو شکست دینے کے لئے حیدر آباد کے نظام اور مرہٹوں سے رجوع کیا اور تینوں کی اتحادی فوج نے جنگ کے رخ کو تبدیل کرتے ہوئے مرہٹوں نے ساونور، گجیند را گڑھ، لکشمی شور اور ہبلی جیسے دیگر مقامات پر قبضہ کر لیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1792 میں اتحادی فوج ایک ایک کر کے کئی قلعوں پر قبضہ کرتے ہوئے سری رنگا پٹن کی طرف بڑھنے لگی۔ رات کے وقت قلعہ کو تباہ و برباد کر دیا۔ ان تمام حالات کا جائزہ لیتے ہوئے ٹیپو سلطان نے انگریزوں کے ساتھ معاہدہ کرنے کا ارادہ کیا۔ جو کہ ٹیپو سلطان کو اس کی سخت ضرورت تھی۔ 1792 میں ٹیپو سلطان نے سری رنگا پٹن معاہدہ پر دستخط کرتے ہوئے جنگ کو ختم کیا اور اس طرح میسور کی تیسری جنگ کا خاتمہ ہوا۔

ٹیپو سلطان کی قوت کو کمزور کرنے کے لئے انگریزوں نے سری نگا پٹن معاہدے میں کئی غیر ضروری شرائط کو داخل کیا۔ وہ شرائط یہ تھے۔ ٹیپو سلطان اپنی آدھی سلطنت چھوڑ دیں۔ اس کے ساتھ جنگ خسارے کے طور پر تین کڑوڑ روپے دیں اور ضمانت کے طور پر اپنے بیٹوں کو بطور رہن رکھیں اور جنگ کے دوران قید کئے ہوئے قیدیوں کو رہا کریں۔ جس سے انگریزوں کی اتحادی فوج سری رنگا پٹن سے پیچھے ہٹ جائے گی۔

چوتھی اینگلو میسور جنگ:


تیسری اینگلو میسور جنگ کی شکست کو ٹیپو سلطان نے نجی طور پر تسلیم کیا اور اسے ایک چیلنج کے طور پر لیا۔ معاہدے پر متفق ہوتے ہوئے انگریزی اتحادی محاذ کو روپئے اور جو علاقے دیئے تھے وہ دے کر اپنے دونوں بیٹوں کو واپس بلا لیا۔ ٹیپو سلطان جب انگریزوں کے مقبوضہ ملیالی علاقوں پر اپنا دعویٰ پیش کیا تو انگریزوں نے اسے نہیں مانا۔

1798 میں جب لارڈ ویلزلی ہندوستان کا گورنر جنرل مقرر ہوا تو اس کے دور میں ٹیپو سلطان کی مخالف سیاسی سرگرمیوں اور تیز ہوگئیں۔ ٹیپو سلطان کے ہندوستانی حکمرانوں کے متحدہ محاذ کو اپنی طرف کر لینے کی کوشش اور انگریزوں کے روایتی حریف فرانسیسیوں کے ساتھ ٹیپو سلطان کے دوستانہ تعلقات نے لارڈ ویلزلی کے دل میں ٹیپو سلطان کے خلاف اور زیادہ نفرت پیدا کر دی۔ انگریز مخالف فرانسیسیوں کے پاس مدد حاصل کرنے کے لئے ٹیپو سلطان نے اپنا ایک سفیر بھیجا۔ اس سے انگریز اور زیادہ برہم ہوگئے۔ انگریزوں کو یہ اندیشہ ہونے لگا کہ ٹیپو سلطان اور فرانس کے دوستانہ تعلقات مستقبل میں انگریزی حکومت کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

اس ضمن میں انگریزوں نے پھر سے نئے غیر ضروری شرائط والے معاہدہ کو ماننے کے لئے ٹیپو سلطان کو مجبور کیا مگر ٹیپو سلطان نے ان غیر انسانی اور نا قابل عمل شرطوں کو ماننے سے صاف انکار کر دیا۔ تب انگریزوں نے جنگ کا اعلان کر دیا اور یہی جنگ چوتھی اینگلو میسور جنگ کہلائی۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1799 کو اس جنگ کا آغاز ہوا۔ انگریز اس مضبوط شری رنگا پٹن کے قلعے کو تباہ کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ ٹیپو سلطان نے انگریزی فوج کا مقابلہ بڑی بہادری اور شجاعت کے ساتھ کیا۔ آخر کار لڑتے لڑتے میدان جنگ میں 1799ء کو شہید ہو گئے۔ ٹیپو سلطان کی شہادت سے انگریزوں کو سارا ہندوستان فتح کر لینے جیسی خوشی حاصل ہوئی۔ پورے ہندوستان پر حکومت کرنے کا جو خواب انگریزوں نے دیکھا تھا وہ پورا ہوتے ہوئے انہیں نظر آ رہا تھا۔ اس کے بعد انگریزوں نے ٹیپو سلطان کے ماتحت آنے والے تمام علاقوں کو اپنے



ساتھ ساتھ مرہٹہ اور حیدر آباد کے نظام کے درمیان تقسیم کر لیئے اور ایک چھوٹا سا علاقہ وڈیر خاندان کی ذمہ داری میں دے دیا۔ آگے چل کر یہ علاقہ میسور سلطنت کے نام سے مشہور ہوا۔

ڈونڈیا واگھ (1800):

جدید کرناٹک کی تاریخ میں ٹیپو سلطان کے بعد خصوصی طور پر 19 ویں صدی کے اواخر میں انگریزوں کے خلاف ہوئی بغاوتیں اور تحریکات کا اہم مقام ہے۔ یہ بغاوتیں ہتھیاری یا فوجی بغاوتیں تھیں اس طرح

کے بغاوتوں میں دونڈیا واگھ کی قیادت میں ہوئی بغاوت قابل ذکر ہے۔

دونڈیا واگھ کا جنم چنگری کے ایک مراہٹہ خاندان میں ہوا۔ اس کی ہمت اور بہادری کو دیکھ کر لوگ اُسے واگھ کے نام سے پکارتے تھے۔ واگھ ایک مرہٹی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی باگھ کے ہیں 1779 میں میسور کے حیدر علی کی فوج میں وہ ایک سپاہی تھا۔ بعد ازاں ترقی پا کر سپہ سالار فوج بن گیا۔ نجی طور پر وہ اپنی ایک فوج تشکیل دی اور ٹیپو سلطان کی فوج میں شامل ہو گیا۔ ٹیپو سلطان سے ناراضگی جتائی اور جیل بھی گیا۔ میسور کی چوتھی جنگ کے دوران سری رنگا پٹن کے زوال کے بعد انگریزوں نے اسے جیل سے رہا کر دیا۔ پھر اس نے اپنی ایک خاص فوج بنائی۔ اور فوجی کاروائیوں شروع کی۔ اس کی فوج بڑی نہیں تھی اس نے ٹیپو سلطان کی فوج میں موجود ناخوش سپاہیوں اور پالگاروں کو لے کر اپنی فوج کو اور مستحکم بنایا اور انگریزوں کے خلاف بغاوت کا پرچم بلند کیا ۔ شیموگہ اور بدنور کے قلعوں پر قبضہ کیا اور چتر درگ کے قلعہ پر قبضہ کرنے کی ناکام کوشش کی۔ لارڈ ویلزلی نے اس بغاوت کو کچلنے کا عزم کیا۔

دونڈیا کے ماتحت آنے والے علاقے شیموگہ ہونّالی، ہری ہر پر انگریز فوج حملہ آور ہوئی جس کے سبب ڈونڈیا کو اپنا علاقہ کھونا پڑا۔ شکاری پور پر انگریزوں کا پھر سے قبضہ ہونے کے بعد وہ نظام کے زیر نگرانی گُتی کے طرف بڑھا۔ نظام نے گتی پر حملہ کیا تو دونڈیا پھر مرہٹہ علاقے کی طرف بھاگ نکلا تو مرہٹوں نے اسے شکست دے کر اس کے پاس موجود ہتھیار، اونٹ اور ہاتھیوں کو چھین لیا۔ اس کے باوجود بھی دونڈیا نے پھر اپنی جدوجہد کو برقرار رکھا۔

کئی ناخوش پالیگاروں نے ڈونڈیا واگھ کی مدد کی اور اس کو حوصلہ افزائی کی ملبار کے علاقے میں موجود فرانسیسیوں نے ڈونڈیا کا ساتھ دیا۔ ہری ہر، چتر درگ شکاری پور، ساونور، رانی بینور، کستور اور لونڈا جیسے علاقوں کے ساتھ ساتھ ایک وسیع جغرافیائی علاقے تک انگریزی فوج نے ڈونڈیا کا پیچھا کیا۔ شرہٹی کو اپنے قبضہ میں لینے کے بعد انگریزی فوج نے ڈونڈیا کی فوج کے کئی سپاہیوں کا قتل عام کیا۔


ڈونڈیا واگھ کا خاتمہ:

لارڈ ویلزلی نے ڈونڈیا واگھ کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ مقامی راجاؤں کی مدد سے شکاری پور کے قلعے کو دوبارہ

@KRBS NOT TO BE REPUBLISHED

قبضہ کرلیااورڈوندیا کی فوج کوتہس نہس کر دیا۔تنگھ بدرا اور ملا پر بھاندیوں کے درمیان وسیع علاقے میں آزادی کے ساتھ بڑھتی ہوئی ڈونڈیا کی فوج کوانگریزوں نے شکست دینے کی کوشش کی۔ چاروں طرف سے اس کی فوج کوانگریزوں نے گھرلیا۔رائچور سے اس کا پیچھا کیا گیا۔نظام اور مرہٹہ کے درمیان پھنسی ہوئی ڈونڈیا کی فوج کوانگریزوں نے یلا پروی نامی مقام پر حملہ کیااور کونگل نامی مقام پر دونڈیا واگھ کوقتل کر دیا۔اپنے لیڈر کی موت کے بعدفوج بھی ادھرادھر ہوگئی۔انگریزوں کوکثیر مقدار میں اسلحہ اور ہتھیار حاصل ہوئے۔

کتّور کی بغاوت۔رانی چنّما (1824):



رانی چنّما

اپنے روایتی حریف حیدر علی ٹیپوسلطان اور مرہٹوں کو شکست دینے کے بعد انگریزوں نے اپنی طاقت کومستحکم کرنے کے لئے مختلف پالیسیوں پر عمل کیا۔تخت پر گود لئے ہوئے بچوں کے حق سے انکار ایسے ہی قوانین میں سے ایک تھا۔اگرچہ ڈالہوزی نے 1848 میں ''مسئلہ الحاق یا بازگشت'' متعارف کرایا۔انہوں نے بغیر کسی قانونی تقدس کے کتّور کے معاملہ میں بہت پہلے ایسے اُصول پر عمل کیا تھا۔

کتّور کرناٹک کی پہلی ریاست تھی جواس طرح کی پالیسی کا شکار ہوئی۔اس پالیسی کے خلاف منظم مسلح بغاوتوں میں کتّور کی رانی چنّما کی قیادت والی بغاوت نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔

کتّور، بلگاوی اور دھاڑوار ضلع کے درمیان کا ایک چھوٹا سا گاؤں تھا۔کتّور سلطنت کاراجاملّاسرجا کی موت کے بعدرانی چنّما نے کتور کے نظم ونسق کوبڑی دلچسپی سے سنبھالا۔اس کا بڑا بیٹا 'شیولنگا رُدراسَرجا' نے کتور کی حکومت کوسنبھالا۔مگراس کی گرتی صحت کے سبب تمام تر ذمہ داری رانی کتور چنّما نے اُٹھا رکھی تھی۔شیولنگار دراسرجا مرہٹہ جنگ میں انگریزوں کی طرف داری کی تھی۔اس سے انگریزی سرکار نے اس کووراثتی طور پر سالانہ وظیفہ دیا۔یہ معاہدہ تھامس منرو کے دور میں ہوا۔

شیولنگا دراسرجا کی موت کے بعدشولنگا پانامی لڑکے کے کتور رانی چنّما نے لے پالک کے طور پر گودلیااور اس کوحکومت کانظم ونسق سنبھالنے کے لئے نامزدکیا۔تھیا کرے اس وقت دھارواڑ کا کلکٹر اور سیاسی ایجنٹ تھااوراس نے بمبئی کے گورنر کواس کے متعلق رپورٹ پہنچائی اور مسئلہ الحاق کے تحت کتور کی حکومت کواپنے قبضے میں لینے کی کوشش کرنے لگا۔1824 میں اس قانون کے تحت کتور کی حکومت کوانگریزی حکومت میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا

NOT TO BE REPUBLISHED ©CTES

گیا اور کتور کے خزانے میں موجود کروڑوں کی رقم کو اپنے قبضے میں لے لیا۔ چنمّا نے تھیا کرے کے اس اقدام کو ناکام بنانے کے لئے جنگ کا اعلان کیا۔ انگریزوں نے بھی اپنی فوج تیار کر لی کتور کی فوج نے 1824 میں انگریزی فوج پر حملہ کیا۔ اس حملہ میں تھیا کر کو گولی کی نشانہ بنایا گیا۔ اور کئی انگریزی فوجیوں کو قیدی بنالیا گیا۔

کتور پر حملہ کرنے کے لئے انگریز اور بھی مضبوط تیاری کی۔ اور لیفٹنٹ کرنل ڈیک کی قیادت میں انگریزی فوج نے کتور پر دوبارہ حملہ کیا اور کتور کو انگریزوں کے قبضے میں لے لیا۔ رانی چنمّا اور دیگر فوجیوں کو بیلا ہونگل نامی قلعے کی جیل میں قید کر دیا گیا اور چنمّا کی موت ہوگئی۔ آج بھی وہ ملک کے لئے ایک مثال بنی ہوئی ہے۔

سنگولی رایّنا (1829-30):



سنگولی رایّنا

کتور رانی چنمّا کے ساتھ سنگولی رایّنا کا نام عزت واحترام سے لیا جاتا ہے۔ رایّنا ایک بہادر سپاہی تھا۔ وہ اپنے مادر وطن کتّور کی آزادی کے لئے لڑنے کو وہ اپنا اولین فرض سمجھتا تھا۔ رایّنا نے کتور کی جنگ میں رانی چنمّا کے ساتھ انگریزوں کے خلاف جنگ کی اور قیدی بنا۔ بعدازاں انگریزوں نے اِسے رہا کر دیا۔

اس کے متعلق زبانی روایات موجود ہیں کہ وہ فوجیوں کو متحد کرتے ہوئے آزادی کے جذبے کو ابھارتا تھا۔ جغرافیائی حدود کے پوشیدہ مقامات میں یہ اجلاس کو منعقد کرتا اور اپنے منصوبے بناتا تھا۔ اس کے مقاصد میں سب سے اہم انگریزوں سے متعلق کچہریوں اور خزانوں کو لوٹنا تھا۔ اس کی فوج 500 سپاہیوں پر مشتمل تھی۔ وہ گاؤں کے لوگوں پر برہم اس لئے ہوا، کیونکہ گاؤں والے انگریزوں فوج کی مدد کر رہے تھے۔ انگریزوں کا یہ خیال تھا کہ رایّنا اپنی فوجی کاروائیاں رانی چنمّا کی آمادہ کرنے پر کر رہا ہے۔ اس لئے انہوں نے چنمّا کو بیلا ہونگل سے کوسوگل جیل منتقل کر دیا۔

رایّنا کو پکڑنے کے لئے انگریزوں نے ایک ترکیب سوچی اور جال بچھایا۔ انگریزوں نے رانی چنمّا کی مخالفت کرنے والے دیسائیوں کو اُکسایا۔ عملدار کرشنا رائے نے اس سازش میں انگریزوں سے ہاتھ ملایا۔ اور سازش کا شکار بنا کر رایّنا کو قید کر کے دھارواڑ لایا گیا۔ اس کو قید کرنے کے بعد اس کی فوج بھی اپنے آپ کو انگریزوں کے حوالے کر دیا۔ 26 جنوری 1831 میں اہم مجرم مانتے ہوئے رایّنا کو نند گڑھ میں پھانسی دے دی گئی۔ اس کے

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

کئی ماننے والوں کو عمر قید کی سزا بھی دے دی گئی۔ سنگولی رایّنا کی زندگی اور حب الوطنی آج بھی اس علاقے کے لاونی گیتوں میں زندہ ہے۔

امرسولیہ بغاوت:

یہ بغاوت بنیادی طور پر کسانوں کی بغاوت تھی۔ 1835 سے 1837 کے وقفے میں ساحلی اور کورگ کے علاقے میں ہوئی۔ بغاوت میں اس کا پس منظر نظر آتا ہے۔ کورگ کا ہالیری راجا چِک ویرا راجیندرا کو انگریزوں نے 1834 میں اپنے عہدے سے برطرف کر دیا تھا اور اسے بنگلور کے راستے سے ویلور اور وہاں سے کاشی کو پہنچا دیا گیا۔ اس کی برطرفی سے کورگ میں سیاسی بدامنی پھیل گئی۔ اور کورگ میں سوامی اپرا مپرا، کلیان سوامی اور پٹّابسپّا نے فوجی کارروائی کے لئے تیاری شروع کر دی۔ یہ تینوں اپنے آپ کو برطرف کئے ہوئے راجا کے خاندانی افراد کہلانے لگے۔ سوامی اپرامپرا اس بغاوت کا قائد تھا اور اسے 1834 میں انگریزوں نے بنگلور روانہ کر دیا۔ 1837 میں قید کر لیا گیا۔ اور میسور کی جیل میں رکھا گیا۔

پٹّابسپّا: کلیان سوامی کی موت کے بعد کورگ کے لوگوں نے اس بغاوت کو برقرار رکھا۔ کینر اصوبے کے سولیہ بیلا رے اور پتور جیسے دیگر مقامات کے لئے ''امرسولیہ'' بغاوت کا مرکز تھا۔ سولیہ کے ایک کسان نے کورگ کے ہفتہ بازار میں پُٹابسّپا کو کلیان سوامی پکارا اور اس نے اپنے آپ کو اپرامپورا کہنا ہی بغاوت کے لئے کافی تھا اور بغاوت کو طاقت دی اور جلد اس نے بغاوت کی قیادت سنبھالی۔

گھاٹ کے علاقوں میں یہ بغاوت شروع ہوئی۔ پُٹابسّپا نے باغی افراد کو یکجا کر کے اتحادی تنظیم بنائی۔ باغیوں کی حکومت بننے پر تمبا کو اور نمک پر ٹیکس کو رد کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔ امیر کسان کو وعدے بھی کئے گئے۔ بیلّا رے کی سرکاری کچہریوں پر قبضہ کر کے وہاں کے سرکاری نوکروں کو قید کرنا ہی بغاوت کا پہلا قدم تھا۔ سولیہ اور اطراف واکناف کے عام لوگوں کو تکلیف پہنچانے والے عملدار کے قتل سے پُٹابسّپا کا نام اور بھی مشہور ہو گیا اور یہی بغاوت کو عام کرنے لگا اور اس کو حمایت بھی ملنے لگی۔

منگلور پر قبضہ کرنے کے مقصد سے باغیوں نے اُس طرف کوچ کیا۔ انگریز منگلور کے قلعہ کی حفاظت کرنے میں لگے تھے۔ باغی پنی منگلور اور بنٹوال سے ہوتے ہوئے منگلور کی جانب کوچ کیا۔ بنٹوال کے جیل اور خزانے بھی لوٹے گئے۔

© KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

اس بغاوت کو کچلنے کے لئے انگریزوں نے کنّانور، تلاچیری اور ممبئی فوج کا سامنا کیا۔ اس بات کا پتہ چلتے ہی پٹّابسپّا اور اُس کے ساتھوں نے سولیہ کی راہ لی۔ تب انگریزوں نے پٹّابسپّا، لکشمپّا، بنگارسا، کیدمباڈی، رامیہ گوڈا اور گڈے منے ایپّا کو گرفتار کر سب کو پھانسی پر لٹکا دیا۔ یہ بغاوت ناکام تو ہوئی لیکن اس دَور میں انگریزوں کے خلاف ایک اہم طاقت بن کر اُبھری تھی۔

سرپور اور کپّل بغاوت:

سرپور: سرپور موجودہ یادگیر ضلع میں واقع ہے۔ مغلیہ سلطنت کے شہنشاہ اورنگ زیب کے زمانے سے ہی یہ ایک اہم مقام تھا۔ نظام، مرہٹہ اور پیشوا کے دور میں بھی ایک علاقائی صوبہ تھا۔ بعدازاں اس کی سرحدی علاقے کم ہوتے گئے اور ایک چھوٹے سے علاقے پر اس کی سیاسی حدود قائم رہیں۔ وینکٹپّا نائکا کے دور میں سرپور انگریزی حکومت کے خلاف بغاوت ہوئی۔

وینکٹپّا نائکا:

اپنے والد کرشنپّا نائکا کی موت کے بعد یہ تخت پر بیٹھا۔ 1834 میں پیدا ہوا اور کم عمر میں ہی میں بہت نام کمایا۔ لیکن کرسُپنّا نائکا کے بھائی پیدّ انائکا اس کے تخت نشینی سے ناخوش تھا جس کی وجہ سے سرپور میں سیاسی کشمکش شروع ہوگئی۔ انگریز بھی اس میں دلچسپی لینے لگے۔ 1842 میں انگریز میڈوس ٹیلر کو سیاسی ایجنٹ بنا کر سرپور پر اقتدار بنائے ہوئے تھے۔

ٹیلر ایک مصلح بھی تھا۔ سرپور صوبے کی ترقی بھی کی۔ پیدّ انائکا کو سلطنت کا دیوان مقرر کیا۔ پورے علاقے کا زمینی سروے بھی کروایا۔ اس کی اپنائی ہوئی پالیساں سلطنت کی آمدنی کو بڑھانے کا سبب بنی۔ وینکٹپا نائکا کو مناسب تعلیم حاصل کرنے کے موقع فراہم کئے۔ 1853 میں وینکٹپا نائکا اقتدار میں آیا۔

سرپور بغاوت:

انگریزی سرکار سرپور کی بغاوت پر نظر رکھی ہوئی تھی۔ اسی دوران 1857 میں یہ افواہ عام ہوئی کے نانا صاحب کے حامی سرپور میں مقیم ہیں۔ اس لئے انگریزوں نے راجا کو بدگمانی سے دیکھنے لگے۔ راجا کے ریاستی انتظامیہ کے متعلق مطالعہ کرنے کے لئے اور اس کی رپورٹ دینے کے لئے انگریزی سرکار نے 'کیامپبل' نامی افسر

@TBS NOT TO BE REPUBLISHED

کومقرر کیا۔اس افسر نے راجا کے بدانتظامی میں ملوث ہونے کے متعلق رپورٹ حیدرآباد کے ریسڈنٹ کودی۔

مورخین نے وینکٹپا نائکا کو عام طور سے کرناٹک کی تاریخ میں 1857 کے غدر کا لیڈر کے طور پر پیش کیا ہے۔انگریزی فوج نے 1858 میں سرپور پر حملہ کرکے سرپور کے قلعہ پر قبضہ کرلیا۔وینکٹپا نائیکا کے اختتام سے متعلق بہت سی پیچیدگیاں ہیں۔

کوپل کے ویرپّا:

انگریز مخالفت تحریکات اور فوجی بغاوتوں میں کوپل کی بغاوت بھی قابل ذکر ہے۔کوپل اور اُس کے آس پاس کے علاقوں پر حیدآباد کے نظام کا کنٹرول تھا۔اس کے باوجود یہاں استحصال برقرار تھا۔اس لئے مجبور ہوکر چند زمیندار بغاوت پر اتر آئے۔ان باغیوں میں ویرپا اہم ہے۔

ویرپا ایک زمیندار تھا جس نے انگریزی حکومت سے بغاوت کی اور کوپل اور اس کے آپس پاس کے قلعوں پر قبضہ کرلیا اس کے مقصد کو جانتے ہوئے کئی کسان اور زمینداروں نے اس کا ساتھ دیا۔انگریزوں نے حیدآباد کے نظام سے رابطہ کیا اور اپنی فوج ویرپا کو شکست دینے کے لئے روانہ کی۔ویرپا جس کے پاس بہت کم سپاہی تھے انگریزی فوج سے لڑتے ہوئے مارا گیا۔انگریز کوپل کے قلعہ پر دوبارہ قبضہ کرلیا۔حالانکہ اس بغاوت کا اثر بہت کم وقفہ کے لئے تھا مگر ویرپا نے یہ ثابت کردیا کہ وہ ایک بہادر جنگجو تھا۔

ہلگلی بیڑا بغاوت:

یہ بھی جانئے: اسلحہ ایکٹ: ہندوستانیوں کو حکومت کی منظوری کے بغیر ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں تھی۔

ہلگلی باگلکوٹ ضلع کے مدھول تعلقہ کا ایک چھوٹا سا قریہ ہے۔پہلے یہ مدھول سلطنت کی انتظامیہ میں تھا 1857 کی بغاوت کے دوران انگریزوں نے ہتھیاروں اور اسلحہ کے استعمال پر پابندی عائد کردی۔ہلگلی بیڑا لوگ شکار کے لئے استعمال کئے جانے والے بندوقوں کو انگریزوں کو لوٹانے پر راضی نہ ہوئے۔کیونکہ بیڑا لوگ شکاری ہوا کرتے تھے اور بندوقیں رکھنا ان کی روایت تھی۔اس لئے وہ اپنے روایتی حق کو بچانے کی خاطر انگریزی حکومت سے بغاوت کردی۔اس بغاوت میں ہلگلی کے اطراف کے علاقے جیسے منٹورو، بودانی، آل گنڈی کے بیڑا بھی شامل ہوگئے۔اس بغاوت کو کچلنے کے لئے انگریزوں نے ہلگلی دیہات کا محاصرہ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرلیااورتمام باغیوں کو بڑی بے رحمی پھانسی پرلٹکا دیا۔اس طرح سے اس بغاوت کا خاتمہ ہوا۔

مشقیں

I مندرجہ ذیل جملوں کو صحیح مناسب الفاظ سے بھرتی کیجئے:

1. پہلی اینگلومیسور جنگ _____ اور _____ کے درمیان ہوئی۔
2. دوسری اینگلومیسور جنگ _____ معاہدے پر ختم ہوئی۔
3. راجاوڈیر نے _____ کو اپنا دارالحکومت بنایا۔
4. کتّور رانی چنمّا نے _____ نامی بچّے کو گود لیا۔
5. ریاستِ کتّور کے رایناّ کا تعلق _____ گاؤں سے ہے۔
6. سرپور موجودہ _____ ضلع میں ہے۔
7. موجودہ باگلکوٹ ضلع کے _____ بیڑاؤں نے انگریزوں کے خلاف بغاوت کی۔
8. امرسولیہ بغاوت بنیادی طور پر _____ بغاوت تھی۔

II گروہی بحث کر کے درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے:

9. چک دیوراجاوڈیر کے کارنامے لکھئے۔
10. حیدرعلی کس طرح اقتدار پر آئے؟
11. دوسری اینگلومیسور جنگ کے اثرات کیا تھے؟
12. سری رنگاپٹن معاہدے کے شرائط کیا تھے؟
13. کرشنا راجاوڈیر چہارم کے دَور کے کارنامے بیان کیجئے۔
14. ''چوتھی اینگلومیسور جنگ سے میسور صوبے میں انگریزوں کے قدم اور مضبوط کر دئے'' بحث کیجئے۔
15. انگریزوں کے خلاف دونڈیا واگھ کی بغاوتوں کا خلاصہ بیان کیجئے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

16. جنگِ آزادی میں سنگولی رایّنا کی بغاوتوں کی ترتیب لکھئے۔
17. تحریکِ آزادی میں کورگ علاقے کے پٹّابسپّا کا کردار بیان کیجئے۔
18. سرپور بغاوت کو مختصراً بیان کیجئے۔

III. سرگرمیاں:

1. سنگولی رایّنا کے متعلق کتابوں کا مطالعہ کیجئے۔
2. کتّوررانی چنّمّا کے متعلق مزید معلومات اکٹھا کیجئے۔

IV. منصوبے:

1. سرپور کے تعلیمی سفر کا اہتمام کیجئے۔ قلعے کی سیر کرتے ہوئے انگریزوں کے زمانے میں تعمیر شدہ مہمان خانے کی خصوصیات کا مشاہدہ کیجئے۔
2. میسور محل کے متعلق معلومات اکٹھا کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

U2Y4E1

باب - 5

سماجی و مذہبی سدھار (اصلاح)
(Social and religious reforms)

اس باب میں درج ذیل معلومات حاصل کریں گے؛

- برہموسماج کا قیام اور اصلاحات
- آریہ سماج کی بنیاد اور اصلاحات
- ''ستیہ شودھک'' کی تعلیمات
- رام کرشنا مشن کی تعلیمات
- نارائن گرو: دھرما پری پالنا یوگم
- یوابنگالی تحریک
- پرارتھنا سماج کی اصلاحات
- علی گڑھ تحریک
- تھیوسافیکل سوسائٹی
- پریار

ہندوستان کی تاریخ میں انیسویں صدی کو ہندوستان کے ''نشاۃ ثانیہ'' کا دور کہا جاتا ہے۔ ہندوستانیوں کو مغربی تہذیب سے واسطہ پڑا۔ جس کے نتیجے میں انہیں انگریزی تعلیم سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملا۔ ہندستانیوں میں عقلیت پسندی کو فروغ ملا۔ یہ سب جانتے ہیں کہ یہ عقلیت پسندی کے انداز نے ہندوستانیوں کو اندھے عقیدوں کے خلاف سوال کرنے اور اپنی رسومات میں تبدیلیوں پر غور کرنا سکھلایا اور وہ اپنے ذاتی مفادات سے بھی بخوبی واقف تھے۔ اپنے سیاسی اور معاشی مفادات کے تحفظ کے لئے برطانوی حکمرانوں نے اصلاحی تحریکوں کی حمایت کی انہوں نے معاشرے میں پائے جانے والی سماجی برائیوں پر پابندی لگانے کی کوشش کی۔ مغربی خیالات نے ہندوستانیوں کو جمہوریت، آزادی، مساوات اور قوم پرستی کے نظریات سے متعارف کروایا تھا۔ بہت سے لوگ جو مغربی تعلیم سے واقف تھے، انہوں نے اصلاحات لانے کی کوشش کی۔ اس ضمن میں راجہ رام موہن رائے، دیانند سرسوتی، مہادیو گووندا راناڈے، جیوتی با پھولے، سوامی وویکانندا، اینی بیسنٹ، سر سید احمد خاں، نارائن گرو، پریار اور دیگر نے سماجی اصلاح کے کام کئے۔

یہ بھی جانئیے : انگریز اور ہندوستانی دانشوار جو انگریزی فلسفے سے متاثر ہوئے انہوں نے انیسویں صدی کو عہد ''نشاۃ ثانیہ'' کے نام سے پکارا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

برہموسماج:

برہموسماج کی بنیاد راجہ رام موہن رائے نے رکھی۔ ان کو ''ہندوستان کی نشاۃ ثانیہ کا بابا'' کہا جاتا ہے۔ انہوں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی تھی۔ انہوں نے کئی ایک زبانوں میں مہارت حاصل کر رکھی تھی۔ مثلاً سنسکرت، عربی، فارسی، انگریزی، فرانسیسی، یونانی، لاطینی اور دیگر۔ انہوں نے تہذب اور مذہبی عقائد کا بھی گہرا مطالعہ کیا تھا۔ جس میں ہندوازم، مذہبِ اسلام، صوفی ازم، عیسائیت اور بدھ مت شامل ہیں۔ راجہ رام موہن رائے نے اپنشدوں کا مطالعہ بھی کیا تھا۔ انہوں نے بت پرستی اور بے جا رسومات کے خلاف آواز اٹھائی۔ انہوں نے جدید سائنس اور انگریزی تعلیمات کی پُرزور حمایت کی اور ہندوستانی تہذیب کی بقا کے لئے اسے ضروری قرار دیا۔ انہوں نے عورتوں کے استحصال کے خلاف بھی آواز اٹھائی۔ انہوں نے ایک منظم طریقے سے ہندوؤں کی رسم ستی اور بچّہ شادی کے خلاف آواز اٹھائی۔ کٹّر ہندوؤں نے ان کی مذمت کی۔ راجہ رام موہن رائے نے لارڈ ولیم بینڈ ٹنگ کا جاری کردہ ستی کے خلاف قانون کی حمایت کی۔ انہوں نے عقلیت پسندی کو فروغ دینے کے لئے صحافت کے ذریعہ کوشش کی۔ انہوں نے بنگالی زبان میں ایک روزنامہ بھی شروع کیا جس کا نام ''سمواد اکومدی'' تھا۔



راجہ رام موہن رائے

سرگرمی:۔ حکومت نے بچپن کی شادی کے خاتمے کے لئے کئے گئے اقدامات کی فہرست بنائیں۔

برہموسماج انیسویں صدی میں سماجی اور مذہبی اصلاح میں پیش پیش رہنے والا ادارہ تھا۔ برہموسماج نے ہندو مذہب میں روایات اور رسم و رواج میں اصلاحات لانے کے لئے کوشش کی۔ اس نے بت پرستی اور خداؤں کی پرستش کی مخالفت کی اور ایک خدا کی پرستش کی حمایت کی۔ اس نے یگوں اور رسومات کی کارکردگی کی مذمت کی۔ چونکہ انگریزی تعلیم نے ہندوستانیوں کو مغربی سیاسی افکار سے روشناس کرایا، اس لئے اس نے ہندوستانیوں میں قوم پرستی کو فروغ دیا۔

یوا بنگالی تحریک: انیسویں صدی کے دوران پورے شمالی ہندوستان میں جدیدیت کی لہر چلنے لگی۔ کلکتہ اس نئی سوچ کا مرکز بن گیا۔ 1820 اور 1830 کی دہائیوں میں نئی تحریکات نے جنم لیا۔ اس سے پہلے ہم


NOT TO BE REPUBLISHED © KSTBS

نے برہموسماج کے متعلق جانکاری حاصل کی ہے۔اسی دور میں ایک اور تحریک کا آغاز ہوا جس کا نام ''یوابنگالی تحریک'' تھا۔اس تحریک کا بانی ہینری لوئس ویوین ڈیری زیو(1831-1809) تھا۔ان کے والد پرتگالی اور والدہ ہندوستانی تھیں۔اس لئے ڈیری زیو کو اینگلو انڈین کہا جاتا ہے۔

(Derozio)ڈیری زیو کلکتہ کے ہندو کالج میں بطور پروفیسر خدمات انجام دیا۔ ان کی تعلیمات سے متاثر ہونے والے بہت سے طلباء ڈیری زیو کے پابند پیرو کار بن گئے۔ڈیری زیو یورپ کی مختلف تحریکات سے متاثر ہوئے تھے اور انہوں نے اپنے طلباء اور ساتھیوں کے ذہنوں میں اسی طرح کی آزادانہ سوچ کا جذبہ پیدا کرنے کی کوشش کی۔وہ جدید تعلیمی نظام کو فروغ دینے کے لئے نصابی کتابوں کی تشکیل میں بھی کام کیا۔جس کے سبب انہیں بہت ساری قدامت پسندوں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔اس کے باوجود انہوں نے 'اکیڈمک اسوسیشن'(1828) کی بنیاد رکھی جو ایک آزادانہ سوچ کی بحث کی انجمن تھی۔جس نے پورے بنگال میں نئی سوچ پیدا کی۔

یوابنگالی تحریک نے فطرت، انسانیت، خدا اور دیگر مختلف موضوعات پر بحث ومباحثے کا انعقاد کیا۔ ڈیری زیو نے اس پیغام کو پھیلانے کی کوشش کی کہ صرف عقلی سوچ ہی لوگوں کو توہم پرستی اور سماجی تفریق کے چنگل سے آزاد کرا سکتی ہے۔وہ خواتین کے حقوق کے علمبردار تھے اور ذات پات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی مخالفت کرتے تھے۔اس طرح ایک یہ نئی تحریک بن کر ابھری لیکن اس تحریک کا اثر کلکتہ اور بنگال کے چند علاقوں تک محدود رہا۔

آریہ سماج: آریہ سماج کی بنیاد دیانند سرسوتی نے رکھی۔انہوں نے ملک بھر میں تقریریں کرتے ہوئے ویدوں کے سچ ہونے اور علم کی بنیاد ہونے پر زور دیا۔اس پس منظر میں ''ویدوں کی طرف پلٹئے'' کا نعرہ لگایا۔بتوں کی پوجا، ذات پات کے نظام کی مذمت کی۔انہوں نے وکالت کی کہ ذات کا فیصلہ قابلیت کی بنیاد پر کیا جانا چاہئے نہ کہ شخص کی پیدائش پر۔انہوں نے کئی ایک بے مطلب رسومات کی مخالفت کی۔ انہوں نے بیواؤں کی دوبارہ شادی پر زور دیا۔ملکی اشیاء کے استعمال کی دعوت دی۔''ستیارتھ پرکاش'' نامی تصنیف میں اپنے خیالات ظاہر کئے۔''شدّھی تحریک'' آریہ سماج کی


سوامی دیانند سرسوتی

© CTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اہم سرگرمی تھی۔ آریہ سماجیوں نے مختلف مقامات پر اسکول قائم کئے۔ دیانند سرسوتی نے جس سوراج کی تعلیم اور مذہب کی تعلیم دی اس سے عوام کو جدوجہد کی آزادی میں حصّہ لینے کی تحریک پیدا ہوئی۔ عظیم محبِّ وطن دیانند سرسوتی نے ''ہندوستان ہندوستانیوں کے لئے'' کا نعرہ لگایا۔

کیا آپ یہ جانتے ہیں:


شدّھی تحریک: ہندو مذہب میں ذات پات کا رواج اور سخت قسم کی رسومات نے لوگوں کو دیگر مذاہب کی طرف راغب کیا۔ اس تناظر میں ہندو سماج میں یکجہتی لانے کے لیے ویدوں کا از سرِ نو مطالعہ کرتے ہوئے جنس اور ذات پات کے مساوات پر زور دیا۔ اس پس منظر میں جن لوگوں نے تبدیلی مذاہب کو اختیار کیا تھا ان کو دوبارہ ہندو مذہب میں لانے کے لئے دیانند سرسوتی نے شدّھی تحریک (تطہیر تحریک) شروع کی مذہب تبدیل کرنے والوں کو شدّھی کرتے ہوئے دوبارہ ہندو مذہب میں لاتے ہوئے ہندو مذہب کو مضبوطی عطا کی۔

پرارتھنا سماج: پرارتھنا سماج کی بنیاد آتمارام پانڈورنگا نے ممبئی میں رکھی۔ انسانی خدمت ہی خدائی خدمت ہے یہ ان کا نظریہ تھا۔ اس سماج نے تعلیم کی اشاعت پر زیادہ زور دیا۔ ''دکن تعلیمی ادارہ'' کے نام سے تعلیمی شعبوں کی ترقی کے لئے کوشاں رہے۔ اس نے بیواؤں کی شادی، تعلیمِ نسواں، بین ذاتی شادی کی حوصلہ افزائی کی۔ تمام ذات کے لوگوں کے ساتھ مل کر کھانے اور بچپن کی شادی، ذات پات کے نظام، بتوں کی پوجا اور پردے کی مخالفت کی۔ اس نے کہا کہ سارے مذاہب سچائی ہی کی تعلیم دیتے ہیں لہٰذا ان سب کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ ہندوستان کے نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے زمانے میں یتیم خانوں، قومی مدارس اور بیواؤں کے لیے آشرم قائم کئے گئے۔

یم۔ جی۔ راناڈے نے پرارتھنا سماج کو عوام میں مقبول بنایا سماجی اصلاح کے بغیر سیاسی، معاشی شعبوں میں ترقی کو ناممکن قرار دیا ہندو مسلم اتحاد پر زور دیا۔ راناڈے قومی کانگریس میں سرگرم رہے۔ انہوں نے لڑکیوں کی تعلیم کے لئے ہائی اسکولس قائم کیے۔

ستیہ شودھک سماج: ستیہ شودھک سماج کو جیوتی باپھولے نے قائم کیا تھا۔ ان کا ماننا تھا کہ آزادی ہر فرد کی بنیادی ضرورت ہے اور کوئی فرد اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرسکتا اگر اسے آزادی نہ ہو۔ ستیہ شودھک سماج نے شراب بندی کو نافذ کرنے پر زور دیا۔ مرد و زن کے عدم مساوات، انسانی حقوق سے انکار، عوام کے استحصال، چھوت چھات کے رسم کی کھلم کھلا مخالفت کی۔ سماجی انصاف کی تحریک شروع کی۔ لڑکیوں کی تعلیم کے

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



مہاتما جیوتی باپھولے


لئے پرائمری مدارس قائم کئے۔ انہوں نے شودروں اور ذات پات سے بچھڑے طبقات بشمول دلتوں پر جبری غلامی کی مذمت کی اور اس کے ذمہ داروں کے خلاف انتہائی سخت رو یہّ اپنایا۔ سماجی نظام کی اصلاح کے لئے مفت اور لازمی تعلیم پر زور دیا۔

ستیہ شودھک سماج کی تحریک سے بے حد متاثر شاہو مہاراج نے کئی شاخیں کھولتے ہوئے عملی سرگرمیاں دکھلائیں۔ سماج نے کسانوں کی حمایت میں کئی ایک تحریکات چلائیں۔


اس سماج کی تحریک ہر قریہ میں پھیل گئی پھولے نے استحصال کے خلاف ''غلام گری'' نامی تصنیف میں مکمل تفصیل پیش کی۔ پھولے کی بیوی ساوتری بائی پھولے نے بھی عورتوں کی تعلیم کے حق میں ستیہ شودھک سماج کی جانب سے کوشش کی۔ مساوات کے نظریات کی بنیاد پر ایک نئے معاشرے کی تعمیر میں پھولے خاندان کی جدوجہد بہت اہم ہے پھولے کے نظریات سے متاثر ہونے والوں میں ڈاکٹر بی، آر، امیڈ کر نمایاں ہیں۔

سرگرمی: تعلیمِ نسواں سے متعلق حکومت کرناٹک کے منصوبوں کے بارے میں اساتذہ سے جانکاری حاصل کیجئے۔

علی گڑھ تحریک: مسلمان اپنے سماجی، سیاسی، تعلیمی، مذہبی اور فلسفیانہ نظریات کو بدلتے ہوئے مغرب و مشرق کے خیالات کے سنگم کی حمایت کرنا ہی علی گڑھ تحریک کا مقصد تھا۔ اس تحریک کی قیادت سرسید احمد خان نے کی۔ مسلمانوں کی قوم کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے ''اینگلو اورینٹل'' کالج کا آغاز کیا۔ یہی کالج آگے چل کر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں تبدیل ہوگیا۔ مغربی تعلیم کے ساتھ ساتھ مذہبی تعلیم دنیا بھی اس کالج کا بنیادی مقصد تھا اور مغربی تعلیم کی بنیاد پر نئے سماج کی بنیاد رکھنا ہی اس کا مقصد تھا۔ سرسید احمد خان قومی کانگریس سے دور رہتے ہوئے ہی مسلمان قوم کے اتحاد کی کوشش کی۔ تعلیمِ نسواں کی حمایت اور کثیر زوجی اور بیواؤں کی شادی کی مخالفت کے خلاف اپنے خیالات کی اشاعت کی۔



سرسید احمد خان



رام کرشنا پرماہنس

رام کرشنا مشن 1897 (تحریک): رام کرشنا پرم ہنس ڈکشنیشور کالی مندر کے پجاری تھے۔ ان کی فکر ہندوستانی تہذیب کی بنیاد پر تھی۔ ان کے مطابق سارے ہی مذاہب یکساں ہیں۔ اِن کا خیال تھا کہ روحانی احساس کسی بھی مذہب یا خدا سے زیادہ اہم ہے۔ یہ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بت پرستی کے قائل تھے۔ یہ بے غرض خدا ترسی رکھتے تھے۔ سوامی وویکانند پرماہنس کے قریبی شاگرد تھے۔

سوامی وویکانندا نے اپنے استاد رام کرشنا پرہنس کے واضح خیالات کی اشاعت کے لئے رام کرشن تحریک شروع کی۔ کل مذاہب کے استحکام کے فلسفے کی تبلیغ اور اسے روبہ عمل لانا ہی ان کا مقصد تھا۔ رام کرشنا آشرم کی شاخیں ساری دنیا میں قائم ہیں۔ ان میں قدیم وجدید اور مغربی فلسفیوں کا آپسی میل دیکھا جاسکتا ہے۔



سوامی وویکانند

سوامی وویکانندا نے زندگی میں محبت کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے ہندوستانیوں کو جگانے والے انقلابی سنیاسی (راہب) تھے۔ فرد اور فرد کی بقا اور اس کی صلاحیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ نجات آخروی کے حصول کے لیے عبادت یوگا سن کے علاوہ سماجی خدمت کو اہم قرار دیا۔ رام کرشنا آشرم کی تعلیم اور سماجی خدمت کے ذریعہ تہذیبی ترقی کو آگے بڑھایا۔ سوامی وویکانندا نے ملک اور مذہب کو ایک سکّے کے دو رخ بتایا۔ بشمول گاندھی جی کئی قومی رہنما وویکانندا کے فلسفے سے متاثر تھے۔ اپنی زندگی کے دوران انہوں نے ہندوستانی معاشرے کو استحصال سے پاک کرنے کی انتھک کوشش کی۔ جو ذات پات کے نظام غربت، ناخواندگی اور جہالت سے بھرا ہوا تھا۔ سماجی اصلاح کے لئے وویانندا کی خواہش یہ تھی کہ پہلے لوگوں کو تعلیم دی جائے تو وہ خود اپنی اصلاح چاہیں گے۔ وہ چاہتے تھے کہ ایسے قانون ساز اداروں کا قیام ہو جن کے ذریعے سماجی اصلاح کے قوانین نافذ کئے جائیں۔ وہ مغرب کی اندھی تقلید کے خلاف تھے۔

1893 میں سوامی وویکانند نے شکاگو عالمی مذہبی کانفرس میں کل مذاہب کو برداشت کرنے اور تمام مذاہب صحیح ہیں پر زور دیتے ہوئے ہندوستان کی عظمت کو دنیا کے سامنے پیش کیا۔ ہندوستانی تہذیب سے دنیا کو روشناس کرایا یہ نوجوانوں میں ایک محرک قوت کے طور پر تھے۔

تھیوسافیکل سوسائٹی: تھیوسافیکل سوسائٹی (خدائی تعلیم سماج) بانی میڈم بلاوسکی اور کرنل ہیج۔ لیس الکاریٹ تھے۔ اس سماج اور فطری اصولوں اور انسان کی انفرادی صلاحیتوں کی تلاش ہی کے مقصد سے اسے قائم کیا۔




اینی بیسنٹ

آئرلینڈ کی خاتون اپنی بیسنٹ نے تھیوسافیکل سوسائٹی کی سرگرمیاں ہندوستانی تہذیب پر اپنے فخر کا اظہار کیا۔ سماج میں مساوات اور بھائی چارگی کو بڑھاوا دینے اور اسے اور اونچائی تک لے جانے کی کوشش کی۔ اینی بیسنٹ نے ہندوستان کی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تحریکِ آزادی کی کھل کر حمایت کی۔ ''نیوانڈیا'' نامی اخبار جاری کیا۔ 1916ء میں ہوم رول تحریک شروع کی۔ 1917ء میں کانگریس اجلاس میں اس کی صدر رہیں۔ ہندوستانی فلسفہ کو تحریکِ آزادی میں ان کا کردار نہایت شاندار رہا۔

یہ آپ کو معلوم رہے: برطانیہ کے زیر تسلط رہنے والے آئرلینڈ اور وہاں کی عوام نے اپنی حکومت خود ہی چلانے کے حق کو پانے کے لئے ہوم رول تحریک چلائی۔ اس سے متاثر ہوکر اینی بیسنٹ نے ہندوستان میں ہوم رول تحریک شروع کی۔ 1916ء میں دو ہوم رول تحریکات وجود میں آئیں۔ ایک کی قیادت تلک کر رہے تھے۔ جس کا مرکز پونہ شہر اور یہ مہاراشٹر شمالی کرناٹک مرکزی صوبے اور برار کے علاقوں میں اپنی ساخیں کھول رکھی تھیں۔
ایک دوسری ہوم رو تحریک اینی بیسنٹ کی قیادت میں جس کا مرکز مدراس شہر میں تھا۔ تلک نے ''مراٹھا'' اور ''کسری'' اخبارات نکالے تو اینی بیسنٹ نے ''نیوانڈیا'' اور کامن ویلتھ'' اخبارات کے ذریعہ اس کی اشاعت کی۔



نارائن گرو

شری نارائن گرو : پری پالنا یوگم اصلاحی تنظیم کو شری نارائن گرو نے 1903 میں قائم کی۔ یہ کیرلا کے چمبلانتی/چمبلانڈی میں پیدا ہوئے۔ پسماندہ اور استحصالی معاشروں کی ترقی اس تنظیم کا اہم مقصد تھا۔ نارائن گرو (1928 - 1854) اور ان کے ہم وطن ڈاکٹر پلپو اور کمارن آسن نے اس تحریک کو آگے بڑھایا۔

کیرلا کے معاشرہ میں پچھڑی ذات کے مسائل بہت وسیع تھے۔ مختلف پسماندہ اور دلت معاشروں کے سماجی حد بندیاں کثیر تھیں۔ اس زمانے میں ان ذاتوں کو عام کنوؤں سے پانی نکالنے کی اجازت نہیں تھی۔ عورتوں کو چپل اور جوتے پہننے کی اجازت بھی نہیں تھی، ان کے لباس پر بھی کئی حد بندیاں تھیں۔ اسکول میں انکا داخلہ ممنوع تھا۔ ادنیٰ سے ادنیٰ حقوق کو بھی حاصل کرنا ان کے لئے دشوار تھا اور یہ اس ماحول میں سانس لینے میں بھی مشکل محسوس کرتے تھے۔ اس ماحول میں شری نارائن گرو نے تمام موضوعات کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ اور اپنی دھرما پری پالنا تنظیم کے ذریعے سماجی تحریکات کا آغاز کیا۔ اس تنظیم کا اہم مقصد انسان کی سماج میں غیر مشروط زندگی تھی۔ نارائن گرو کا مقصد اور مقررہ عقائد تمام انسانی نسل کو ایک ہی مذہب ایک ہی ذات ایک ہی خدا ہو۔ (One caste, one religion and one God for humanbeing) اس کے حصول کے لئے تعلیم ہی کو اہم ذریعہ مانا۔ پچھڑے سماج کو داخلہ ممنوع کرنے والے منادر کے بدل دوسرے منادر بھی تعمیر کئے گئے۔

نارائن گرو اور ان کے پیروکار نے 1924 میں وائیکھم ستیہ گرہ تحریک شروع کی، جس نے وائیکھم کے شیوا مندر میں نچلی ذات کے لوگوں کے داخلے کا مطالبہ کیا۔ اس میں خود عتمادی کی تحریک کے معمار گاندھی جی اور پریار نے بھی شرکت کی۔ گرو وائر مندر میں اچھوتوں کے داخلے کے لئے ستیہ گرہ ایک اہم واقعہ تھا۔

© KSCERT NOT TO BE REPUBLISHED



پریار

پریار: بیسویں صدی کے آغاز تک جنوبی ہند میں ایک غیر برہمن تحریک شروع ہوئی۔ اکثریتی غیر برہمنوں نے اپنی آبادی کے تناسب کے مطابق سرکاری شعبے میں نمائندگی کا مطالبہ کرتے ہوئے تحریک شروع کی۔ بعد میں کئی ریاستوں میں یہ ایک بڑی تحریک بن گئی۔ غیر برہمنی براداریوں نے ان کے خلاف پابندیوں کے مخالفت کی۔ یہ انگریزی ذریعۂ تعلیم کی وجہ سے ممکن ہوسکا۔ 1870 کی دہائی کے بعد شائع ہونے والی مردم شماری کی رپورٹس نے ان کی آبادی کی حقیقت سے آگاہ کیا۔ 1916 میں شروع ہونے والی جسٹس پارٹی نے تملناڈو میں اس تحریک کو جاری رکھا۔

جسٹس پارٹی کے زیر قیادت غیر برہمن تحریک نے ایک نئی شکل اختیار کی۔ یہ مزید بنیاد پرست بن گئی۔ ای، وی، رام سوامی نائر کی قیادت میں شروع ہونے والی سیلف ریسپیکٹ تحریک ایک نئی قوت بن کر ابھری 1925 میں کانگریس سے نکل کر انہوں نے 1926 میں سیلف ریسپیکٹ لیگ کا آغاز کیا۔ لوگ انہیں محبت سے پریار (بزرگ) کہتے تھے۔ پریار ایروڈ کے ایک مالدار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ان کا خیال تھا کہ کانگریس ورنا نظام کے حق میں ہے۔ اس لئے انہوں نے دراوڈی نسل شاعت پر مبنی ایک نئی تحریک شروع کی انہوں نے کہا کہ تمل ڈراویڈیوں کی زبان ہے۔ انہوں نے مساوات کی حمایت کی اور ذات پات اور جنسی امتیاز کی مخالفت کی۔

1924 میں انہوں نے کیرلا کے وائیکم میں اچھوتوں کے حق میں مندر میں داخلے کی تحریک میں حصّہ لیا۔ وہ 1939 میں جسٹس پارٹی کے صدر بنے اور انہوں نے ''دراوڈ کازگم'' کے نام سے ایک انجمن قائم کی۔ انہوں نے 'ریولٹ' کے نام ایک انگریزی رسالہ بھی جاری کیا۔

آج بھی تمل ناڈو کی سیاست میں پریار ایک نظریاتی علامت کے طور پر باقی ہیں۔ اس کا ایک بڑا ثبوت یہ ہے کہ وہاں کی سیاسی جماعتوں نے اپنی پارٹی کے ناموں میں ''دراویڈ'' نام کو برقرار رکھا ہے۔ سی، ایتھیاداس پنڈت، ٹی، ایم، نائر اور دیگر کی طرف سے شروع کی گئی نظریاتی غیر برہمنی تحریک کو پریار نے ایک ثقافتی تحریک میں تبدیل کر دیا تھا۔ ان کی زندگی کا اہم مقصد یہ تھا کہ ہر قسم کے استحصال، ذات پات اور جنسی

© KBS NOT TO BE REPUBLISHED

عدم مساوات سے پاک بین المذاہب رواداری کا معاشرہ تشکیل دیا جائے۔

مشقیں

I . مندرجہ ذیل جملوں کو صحیح مناسب الفاظ سے بھرتی کیجئے؛

1. انیسویں صدی کو ——— کا زمانہ کہا جاتا ہے۔
2. راجہ رام موہن رائے نے ——— نامی اخبار نکالا۔
3. پرارتھنا سماج کے بانی ——— تھے۔
4. ’آزادی ہر فرد کی بنیادی ضرورت ہے‘ یہ خیال ——— نے ظاہر کیا۔
5. سوامی ویویکانندا کے استاد ——— تھے۔
6. یوابنگالی تحریک کا بانی ——— تھا۔

II. درج ذیل سوالات کے جواب گروہی شکل میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔

7. برہموسماج کی تعلیمات کیا ہیں؟
8. دیانندا سرسوتی کا ’’وید کی طرف پلٹئے‘‘ کے نعرہ کی وضاحت کیجئے۔
9. ’’ستیہ شودھک سماج نے اصلاحات پر زور دیا۔‘‘ اس کی وضاحت کیجئے۔
10. علی گڑھ تحریک کے مقاصد کا تجزیہ کیجئے۔
11. رام کرشنا مشن کے نظریہ کی تفصیل بتائیے۔
12. اینی بیسنٹ کے اصلاحی اقدامات کون کونسے تھے؟
13. نارائن گرو دھرما پری پالن تنظیم کے اہم عطیات بیان کیجئے۔
14. پریار تحریک کے اہم نکات کی فہرست بنائیے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

15. ڈیری زیونے کن اُصولوں کی وکالت کی؟

16. سوامی وویکانندا کی سماجی خدمات کیا تھیں؟

III. سرگرمی: رام کرشن آشرم کا دورہ کر کے سوامی وویکانندا کے نظریات سے متعلق معلومات اکھٹا کیجئے۔

IV . منصوبے:

1. لائبریری کو جا کر سماجی اصلاحات سے متعلق کتابیں پڑھئے۔ ویب سائٹ میں اساتذہ کی مدد سے معلومات حاصل کیجئے۔
2. سماجی اصلاح کے لئے کوشاں اداروں سے متعلق اساتذہ سے تبادلہ خیال کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Y6G7Q1

علم سیاسیات
[Political Science]

باب:6

عوامی انتظامیہ ایک تعارف

Public Administration

اس باب میں درج ذیل نکات کا مطالعہ کریں گے۔

- عوامی انتظامیہ کا احاطہ اور اہمیت۔
- بھرتی کے معنی اور طریقے
- مرکزی عوامی خدماتی کمیشن اور ریاستی عوامی خدماتی کمیشن
- کرناٹک عوامی خدماتی کمیشن۔
- امن وامان

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عوامی انتظامیہ معنی اور تعریف:

جدید معاشرہ پیچیدہ اور تیز رفتار تبدیلیوں سے گزر رہا ہے۔اس لئے عوامی انتظامیہ ایک اہم مقام رکھتا ہے۔معاشرے میں عوامی انتظامیہ کے فائدے کے بارے میں معلومات اور اہمیت دن بدن بڑھ رہی ہے ۔انتظامی تجربات اتنے ہی پرانے ہیں جتنا خود انسانی معاشرہ۔عوامی انتظامیہ کے متعلق ترقی خاص طور پر امریکہ میں شروع ہوئی ریاستِ ہائے متحدہ امریکہ کے سابق صدر وڈرو ویلسن کو بابائے عوامی انتظامیہ کہا جاتا ہے۔موجودہ دور میں عوامی انتظامیہ دنیا کی تمام اقوام میں ایک اہم موضوع کے طور پر ابھر رہا ہے۔

لفظ کا مفہوم:

عوامی انتظامیہ لفظ ایڈمنسٹریر سے لیا گیا ہے ایڈمنسٹریشن کا لفظ دو لاطینی الفاظ ایڈ اور منسٹریر کا مجموعہ ہے

لفظ ایڈمنسٹریر دیکھ بھال، خدمت کرنا، اور معاملات کو منظم کرنے کے معنی دیتا ہے۔ لہٰذا انتظامیہ کا مطلب ہے لوگوں کی خدمت کرنا لوگوں سے مطالق امور کی دیکھ بھال اور انتظام کرنے کا عمل ہے۔ عوامی انتظامیہ ، انتظامیہ کے وسیع میدان کا چھوٹا سا حصہ ہے۔ پبلک کا لفظ گورنمنٹ سے بھی مراد ہے لفظ پبلک ایڈمنسٹریشن سب سے پہلے 1812 عیسوی میں الیگزینڈر ہیملٹن نے استعمال کیا تھا بعد میں بہت سے مفکرین نے عوامی انتظامیہ کی تعریف اپنے اپنے انداز میں کی ہے۔

عوامی انتظامیہ کی تعریفیں

1. **وڈرو ویلسن** کے مطابق: ''عوامی انتظامیہ قانون کا تفصیلی اور منظم اطلاق ہے۔ قانون کا خاص اطلاق انتظامیہ کا ایک عمل ہے۔''
2. **پفنر** کے مطابق:۔ ''انتظامیہ لوگوں کی کوششوں کو مربوط کر کے حکومت کے کام کو انجام دینے پر مشتمل ہے تا کہ وہ اپنے مقرر کردہ کاموں کو پورا کرنے کے لئے مل کر کام کر سکیں۔''
3. **لوتھر گیولک** کے مطابق: ''عوامی انتظامیہ کا تعلق عاملہ شعبہ سے ہے جو حکومت کے کام انجام دیتی ہے۔''
4. **ایف ایم مارکس** کے مطابق: ''عوامی انتظامیہ، افراد، چیزوں اور طریقوں کا منظم ہم آہنگی ہے۔ مجموعی طور پر عوامی انتظامیہ کا تعلق حکومت کے مربوط کام کاج سے ہے جو ریاست کے روزمرہ کے امور کو چلاتی ہے۔''

عوامی انتظامیہ کی اہمیت:

عوامی انتظامیہ کی اہمیت بڑھتی جا رہی ہے کیونکہ موجودہ ریاستیں پولیس اسٹیٹ (حفاظتی ریاست) سے فلاحی ریاستوں میں تبدیل ہو رہی ہیں انسانوں کی ہما جہتی ترقی اور انسانی معاشرے کے وجود کا انحصار عوامی انتظامیہ پر ہے، عوامی انتظامیہ لوگوں کو پیدائش سے موت تک خدمات فراہم کرتی ہے۔ یہ ریاستی نظام کا دل ہے عوامی انتظامیہ کے بغیر ریاست کا تصور ناممکن ہے۔ جدید ریاستوں کو انتظامی ریاستوں کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔

درج ذیل پہلو/نظریہ عوامی انتظامیہ کی اہمیت کی نشاندہی کرتے ہیں۔

1. **عوامی انتظامیہ حکومت کا ستون ہے:۔** کوئی کسی بھی ملک میں مقننہ اور عدلیہ کے بغیر حکومت کا تصور کر سکتا ہے۔ لیکن ۹۱ نتظامیہ کے بغیر حکومت یا رست کا تصور کرنا ناممکن ہے۔ عوامی پالیسیوں کو نافذ کرنے کے

©ITRS NOT TO BE REPUBLISHED

لئے تمام ممالک میں انتظامیہ مشینری ضروری ہے۔ پال ایپیل (Paul Apple) کے مطابق ،،انتظامیہ کے بغیر حکومت محض چیٹر باکس ہے۔''

2. عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے خدمات انجام دینا:۔ عوامی انتظامیہ لوگوں کو پیدائش سے موت تک خدمات فراہم کرتی ہے ۔امن و امان کی بحالی ، جان و مال کا تحفظ ، انصاف، تعلیم ، روزگار ،ضروریات زندگی اور دیگر خدمات کی فراہمی ۔ یہ قومی دفاع اور اقتصادی مساوات لانے کے لیے بھی ذمہ دار ہے۔

3. قانون اور پالیسیوں کا نفاذ: عوامی انتظامیہ معاشرے میں لوگوں کی سرگرمیوں کو منظم کرنے اور امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے قوانین اور پالیسیوں کو نافذ کرتی ہے اگر عوامی انتظامیہ صحیح یا موثر طریقے سے کام نہیں کرتے ہیں تو حکومت کی پالیسیاں محض کاغذ پر اعلانات رہ جاتی ہیں۔

4. سماجی تحفظ کو مضبوط کرتا ہے: معاشرہ مختلف سماجی اور معاشی طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں پر بنا ہے، معاشرے میں غریبوں اور کمزوروں کی فلاح و بہبودی ریاستوں اور دیگر ریاستوں کے زیر انتظام اداروں کی ترقی حکومت کی ذمہ داری ہے ۔غریبوں ،خواتین ، بچوں ،معذوروں ، بزرگ شہریوں ،یتیموں ، بے سہارا وغیرہ کے لیے حکومت کی سماجی اور معاشی مدد ضروری ہے ان کی بہتری کے لیے جو پالیسیاں لاگو کی جاتی ہیں انہیں سماجی تحفظ کی پالیسیاں کہا جاتا ہے، مثال کے طور پر بیواؤں کے لیے وظیفہ، بزرگ شہری، جسمانی طور پر معذور افراد کے لیے وظیفہ۔ بے روزگاری کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے یوتھ فنڈ (yuva Nidhi) فراہم کرنا، نیشنل فوڈ سیکیورٹی مشن یعنی NSFM غربت کی لکیر سے نیچے لوگوں BPL کو خوراک کی حفاظت فراہم کرنے کے لیے شروع کیا ہے۔ جو سماجی تحفظ کی پالیسیوں کی مثالیں ہیں عوامی انتظامیہ معاشرے کے ضرورت مند لوگوں کو سماجی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مندرجہ بالا پالیسیوں کو نافذ کرتی ہے۔

5. مجلس مقننہ کے ساتھ ساتھ عاملہ کی مدد کرنا: عوامی انتظامیہ مقننہ کی پالیسیوں اور عاملہ کے منصوبوں کو نافذ کرتی ہے اور انہیں ضروری اعداد و شمار اور دیگر معلومات فراہم کرتی ہے، اس طرح عوامی انتظامیہ عوامی پالیسیوں کی تشکیل اور نفاذ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔عوامی انتظامیہ قانون کے مسودے تیار کرنے میں قانون سازی کی ضروری تفصیلات فراہم کرتی ہے۔

©KBS NOT TO BE REPUBLISHED

عوامی انتظامیہ کا دائرہ یا احاطہ:

عوامی انتظامیہ کے دائرہ کار کے بارے میں مفکرین کے درمیان اختلاف رائے ہے، وڈرو ویلسن، ایل ڈی وائٹ وغیرہ نے عوامی انتظامیہ کے متعلق مربوط نظریہ پیش کیا ہے، ان کے مطابق حکومت کے تینوں اداروں یعنی مخننہ، عاملا اور عدلیہ کا مطالعہ عوامی انتظامیہ کے دائرے کار میں آتا ہے۔

لوتھر گلک، ہربرٹ اے سائمن وغیرہ نے عوامی انتظامیہ کی تنگ نظری کی وکالت پیش کی ہے۔ ان کے مطابق عوامی انتظامیہ کا دائرہ کار صرف حکومت کے عاملہ کی سرگرمیوں تک محدود ہے۔

پوسٹ کارب کا نقطہ نظر (POSD CoRB):

لوتھر گلک نے لفظ POSDCoRB میں عوامی انتظامیہ کا دائرہ دکھایا ہے اس لفظ کا ہر حرف عوامی انتظامیہ کے کام کے لیے کھڑا ہے۔

1) P (Planning) منصوبہ بندی سرکاری مشنری کے ذریعے انجام دینے والے کام کے لیے منصوبہ تیار کرنا اور ان پر عمل درامد کا طریقہ کار اپنانا۔

2) O (Organising) مختلف انتظامی نظام کی تشکیل مثلاً محکمہ، کارپوریشن، ڈویژن، زیلی ڈویژن وغیرہ انتظامی نظام کی تشکیل دینا۔

3) S (Staffing) اسٹیافنگ انتظامی کام انجام دینے کے لیے درکار عملے Staff کی بھرتی، تربیت اور سروس کی شرائط کا تعین۔

4) D (Directing)۔ ہدایت کاری حکومت کے فیصلوں پر عمل درامد کے لیے وقتاً فوقتاً مختلف محکموں کو احکامات اور ہدایات جاری کرنا۔

5) Co (Co-ordinating) کو ارڈینیٹنگ۔ حکومت کے مختلف محکموں کے درمیان تنازعات اختلافات کو ختم کرنا اور ان کے کاموں کو مربوط کرنا۔

6) R (Reporting): رپورٹنگ ماتحت افسر اعلی افسران کو دستاویزات، تحقیق اور مختلف محکموں کے کام اور سرگرمیوں کی رپورٹ دینے کی ضرورت ہے۔

7) B (Budgeting): بٹ جٹنگ۔ مالیات کا انتظام اور بجٹ کے حساب کتاب کی منصوبہ بندی

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

،حساب کی جانچ پڑتال وغیرہ۔

مندرجہ بالا افعال عوامی انتظامیہ کے دائرہ کار کو ظاہر کرتے ہیں۔

بھرتی (Recruitment):۔

کامیاب عوامی انتظامیہ کے لیے بہترین عملے کی ضرورت ہوتی ہے اس عملے کو ایک منظم طریقے سے منتخب کرنے کی ضرورت ہے۔ بھرتی مناسب عملے کو مناسب عہدوں کے لیے موزوں افراد کے انتخاب کا عمل ہوتا ہے۔ اچھی اور موثر عوامی انتظامیہ کا دارومدار اچھے اہلکاروں کی بھرتی پر ہوتا ہے جب اہل ہنرمند اور دیانت دار لوگوں کو انتظامیہ میں مناسب طریقوں سے تعینات کیا جائے تو سرگرمی ذہانت اور موثر طریقے سے انتظامیہ کو ترقی دینے کی کوشش کریں گے بھرتی عملے کے انتظام میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے O Glenn Stahl نے بھرتی کو انتظامیہ ڈھانچے کا سنگ بنیاد قرار دیا ہے۔

بھرتی کے طریقے۔A۔ براہ راست بھرتی اور B۔ بالواسطہ بھرتی: (ترقی کے ذریعے بھرتی)

A - براہ راست بھرتی:۔ براہ راست بھرتی ایک سائنسی اور مقبول طریقہ ہے اہل امیدواروں کا انتخاب مسابقت امتحانات کے ذریعے ایک مخصوص طریقے سے کیا جاتا ہے جسے براہ راست بھرتی کہتے ہیں ۔اس کے ذریعے تقرری کے خواہاں امیدواروں کو کچھ خاص اور مطلوبہ قابلیت کا ہونا ضروری ہے مثال کے طور پر سرکاری ملازمین کی بھرتی۔

B - بالواسطہ بھرتی: اسے اندرونی بھرتی بھی کہا جاتا ہے سرکاری خدمات میں پہلے سے موجود (پرسونل) عملے کو ان کی اہلیت اور سینیر ٹیز (مقدم) سروس کی بنیاد پر اعلی عہدوں پر تعینات کرنا یہی پروموشن (ملازمت کے فروغ) اور انکریمنٹ (تنخواہوں میں اضافے) دینے کا طریقہ کار ہے یہ طریقہ دنیا کے تمام ممالک میں عام طور پر رائج ہے یہ طریقہ ہندوستان میں بھی رائج ہے۔

یو پی ایس سی (UPSC):

یونین پبلک سروس کمیشن یہ ایک ائینی ادارہ ہے جو ائین کی دفعہ 315 کے مطابق قائم کیا گیا ہے، یہ کمیشن ایک چیئرمین اور 10 ارکان پر مشتمل ہے ان کا تقرر ہندوستان کے صدر کرتے ہیں ان کے عہدے کی مدت چھ سال یا 65 سال جو بھی پہلے ہو، صدر ہند کے پاس بدعنوانی اور نااہلی کی بنیاد پر انہیں ہٹانے کے

© OBJECTIVE NOT TO BE REPUBLISHED

اختیارات ہیں کمیشن مقننہ اور عاملہ کے مداخلت کے بغیر آزادنہ طور پر کام کرتا ہے، کمیشن کا ایک سیکریٹری ہوتا ہے۔ یونین پبلک سروس کمیشن کا صدر دفاتر دہلی میں ہے۔

یو پی ایس سی کے افعال:

دستور کی دفعہ 320 کے تحت UPSC کے کام کاج مندرج ذیل ہیں۔

1) مرکزی حکومت گروپ A اور گروپ B افسران کہ عہدوں کے لیے مسابقتی امتحان منعقد کرنا۔
2) براہ راست بھرتی کے لیے شخصیت کی ازمائش Personality test کا انعقاد کرنا۔
3) حکومت کو افسران کی ترقیوں اور تبادلوں کے عمل کے متعلق مشورہ دینا۔
4) حکومت کو افسران کے نامناسب رویے کے خلاف تہذیبی کاروائی Disciplinary action کرنے کا مشورہ دینا۔
5) صدر ہند کی ہدایت پر حکومت کو کسی بھی معاملے میں مشورہ دینا۔

امتحانات منعقد کر کے شخصی تشخیص کرنا: قومی سطح عوامی خدمات مثلاً انجینئرنگ سروس، میڈیکل سروس، اور ڈیفنس سروس انڈسٹریل سروس کے لیے امتحانات منعقد کرنا۔ ان امتحانات میں سب سے اہم ہیں IAS انڈین ایڈمنسٹریٹو سروس، IPS (انڈین پولیس سروس)، IFS (انڈین فارسٹ سروس)، IFOS (انڈین فارن سروس)، IRS (ائی ار ایس انڈین ریونیو سروس)، IAAS (ائی اے اے ایس انڈین ایڈٹ اور اکاؤنٹ سروس) اہم عوامی خدماتی امتحانات ہیں۔

مندرجہ بالا خدمات کی بھرتی کے لیے ٹیسٹ تین مراحل میں منعقد کیے جاتے ہیں یعنی 1) ابتدائی امتحانات (preliminary) ۔ 2) مینز (mains) اور 3) شخص آزمائش یعنی (Interview) انٹرویو

ریاستی پبلک سروس کمیشن:۔

SPSC آئین کے دفعہ 315 کے مطابق ریاستی پبلک سروس کمیشن کے لیے موقع دیا گیا ہے۔ دو یا دو سے زیادہ ریاستیں کے لیے JSPSC (مشترکہ ریاستی پبلک سروس کمیشن) قائم کر سکتے ہیں لیکن وہ ائینی نہیں ہیں یہ قانونی ادارے ہیں کرناٹک پبلک سروس کمیشن KPSC۔ ہندوستانی آئین کے دفعہ 315 کے مطابق 18 مئی 1951 کو KPSC کا قیام عمل میں آیا کمیشن اس وقت ایک چیئرمین اور 11 ارکان پر مشتمل

© KPSC NOT TO BE REPUBLISHED

ہے، ان کا تقرر گورنر کے ذریعے کیا جاتا ہے عہدے کی مدت چھ سال یا 62 سال سے جو پہلے ہے۔ کے پی ایس سی کا دفتر بنگلور میں ہے اس کے علاقائی دفاتر میسور، بلگامی، کلبرگی، اور شیموگا میں ہیں۔

کمیشن کے روزمرہ کے انتظامی امور کی دیکھ بھال کے لیے ایک سیکرٹری اور کنٹرولر ہوتا ہے۔

افعال کام کاج:۔

1) ہر ریاستی حکومت کی خدمات میں گریڈ افسران کی بھرتی قانون کے مطابق مسابقتی امتحانات اور شخصی ازمائش اور نان گریڈ افسران کے لیے مسابقتی امتحان، مثال کے طور پر سب ڈویژنل افسران ڈپٹی سپریڈنٹ آف پولیس تحصیلدار کمرشل ٹیکس افسران وغیرہ۔

2) مخصوص عہدوں پر تقرری کے لیے امیدواروں کے لیے شخصی ازمائش کا انعقاد کرنا۔

3) سرکاری ملازمین کے لیے سال میں دو مرتبہ محکمانہ Departmental امتحانات کا انعقاد کرنا۔

4) حکومت کو تعینی اور ترقی کے معاملات پر مشورہ دینا۔

5) یونین پبلک سروس کمیشن کی جانب سے مختلف ریاستوں کے مراکز میں منعقد ہونے والے مختلف مسابقتی امتحانات کے لیے آہنگی کا کام انجام دیتا ہے۔

امن وامان:

یہ قوم کے خوشحال اتحاد اور ترقی کے لیے ضروری ہے۔ آج کے تیزی سے بڑھتے ہوئے معاشرے میں امن وامان برقرار رکھنا ایک اہم کام ہے۔ امن وامان ایک ہی سکّے کے دو رخ ہیں۔ قانون کی حکمرانی سب کے لیے ضروری ہے۔ آئین کے 7 ویں حصے اور (ریاستی فہرست) میں تحفظ امن وامان کا ذکر ہے۔ لہٰذا امن وامان برقرار رکھنا ریاست کے اہم فرائض میں شامل ہے۔ مرکزی حکومت کو آئینی اختیار حاصل ہے کہ وہ ریاستوں کو امن وامان برقرار رکھنے کی ہدایت کرے۔

آئین کے کئی دفعات میں مرکزی حکومت کی طرف سے امن وامان برقرار رکھنے کی ذمہ داری کا ذکر کیا گیا ہے، مثال کے طور پر ملک کو بیرونی حملے سے بچانے کا ذکر آئین کے دفعہ 355 میں ہے۔ ریاستوں میں آئینی مشینری کی ناکامی کی صورت میں صدر ہند دفعہ 356 کے مطابق ریاستی ایمرجنسی کا اعلان کر سکتے ہیں۔ مرکزی وزرات داخلہ کے پاس سیکورٹی فراہم کرنے کے لیے مصلح افواج موجود ہیں۔ حکومت ان کے ذریعے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عوامی امن وامانہ امان برقرار رکھتے ہیں۔اہم مصلح افواج درج ذیل ہیں۔

1) CRPF (سینٹرل ریزرو پولیس فورس)، یہ فورس ریاستی فسادات کو دبانے اور امن وامان کو برقرار رکھنے میں پولیس کی مدد کرتی ہے ساتھ ساتھ ملک کے کسی بھی حصے میں قدرتی آفات کی صورت میں امدادی کام انجام دیتی ہے

2) BSF (بارڈر سیکیورٹی فورس)، یہ فورس پاکستان اور بنگلہ دیش کے ساتھ ہندوستان کی سرحدوں کی حفاظت کررہی ہے اوران سرحدوں پر مجرمانہ سرگرمیوں کو بھی روکتی ہے

3) RPF (ارلیوے پروٹیکشن فورس) یہ ریلوے کے جرائم کوروکتا ہے اوران کی تحقیقات کرتا ہے۔ ریلوے مسافروں اور ریلوے اثاثوں کی حفاظت کرتے ہیں جیسا کہ ریلوے پٹڑیاں اور ریلوے اسٹس (اثاثوں) وغیرہ۔

4) CISF (سینٹرل انڈسٹریل سکیورٹی فورس) یہ عوامی کارخانوں، ہوائی اڈوں، بندرگاہوں اور بڑے پیمانے کی صنعتوں کوحفاظت فراہم کرتا ہے۔نوٹ اور سکے بنانے کے مراکز جیسے اداروں کو بھی سیکورٹی فراہم کرتا ہے۔

مرکزی حکومت ملک میں امن وامان کو برقرار رکھنے میں ایک اہم رول ادا کرتی ہے اور خصوصی ذمہ داریوں کونبھاتے ہوئے حکومت اپنے اختیارات مہارت کی خدمت اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے متعلقہ محکموں کے ذریعے ریاستی حکومتوں کوامن وامان برقرار رکھنے کے لیے مسلسل رہنمائی کرتی ہے۔

ریاستی پولیس نظام کا کردار:۔

ریاستی حکومتوں کی بنیادی ذمہ داری امن وامان کو برقرار رکھنا ہے ریاستی حکومت کے پاس ایک پولیس انتظامیہ ہے جوایک عاملہ طبقہ (ایگزیکٹیو کلاس) اور مشاورتی (ایڈوائزری کلاس) پر مشتمل ہے۔ریاستوں میں پولیس محکمہ وزیر داخلہ کے ماتحت ہے یہ وزیر پولیس انتظامیہ کی دیکھ بھال کے ذمہ دار ہے ہوم سیکریٹری محکمہ داخلہ کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے۔اورایک آئی اے یس افسر ہوتا ہے جووزیر داخلہ کواپنے فرائض کے انجام دہی میں مشورہ اور مدد کرتا ہے۔محکمہ داخلہ پولیس انتظامیہ کی نگرانی اور رابطہ کاری کا کام انجام دیتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

پولیس انتظامیہ کا ڈھانچہ درج ذیل ہے۔

وزیر داخلہ

↓

ہوم سیکریٹری

↓

ڈائریکٹر جنرل اور انسپیکٹر جنرل اف پولیس ڈی جی اور ائی جی پی
(ریاستی محکمہ پولیس کے سربراہ)

↓

ڈائریکٹر جنرل اف پولیس ڈی جی پی

↓

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل اف پولیس اے ڈی جی پی

↓

انسپیکٹر جنرل اف پولیس ائی جی پی

↓

ڈپٹی انسپیکٹر جنرل اف پولیس ڈی ائی جی

↓

سب زونل افس کے سربراہ

↓

سپرٹینڈنٹ اف پولیس (یس پی)
(ضلعی پولیس افیسر)

↓

ایڈیشنل سپرانٹنٹ آف پولیس (اے یس پی)
(ایڈیشنل ڈسکٹ سپرانٹنٹ آف پولیس)

↓

ڈیپوٹی سپرانٹنٹ آف پولیس (ڈی وائی ایس پی)

@KTLS
NOT TO BE REPUBLISHED

(سب ڈویزنل افس کا سربراہ)

↓

سرکل پولیس انسپیکٹر (سی پی ائی)

(سرکل افس کے سربراہ)

↓

سب انسپیکٹر اف پولیس (پی ایس ائی)

پولیس اسٹیشن کا سربراہ

↓

اسسٹنٹ سب انسپیکٹر (اے ایس ائی)

↓

ہیڈ کانسٹیبل (ایچ سی)

↓

پولیس کانسٹیبل (پی سی)

↓

پولیس کا نظام امن وامان برقرار رکھنے میں انتہائی اہم کردار نبھا رہا ہے

آپ کو پتہ ہونا چاہیے:

کسی بھی ناخوشگوار واقعے کے صورت میں آپ قریبی پولیس میں شکایت درج کر سکتے ہیں شکایت بھرنے کے بعد FIR اول معلوماتی رپورٹ درج کی جائے گی۔

(ڈی جی اور ائی جی پی ڈائریکٹر جنرل اور انسپیکٹر جنرل اف پولیس)

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے:

1. بابائے عوامی انتظامیہ (پبلک اڈمینسٹریشن) ———— کو کہا جاتا ہے۔
2. لفظ پبلک اڈمینسٹریشن ———— نے سب سے پہلے استعمال کیا۔
3. یو این پبلک سرویس کمیشن کے ممبران ———— سے نامزد ہوتے ہیں۔
4. ہندوستان کے دستور کی دفعہ ———— تحت ریاستی پبلک سرویس کمیشن کا قیام کیا گیا۔

II. گروپ میں بحث کریں اور درجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

5. موجودہ دور میں عوامی انتظامیہ بہت ضروری ہے۔ بحث کریں۔
6. ایک فرد کی پیدائش سے موت تک عوامی انتظامیہ کے کام ضروری ہیں اس بیان کو درست ثابت کریں۔
7. بھرتی کے اقسام کے بارے میں وضاحت کریں۔
8. امن وامان بقرار رکھنے میں ریاست کا اہم کردار ہے۔ کیسے؟

III. منصوباتی کام:

1. مرکزی عوام کمیشن کے ذریعے مختلف خدمات کے لئے کئے جانے والے امتحانات کی فہرست بنائیں۔
2. ریاستی پولیس کے انتظامی نظام کی درجہ بندی کا چارٹ تیار کریں۔

IV. سرگرمی:

1. اپنے قریبی پولیس اسٹیشن، پولیس افسر سے بات کریں۔ امن کے قیام میں محکمے پولیس کے کردار کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کریں۔
2. ٹرافک پولیس سے ٹرافک قوانین کے بارے میں معلومات اکھٹا کریں۔ اور فہرست بنائیں۔

...

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب:7

[Challenges of India and Their Remedies]

ہندوستان کے مسائل اوران کا حل

اس باب میں درج ذیل نکات کا مطالعہ کریں گے؛

- فرقہ واریت
- علاقائیت
- ناخواندگی
- بدعنوانی
- صنفی اقلیت
- معاشی غیر مساوات
- آبادی کا دھماکہ
- غربت
- منافع خوری
- اسمگلنگ
- صنفی امتیاز

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1947 سے ہم کئی داخلی اور خارجی (اندرونی۔ بیرونی) مسائل سے گھرے ہوئے ہیں ان مسائل کو مناسب منصوبے اور بہترین انتظامیہ کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے۔ ہمارے ملک کے جمہوری نظام میں مرکزی، ریاستی اور مقامی حکومتوں کے ان مسائل کو حل کرنے کے لئے عوام کی مدد کی بے حد ضرورت ہے۔

اس طرح سے ہمارے ملک کو درپیش مسائل کون کونسے ہیں، کیا یہ جاننا ہمارا فرض نہیں ہے؟ جی ہاں ہم ان تمام قومی مسائل کے متعلق جاننا اور ان کے حل کے لئے مناسب تدابیر کو بھی ڈھونڈنا ہے۔ ان میں سے زیادہ تر انسان کے بنائے ہوئے مسائل اور قومی خطرات ہوتے ہیں۔ اس طرح ہم ان مسائل کے انسان دوست تدارکی تدابیر کو بھی ڈھونڈنا چاہئے۔ مناسب قانونی اصلاحات یا آئینی اصلاحات، مستحکم انتظامیہ۔ غیر جانب دار عدلیہ کا انتظام اور عوامی مدد سے ان مسائل کے حل کی کوشش ہونی چاہئے۔ آیئے ان مسائل کے بارے میں جانیں گے۔

1. فرقہ وارایت:

فرقہ واریت ہندوستانی سماج کا ایک اہم اور سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ مذہب کے نام پر ایک پورے سماج کی تقسیم اور ایک ہی زمین پر رہنے والے افراد کی آپسی دشمنی کے جذبے کو ابھارنا ہی فرقہ واریت کہلاتا ہے۔ فرقہ واریت سماج کو مذہب کی بنا پر تقسیم کرتی ہے۔ آپس میں بدگمانی اور پُرخطر اندیشے پیدا کرتی ہے اور ماحول کو شک والا ماحول بناتی ہے۔ دوسرے طریقہ سے کہا جائے تو یہ سماجی گروپ بندی، معاشی عداوت اور سیاسی دشمنی کو ظاہر کرتی ہے۔ ہندوستان جیسے ملک میں فرقہ واریت ایک ایسا خطرہ ہے، جو پورے سماج کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ دو مذہبی طبقوں کے درمیان قومی اتحاد اور اتفاق کو نفرت کے فلسفہ میں بدل دیتی ہے۔ یہ سماج کی بے چینی کو بڑھاتے ہوئے زندگی اور جائیداد کو تباہ و برباد کر دیتی ہے۔ فرقہ واریت مذہبی طبقوں کے درمیان ناجائز تہمت بازی، جسمانی ٹکراؤ اور بدزبانی کو بھی پھیلاتی ہے۔

انگریزی حکومت کی پالیسی ''تقسیم کرو اور حکومت کرو'' نے مذہبی گروہوں کے مفادات کو قومی مفادات سے بالاتر سمجھا ہے۔ ملک میں فرقہ پرست طاقتیں اپنے اپنے نظریاتی قاعدوں کو بڑھاوا دینے کی کوشش کرتی ہیں۔ حالات ایسے ہیں کہ لوگ اپنے مذہبی فائدے کے لئے دوسرے مذاہب کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس سے قوم کی یکجہتی اور مضبوطی کو نقصان پہنچتا ہے۔ اس فلسفہ (نظریہ) کی وجہ سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر بُرا اثر پڑتا ہے کیونکہ اس سے دشمنی کی فضا پھیلتی ہے ملک ان مسائل پر قابو پانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

فرقہ واریت پر قابو پانے کے لئے درجہ ذیل اقدامات ضروری ہیں:۔

تمام شعبوں میں سیکولر اُصولوں کو مضبوط کرنا۔ سیکولر قومیت کو فروغ دینا جو مختلف مذاہب میں مساوات کو متاثر کرتا ہے۔ تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک سب کے لئے یکساں سیول کوڈ تعلیم میں سیکولر اُصولوں کو اپنانا، منظم قانونی نظام کو نافذ کرنا، مضبوط قومیت کے جذبہ کو فروغ دینا، فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کرنا۔ اُوپر بتائیے گئے اقدامات سے فرقہ واریت پر قابو پاتے ہوئے معاشرے میں ہم آہنگی کا ماحول پیدا کیا جاسکتا ہے۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

سیکولر یزم اور سیکولر تعلیم کے ذریعے فرقہ واریت کو بڑھنے سے روکا جاسکتا ہے۔عوامی شعور، سیاسی عزم، ایماندار انتظامیہ، معقول اور مستحکم قانونی نظام، مستحکم قومی جذبہ، بہترین اخباری ذرائع ان تمام کی مشترکہ کوششوں سے فرقہ واریت کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

2. علاقائیت:

عوام کا اپنے خود کے علاقے سے والہانہ محبت کا اظہار اور اس علاقے کے متعلق اپنی پسند اور دلچسپیوں والا رویہ ہی علاقائیت کہلاتا ہے۔ ہندوستان جیسے وسیع ملک میں مختلف علاقائی تفرقات کا پایا جانا ممکن ہے۔ ایک متعین حد تک یہ علاقائی فرمانبرداری جائز ہے۔اس سے لوگوں کو اپنے مقامی علاقوں کی ہمہ گیر ترقی کے لئے مدد ملتی ہے۔

خود کے علاقے کو ہی سب سے عظیم سمجھنے کی کوشش کو یہ بڑھاوا دیتا ہے۔لیکن یہ جذبہ جب حد سے زیادہ بڑھ جاتا ہے تو وہ قومی اتحاد اور ملک کی فلاح و بہبودی کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔اس لئے مخصوص علاقے کے عوام اپنے مخصوص علاقے کے جذبے کے ساتھ ساتھ مکمل ملک کی ترقی کے متعلق غور وفکر کرنے کی بے حد ضرورت ہے۔

ضروری ہے کہ ہر علاقہ کے لوگ دوسرے خطہ کا احترام کریں اور اپنے علاقہ سے لگاؤ کے ساتھ ساتھ ملک مجموعی ترقی کے بارے میں بھی سوچیں۔

علاقائیت پر قابو پانے کے لئے اٹھائے جانے والے اقدام اس طرح ہیں۔

اس طرح کے علاقائی جذبے کو دور کرنے کے لئے دستور ہند نے کئی طریقے بتلائے ہیں۔ واحد شہریت کے نظام کے ذریعے ہندوستان کے دستور نے قومی اتفاق اور اتحاد کو قائم رکھا ہے۔لیکن اس کے ساتھ ساتھ ملک کی وفاقی حکومت کے نظام کو قائم کرتے ہوئے علاقائی ترقی کے لئے بے حد مواقع فراہم کئے ہیں۔ ہمارے دستور کے دیباچہ میں ہی، ہم ہندوستان کے شہری..... جیسے اہم اقتباس کو شامل کر کے ہمارے ملک کی قومیت کو راست طریقے سے برقرار رکھنے کا خیال متعین کیا ہے۔

ہمارا دستور ملک میں واحد شہریت فراہم کر کے قوم کے اتحاد اور سالمیت کو برقرار رکھتا ہے۔اس نے وفاقی نظام کے عناصر کو لاگو کر کے علاقائی ترقی زیادہ مواقع فراہم کئے ہیں۔ ہمارے دستور بنانے والوں نے

@KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان کے لئے ایک نیم وفاقی نظام بنایا ہے جو ریاست کو خودمختاری دیتا ہے۔مرکزی حکومت ملک کی سالمیت کو برقرار رکھنے کے لئے ریاستوں کی سرگرمیوں کو مربوط (بناتی ہے)۔ ہندوستان کے شمال مشرقی خطوں کی ترقی کے لئے ''شمال مشرقی خطے کی ترقی کی وزرات قائم کی ہے۔

ذیلی علاقائیت (sub regionalism):

ریاست کے اندر مختلف علاقوں میں پائی جانے والی علاقائیت کو ذیلی علاقائیت کہتے ہیں۔علاقائی غیر توازن، ذیلی علاقائیت کی اہم وجہ ہے۔اس طرح کا علاقائی غیر توازن کرناٹک میں دیکھا جاسکتا ہے۔ کرناٹک میں عدم توازن کو ختم کرنے کے لئے اوران علاقوں کو مخصوص اہمیت دی گئی ہے اس کے لئے ڈاکٹر ڈی ،یم، نجنڈپّا کمیٹی، ملناڈ ترقی بورڈ، کلیان کرناٹک بورڈ، میدانی علاقوں کا ترقی بورڈ، اور ساحلی علاقوں کا ترقی بورڈ، علاقائی عدم توازن کو ختم کرنے کے لئے دفعہ 371j کے تحت کلیان کرناٹک کے 7 ضلعوں کو خصوصی پہچان دی گئی ہے۔

> **یہ بھی معلوم کیجئے:**
> *''تمام لوگوں میں موجود غیر مساوی مہارتوں کی مساوی نشوونما کے مواقع صرف جمہوریت سے ہی ملتے ہیں'' ڈاکٹر لیس رادھا کرشنن*
> ***2015 میں اقوام متحدہ تنظیم اعلان نامے میں 17 پائیدار ترقی کے 4 پائیدار ترقی کی ہدف میں معیاری تعلیم کی بات کی گئی ہے۔***

3. ناخواندگی:

ناخواندگی ہندوستان کا ایک اہم مسئلہ ہے۔ابھی ملک میں مکمل خواندگی کو لانے کی ضرورت ہے۔ غربت، نقل مکانی، بچہ مزدوری، بچپن کی شادیاں، شیر خوار بچوں کو پالنے پوسنے یا پرورش کرنے کے کام کو بڑے بچوں کا استعمال کرنا، تعلیم دلانے سے عدم دلچسپی وغیرہ ناخواندگی کے لئے اہم اسباب ہیں۔ ملک کی ترقی کے لئے تعلیم ضروری ہے۔جمہوری طرز کے نظام میں اپنی خود کی ذمہ داریوں کو معلوم کرنا ہر ایک کا فرض ہے۔اس طرح سے ناخواندگی جیسے مسئلہ کو دُور کیا جاسکتا ہے۔

> **سرگرمی:**
> فرض کرو کے تم ایک گرام پنچایت کے چیرمین ہو اور اس طرح سے تمہاری پنچایت کے حدود میں ناخواندگی کو دور کرنے کے لئے تم نے کیا عملی منصوبہ تیار کیا ہے۔اپنے دوستوں سے بحث کیجئے۔

آزادی کے وقت، خواندگی کی شرح صرف 12% فیصد تھی لیکن 2001 میں 66 فیصد تک اس کا اضافہ ہوا۔ 2011 میں خواندگی کی شرح **74.04 فیصد** ہوگئی۔لیکن اب بھی 25.96 فیصد لوگ ناخواندہ ہیں۔اس لئے حکومت نے ناخواندگی کے مسئلہ کو دُور کرنے کے لئے کئی منصوبہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بنداقدامات کو اپنایا ہے۔ 2001 سے ملک بھر میں 6 سے 14 سال کی عمر کے تمام بچوں کی مفت تعلیم کے لئے سرواشکشنا ابھیان پروگرام کو جاری کیا گیا۔ اس کے تحت لڑکیوں، معذوروں اور عورتوں کی بیداری کے لئے ترجیح فراہم کرنے کے واسطے تعلیم دی گئی۔ ناخواندہ لوگوں کو خواندہ بنانے کے لئے حکومتِ ہند نے 1988 میں قومی تعلیم بالغاں مشن کو قائم کیا ''خواندہ ہندوستان'' 2009 جیسے پروگرام کے ذریعے ناخواندگی کو دور کرنے کے بھی اقدامات اپنائے گئے ہیں۔

ناخواندگی کے خاتمے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات: حکومتِ ہند نے ناخواندگی کے خاتمے کے لئے کئی منصوبہ بند اقدامات کیے ہیں۔ وہ درجہ ذیل ہیں۔ 1988 میں قومی خواندگی مشین (NLM) نیشنل لٹریسی مشین شروع کیا گیا۔ سرواشکشا ابھیان (SSA)، پروگرام 2001 میں نافذ کیا گیا تھا۔ معذور بچوّں کی تعلیم، خواتین کی تعلیم اور خواتین کی بیداری کو بھی اس میں ترجیح دی گئی۔ آئین کے دفعہ 21(A) کے مطابق 6 سے 14 سال کے عمر کے بچّوں کے لئے مفت اور لازمی تعلیم بچوّں کا بنیادی حق ہے۔ 2009 میں تعلیم کا حق ایکٹ (RTE- The Right of Children to Free and compulsory Eduction Act 2009) **سارے ملک میں نافذ کیا گیا۔ لیٹریٹ انڈیا پروگرام 2009 میں نافذ کیا گیا تھا** ۔ 2018 میں سزا کا ایک جامع نظام نافذ کیا گیا تھا۔ نو بھارت خواندگی پروگرام (2022-23 سے 2026-27) تک لاگو کیا گیا ہے۔ یہ تمام پروگرام خواندگی کی ترقی کی تکمیل کرتے ہیں۔

یہ بھی معلوم کیجئے:

: 1986ء میں ریاستِ کرناٹک نے کرناٹک لوک آیکت ایکٹ کو نافذ کیا۔ اس کے مطابق لوک آیکت تنظیم وجود میں لائی گئی لوک آیوکتہ اور اُپا لوک آیکت اس تنظیم کے سربراہ ہیں۔ اگر سرکاری کام میں بدعنوانی، غیر ضروری تاخیر ہو تو یا عوام کو حراساں کیا جاتا ہے تو لوک آیکت سے شکایت کریں۔ جسٹس AD کوشال کرناٹک کے پہلے لوک آیکت تھے۔

4. بدعنوانی (رشوت خوری):

ہندوستان کی عوامی زندگی کا ایک اہم مسئلہ بدعنوانی ہے۔ عملی طور پر یہ زندگی کے ہر شعبے اور ہر سطح پر پھیلی ہوئی ہے۔ رشوت کی لین دین اور دوسرے غیر قانونی طریقے سے غلط کرنے کی طرف راغب کرنا ہی بدعنوانی کہلاتی ہے۔ یہ صحیح کاموں اور قانونی طور پر درست چیز کے خلاف ہے۔ اس سے مراد ہماری عوامی زندگی سے منسلک طاقت اور اثر ورسوخ کا غلط اور خودغرضانہ استعمال ہے۔ انفرادی اور ذاتی فائدہ کے لئے اصولوں اور قوانین کا غلط

NOT TO BE REPUBLISHED @ITBS

استعمال بدعنوانی ہے۔ یہ ایک متعدی مرض کی طرح سماج میں اپنی جڑوں کو مضبوط کر رہی ہے۔

رشوت خوری کے اسباب:

عوام کو متاثر کرنے والی رشوت خوری کے وجوہات یہ ہیں۔ ذات پرستی، سیاسی رسوخ، ذمہ داری کی کمی ،سخت قانون کی کمی ،انسان کی خودغرضی ،خطرے سے بچنے کے طریقہ ،کڑی نگرانی کی کمی ،غیر ذمہ دار رشوت مخالف تنظیمیں اور سیاسی مداخلت وغیرہ۔

رشوت خوری کا جال:

جرائم جیسے ٹیکس سے ہم کناری ،ذخیرہ اندوزی ،اسمگلنگ ، بے ایمانی ،فریب ،غیر ملکی مبادلات کے حقوق کی پامالی ، پیشہ وارنہ غلط برتاؤ۔ سب بدعنوانی کے ذیلی پہلو ہیں۔

رشوت خوری کے نتائج:

رشوت خوری مختلف منفی نتائج کی وجہ بنتی ہے۔ وہ درجہ ذیل ہیں۔

رشوت خوری ایک غیر قانونی فعل ہے۔ یہ ایک غیر سماجی اور غیر اخلاقی فعل ہے۔ اچھے انتظامیہ کا دشمن یہ انتظامیہ میں شفافیت اور جوابدہی کو متاثر کرتی ہے۔ سیاسی رشوت خوری منظم جرائم کا باعث بنتی ہے یہ سرکاری خدمات میں نوکر شاہی غلطیوں اور دھوکہ دہی کی اجازت دیتی ہے اس سے ملک کا سماجی معاشر اور سیاسی نظام کمزور ہوتا ہے۔

> **سرگرمی:**
> ہندوستانی شہری ہونے کے ناطے ،بدعنوانی کو قابو میں رکھنے کے لئے اپنے خیالات کو اساتذہ کے ساتھ تبادلہ خیال کیجئے۔

رشوت خوری پر قابو پانے کے لئے کئے گئے اقدامات:

محض رشوت خوری پر تنقید اور اس کے ساتھ سمجھوتہ کرنے سے رشوت خوری پر قابو نہیں پایا جاسکتا اس کے لئے حکومتِ ہند نے انتظامیہ میں بڑے پیمانے پر رشوت خوری پر قابو پانے کے لئے ریاستی اور قومی سطح پر لوکایوکت اور لوک پال جیسے ادارے قائم کئے گئے ہیں۔ مرکزی چوکسی کمیشن سینٹرل ویجینس کمیشن CVC رشوت خوری کی روک تھام ایکٹ 1988 کو نافذ کیا ہے۔ معلومات کا حق ایکٹ RTI2005 نافذ کیا گیا ہے۔ سرکاری دفاتر کی

> **سرگرمی:**
> ''کسی ملک میں عورتوں کے مقام کو جاننے کے بعد ہی وہاں کے مسائل کو سمجھا جاسکتے ہے۔''
> پنڈت جواہر لال نہرو۔

© KSEB'S NOT TO BE REPUBLISHED

اسکمیں جیسے سکالا Sakala، لوگوں کا ردعمل (جنا سیوک) وغیر، گورنمنٹ دفاتر میں سی سی کیمرے لگائے گئے ہیں، شکایت باکس سرکاری دفاتر میں رکھے گے ہیں۔

رشوت خوری کے خاتمے کے لئے اور کیا اقدامات کئے جاسکتے ہیں:۔

بڑے پیمانے پر پھیلی ہوئی رشوت خوری کو مضبوط انفرادی، سماجی اور اخلاقی بنیادی کے ذریعے ختم کیا جاسکتا ہے۔

سرگرمی:
اپنے مقامی پنچایت کی خواتین اراکین سے خواتین کے مقام سے متعلق انٹرویو کیجئے۔

ہر سطح پر رشوت خوری کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے مضبوط اور سخت سزا والا نظام ضروری ہے یہ قابل تعریف ہے کہ حال ہی میں مختلف سرکاری محکموں کے ملازمین اور افسران اپنے دفتر میں سائن بورڈ لگائے ہیں۔ میں رشوت خور ملازم نہیں ہوں میں رشوت نہیں لیتا اور اس پر عمل بھی کرتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں، اچھّی سیاسی قیادت جواب دہ بیورو کریسی اور قانونی طور پر سمجھ دار شہریوں کو بدعوانی کی لعنت پر قابو پانے کے لئے مشترکہ جدوجہد کرنا ہوگا۔ بدعنوانی پر قابو پانے کے لئے تمام اقدامات کو موثر طریقے سے نافذ کیا جائے۔ لوک پال اور لوک آیکت اداروں کو نافذ کیا جائے۔ ہر سطح پر بدعنوانی کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کے لئے ایک انتہائی سخت تعزیری نظام ضروری ہے۔

5. صنفی امتیاز (عورت کا مقام):

کنڑ ازبان کی مشہور کہاوت میں کہا ہے کہ ''جو ہاتھ جھولا جھولاتا ہے دنیا پر راج کرسکتا ہے۔'' خواتین کو تمام شعبوں میں نمایاں دیکھا جاسکتا ہے۔

آزادی سے قبل بھی عورتوں کے کارناموں کی شناخت کی جاچکی ہے۔ جھانسی کی رانی لکشمی بائی، کتور رانی چنمّا، اینی بیسنٹ، کستور با گاندھی، ساوتری بائی پھولے، فاطمہ شیخ وغیرہ کو بھی یاد کیا جاسکتا ہے۔ آج کل ٹیچرز، انجنئرز، ڈاکٹر، پائلٹ، خلاباز، پولیس، سیاست دان، دفاعی عملہ، ثقافتی اور عوامی انتظامیہ سیاحت وغیرہ کے طور پر عورتیں کام کررہی ہیں۔ اس کے باوجود عورتوں کے مقام میں ترقی کی ضرورت ہے۔ سماجی پالیساں، غریبی اور ناخواندگی جیسے اسباب خواتین کے مقام کو کمزور بنارہے ہیں۔ یہ ملک کی ترقی کے لئے ایک مسئلہ بن گیا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


خواتین نے تمام شعبوں میں بے مثال کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ کاروبار کی طرح اور قومی اور بین الاقوامی زندگی کے تمام شعبوں میں تاہم خواتین کی حیثیت اب بھی غیر معمولی ہے اور سماجی عہدوں پر صنفی تعصب کو ختم کرنے کی ضرورت ہے۔



میرا کماری
پہلی لوک سبھا اسپیکر خاتون



سوچیتا کرپالانی
پہلی وزیر اعلیٰ خاتون



سروجنی نائیڈو
پہلی گورنر خاتون



پرتیبھا سنگھ پاٹل
پہلی صدر ہند خاتون



اندرا گاندھی
پہلی وزیر اعظم خاتون

ہندوستان میں اندرا گاندھی پہلی وزیر اعظم بنی اور پرتیبھا سنگھ پاٹل پہلی صدر ہند فاطمہ بی بی پہلی جج اور محترمہ رمادیوی پہلی چیف الیکشن کمشنر، خواتین کی اچھی خاصی تعداد عورت گورنر و زرائے اعلیٰ سفیروں کے طور پر فرائض سرانجام دے رہی ہیں۔ اب تک ایسے کئی اعلیٰ عہدوں پر فائض ہیں۔

صنفی امتیاز کو ختم کرنے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات:

مرکز اور ریاستی حکومتوں میں خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزارت قائم کی گئی ہے جو خواتین کی تعلیم اور ترقی کو بہتر بنانے کے لیے شروع کیے ہیں۔ مرکزی اور ریاستی سرکاری ملازمتوں کی بھرتی میں بھی خواتین کو ریزرویشن دیا گیا ہے۔

سرگرمی:
حکومتِ ہند کی روزگار کی ضمانت (اودیوگا ماتھری) کی اسکیم کے متعلق معلومات حاصل کیجئے اور ان کے سہولیات کی فہرست تیار کیجئے۔

قومی اور ریاستی خواتین کمیشن قائم کئے گئے ہیں۔ ریاستی سطح پر خواتین ترقی کارپوریشن قائم کی گئی ہے، ''سکھی ون اسٹاپ'' شروع کیا گیا، خواتین پر تشدد سے تحفظ کا ایکٹ 2005 نافذ کیا گیا۔ کام کرنے کی جگہوں پر خواتین کی جنسی ہراسانی کی روک تھام ایکٹ بنایا گیا۔ 2013 کے قانون کے مطابق کرناٹک میں مقامی حکومتوں میں خواتین کے لیے 50 فیصد نشستیں مختص ہیں۔ خواتین کے لیے ہیلپ لائن نمبر 1091 کی سہولیات فراہم کی گئی ہے۔ پارلیمنٹ نے 128 ترمیم کے مطابق دستور کی 182 ترمیم کے بعد ''ناری شکتی وندانا ایکیٹ'' پاس کیا ہے جس کے تحت خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن دیا جانا ہے۔ لوک سبھا اور ریاستی قانون ساز اسمبلی میں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

6) صنفی اقلیتیں:

جسمانی اور ذہنی طور پر جو افراد اپنے جنین (Gender) رویے کے خلاف محسوس کرتے ہیں اور عمل کرتے ہیں انہیں صنفی اقلیت کہا جاتا ہے۔ صنفی امتیاز (فرق) میں عام طور پر صنفی اقلیتوں کے خلاف امتیازی سلوک بھی شامل ہے۔ صنفی اقلیتیں وہ ہیں جن کا جسمانی اور سماجی رویہ اس صنف سے مختلف ہے جس کے ساتھ وہ پیدا ہوئے ہیں۔ یہ مردوں اور عورتوں دونوں کے جسمانی کرداروں کے حامل افراد کی جماعت ہے۔

پدرانہ نظام کے معاشرتی اصولوں سے بنے ہوئے معاشرے کے درمیان ہونے کی وجہ سے وہ عام مردوں اور عورتوں کی طرح ایک خاص انفرادیت کے ساتھ رہے نہیں پاتے۔ وہ اس الجھن میں ہیں کہ وہ عورت کی طرح رہنا چاہیے یا مردوں کی طرح انکی ذاتی اور اجتماعی عزت کو برقرار رکھنے کے لئے انہیں مختلف ناموں سے مخاطب پکارا کے جاتا ہے جیسے ''اردھا نریشورا'' اور تیسری جنس۔ ان کے ایک کارکن ''اکا پد ماشالی'' کے تحت انہیں صنفی اقلیت-Third Gender کے طور پر پکارا جائے صنفی اقلیتوں کو کے ساتھ سلوک اور امتیازی سماجی سلوک اور امتیازی سلوک زیادہ ناروا ہوتا ہے۔ اگر مظلوم برادری کے ساتھ امتیاز سلوک کے ساتھ موازنہ کیا جائے۔

خاندان، تعلیم، پڑوسی، صحت، روزگار سے لے کر عام عوام تک کا انکے ساتھ انسانوں کے جیسے سلوک نہیں کرتے۔

صنفی اقلیتوں کو بااختیار بنانے کے لئے کئے گئے اقدامات:۔

بھارت میں صنفی اقلیتوں کے ساتھ امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لئے متعدد اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ 2014 میں سپریم کورٹ نے صنفی اقلیت کے حوالے سے ایک تاریخی فیصلہ دیا۔ اس فیصلے کی بنیاد پر مرکزی اور ریاستی حکومتوں نے کئی اقدامات کئے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

حکومت ہند نے ٹرانس جینڈر اقلیتی تحفظ کے حقوق کا قانون 2019 میں لاگو کیا۔ اسے قابلِ سزا جرم قرار دیا گیا کہ کوئی بھی غیر جنس والے افراد کو ان کے خاندانوں سے الگ نہیں کرسکتا، اور نہ انہیں اپنے گھر، برادری اور گاؤں چھوڑنے پر مجبور کرسکتا ہے۔ حکومت ہند نے انہیں بااختیار بنانے کے اور وزارتِ انصاف نے صنفی اقلیتی افراد کی بہبود کے لئے ایک ذیلی پروجیکٹ کے تحت صنفی اقلیتی افراد کی بہبود کے لیے ایک ذیلی پروجیکٹ بنایا ہے جو (support for marginalized individuals for livelihood and enterprise) SMILE معاش کے لیے پسماندہ افراد کے لیے مدد کہلاتا ہے۔ صنفی اقلیتی افراد کے لئے ایک قومی کونسل

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTES

(NCPT) قومی کونسل برائے صنفی اقلیتی افراد کی تشکیل دی گئی ہے۔ ان افراد کے لیے ایک قومی پورٹل بنایا گیا ہے۔ 'گریما گرھا' کے تحت انکے لئے گھر بنایا جارہا ہے۔

2008 تمل ناڈو حکومت کے ذریعہ صنفی اقلیتوں کا ویلفیر بورڈ (فلاح و بہبودی) کے قیام کو سراہا گیا ہے ۔ اور حکومتِ کرناٹک نے صنفی اقلیتوں پر کرناٹک ریاستی پالیسی 2017 کو نافذ کیا گیا ہے۔ جس سے ½ 1 سرکاری ملازمتوں میں ریزرویشن دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ انہیں تعلیم حاصل کرنے سرکاری ملازمتوں میں شامل ہونے اور الیکشن لڑنے کے موقع فراہم کیے گئے ہیں۔

منجما جوگتی کرناٹک جناپدھا اکیڈمی کے صدر کے طور پر خدمات انجام دینے والی پہلی ٹرانس جنڈر اقلیتی شخصیت ہیں۔

شبنم موسی قانون ساز اسمبلی کی رکن منتخب ہونے والی خواجہ سرا اقلیتی برادری سے پہلی شخصیت بن گئی۔

7) معاشی عدم مساوات:۔

سرگرمی :۔ غربت کو دور کرنے کے لئے سیاسی حکومت کے کئے گئے اقدامات کی فہرست تیار کیجئے۔

معاشی عدم مساوات ہندوستان کہ بڑھتے ہوئے مسائل کا ایک اہم نقطہ نظر ہے۔ اس سے مراد غریبوں اور امیروں کے درمیان بڑھتا ہوا فاصلہ ہے۔ عدم مساوات دیہی اور شہری معاشروں کے درمیان زیادہ سے زیادہ نظر آتا ہے۔

غریب اکثر مایوس ہوتے ہیں کیونکہ سرکاری پروگراموں کے فائدے غریب عوام کی دہلیز تک صحیح طریقے سے نہیں پہنچ پاتے۔ نجی کمپنیوں میں زیادہ تنخواہوں کا رواج، کثیر ملکی کمپنیوں کا رواج، سفید کلر نوکریوں کا بڑھتا ہوا طبقہ، منافع خوری رشوت خوری ان سب کا مشترکہ اثر ہے کہ دولت مندوں اور غریبوں کے درمیان فرق کافی زیادہ بڑھتا جارہا ہے۔

حکومت کا اولین فرض ہے کہ وہ امیر اور غریب کے درمیان فاصلے کو ختم کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے۔ ہندوستان میں منصوبہ بندی جامع ہونا چاہیے اور اور معاشی اختلافات کو کم کرنے کے لیے مناسب توجہ دینی چاہیے۔ غریبوں اور قبائلوں کو ترقی کا شکار بنانے کے بجائے ان کو حصے دار بنانا چاہیے۔ صنعتوں کے قیام اور (باندھ)، ڈیم وغیرہ کی تعمیر کے لیے کئی مرتبہ وہ اپنی زمینوں اور رہائش گاہوں سے بے گھر ہو جاتے ہیں ایسے اوقات میں ان کی مناسب بحالی اور کمائی کے مواقعوں کے متعلق مناسب خیال رکھنا چاہیے۔ معاشی عدم مساوات کو دور کرنے کے لیے مناسب معاشی اصلاحات، محتاط مالیاتی پالیسیاں، صحت مند ٹیکس کا نظام، چھوٹے پیمانے اور دیہی صنعتوں کی ترقی کرنا چاہیے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

معاشی عدم مساوات کے خاتمے کے لئے درجہ ذیل اقدامات ضروری ہیں۔

اقتصادی عدم مساوات ،بہتر اقتصادی اصلاحات ،منصوبہ بند مالیاتی ، انتظامی ،ترقی پسند ٹیکسیشن نظام، چھوٹے اور دیہی گھریلو، گھریلو صنعتوں کی ترقی، بڑے صنعتوں اور اجارہ داری شعبوں پر مناسب کنٹرول ہٹایا جاسکتا ہے۔

8 . آبادی میں اضافہ (over population):

آبادی کے لحاظ سے ہندوستان دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے۔ دنیا کے 2.4 فیصد زمینی حصّہ پر ہمارا بسیرا ہے۔ دنیا کی آبادی کا 17.5% ہے۔ 2001-1991 کی دہائی کے دوران آبادی 84 ملین سے بڑھ کر 102.7 کروڑ ہوگئی ۔ 2011 کے مردم شماری کے مطابق یہ آبادی 121 کروڑ تک سے بھی پہنچ گئی ہے۔ گذشتہ دہائی کے دوران ترقی کی شرح تقریباً 17.70 فیصد رہی۔ شرح پیدائش میں اضافہ، شرح اموات میں کمی، طویل عرصہ تک زندہ رہنے کی مدت میں اضافہ، نوزائیدہ بچوں کی اموات میں کمی ہندوستان میں زیادہ آبادی کے لئے اسباب بنے ہوئے ہیں۔

آبادی میں تیزی سے اضافہ میں بے روزگاری جیسے مسائل پیدا کئے ہیں۔ ناخواندگی، غربت، بھوکمری ، رہائشی، صحت، پانی کی کمی وغیرہ آبادی کے دھماکہ کے پیدا ہونے والے مسائل۔

آبادی کے دھماکے سے پیدہونے والے مسائل کو حل کرنے کے طریقے:۔

خواندگی میں اضافہ، ٹکنیکی ، زراعت کی ترقی، صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافہ، شہری اور دیہی علاقوں میں رزگار میں اضافہ، وغیرہ۔ آبادی کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کو حل کرنے کے طریقہ کار ہیں۔

آبادیاتی منافع:

ہندوستان کی آبادی فی الحال اپنے موجودہ حالت میں آبادیاتی منافع ہے۔ آبادیاتی منافع سے مراد یہ ہے کہ یہ ایک ایسی حالت ہے جہاں کام کرنے والی آبادی کُل آبادی سے زیادہ ہے۔ ہندوستان کی کُل آبادی میں کام کرنے والی آبادی 62 فیصد ہے۔ اگر ہم اس آبادیاتی منافع کا استعمال کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں عوام کی صحت کی معیاری تعلیم کی مہارت اور تربیت فراہم کرنے کی ضرورت ہے بجائے آبادی کو بوجھ سمجھنے کے۔ ہمیں علمی ہنر اور قابلیت کے ساتھ آبادی کو انسانی وسائل میں تبدیل کرنا چاہیئے۔ اس لئے ہم آبادی کو قوم کی ترقی کا ضمیہ اثاثہ بنا سکتے ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

9. غربت (poverty)

غربت ہندوستان کا ایک عظیم مسئلہ ہے۔ لوگوں کو مناسب غذا، لباس، رہائش اور بنیادی سہولیات کا نہ ملنا ہی غربت کہلاتا ہے۔ اب بھی ہندوستان کے شہری اور دیہی دونوں حصّوں میں پر غربت پائی جاتی ہے۔

غریبی کو دور کرنے کے لئے اٹھائے گئے اقدام:۔

آزادی کے بعد ریاستی اور مرکزی حکومتوں نے غربت کو دور کرنے کے لئے کئی منصوبوں کو جاری کیا ہے۔ ملک میں غربت کو دور کرنے کے لئے اور فی کس آمدنی کو بڑھانے کے لئے پنچ سالہ منصوبے جیسے پرو گراموں کو تشکیل کر کے عمل میں لایا جا رہا ہے۔ اسی طرح جواہر روزگار یوجنا، (MGNREGA) مہاتما گاندھی دیہی روزگار گیارنٹی ایکٹ 2005، ''پردھان منتری گرامودیا یوجنا (PMGY)'' قومی دیہی ذریعے معاش مشین (NRLM)، قومی شہری ذریعہ معاش مشن (NULM)، قومی غذائی تحفظ ایکٹ (NFSA)، پردھان منتری غریب کلیان انّا یوجنا (PMGKAY) وغیرہ جیسے منصوبوں سے غربت کو دور کیا جا رہا ہے۔ ہمارے ملک میں بے انتہا قدرتی اور انسانی وسائل کی دولت بھری ہوئی ہے۔ ان کا صحیح اور مناسب استعمال اور پیداوار وصنعتوں کو کام میں لاتے ہوئے ملک کی غربت کو دور کیا جا سکتا ہے۔ پیداوار میں اضافہ اور مناسب تقسیمی انتظام کے ذریعہ قومی دولت کی مساوی تقسیم حاصل کی جا سکتی ہے۔

10. منافع خوری (Profiteering):

بحث کیجئے:۔ چند اوقات پیاز کی قیمت ایک کے جی 80 روپئے ہوتی ہے اور بعض اوقات 20 روپئے کیوں؟

عام لوگوں یا صارفین سے زیادہ نفع حاصل کرنے کو نفع خوری یا منافع خوری کہا جاتا ہے۔ کاروبار میں بہت ہی آسان طریقے سے زیادہ سے زیادہ روپیہ کمانا ایک غلط طریقہ ہے۔ یہ منافع خوری سماج کو ایک رشوت خور سماج بناتی ہے۔ اس سے معاشی غیر مساوات کا خدشہ رہتا ہے اور غربت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ اس سے سماج میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔

منافع خوری کے اسباب:

کاروباری گھرانوں کی اجارہ داری، ملٹی نیشنل کارپوریشن کا پھیلاؤ، بازار کے غیر صحت مند طریقے، ذخیرہ اندوزی، کالا بازاری، کمرشیل احکام کی جانب سے قیمتوں کی مناسب نگرانی نہ کرنا کچھ ایسے عوامل ہیں جو منافع

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

خوری کا باعث بنتی ہیں۔منافع خوری ایک غیر اخلاقی عمل ہے۔

منافع خوری کے اثرات: منافع خوری سے معاشی عدم ومساوات بڑھ جاتی ہے۔

منافع خور کے مضر اثرات معاشرے میں جرائم میں اصافہ کرتے ہیں۔اس سے زیادہ کالا دھن غیر احلاقی کاروباری لین دین اور اشتہارات کے قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے جس سے مہنگائی میں اضافہ ہوتا ہے اور غربت میں اضافہ ہوتا ہے۔لوگ میں سے زیادہ تر مال تاجر طبقہ کے ہاتھ میں چلا جاتا ہے۔

منافع خوری پر قابو پانے کے اقدام:۔

مناسب حکومتی ،ضابطہ، قیمتوں کے اشاریہ پر کنٹرول کو آپریٹو مارکیٹنگ شعبے کی توسیع ٹیکس کی مناسب پالیسی کی توسیع وقتاً فوقتاً جائزہ تاکہ گھریلو بازار وغیرہ میں اشیاء کی مناسب مقدار کو یقینی بنایا جاسکے۔یہ منافع خوری کو روکنے کے لئے کچھ اہم اقدامات ہیں۔

11. اسمگلنگ:(Smuggling)

اسمگلنگ ایک ایسا عمل ہے جو خفیہ اور غیر قانونی طور پر بیرونی ممالک سے اشیاء لانا اور کسی بھی درآمدی اور برآمدی محصول کی ادائیگی کے بغیر دوسرے ملکوں کو فروخت کرنا ہے۔اسمگلنگ قومی مفاد کے لئے خطرناک ہے یہ ناپسندیدہ معاشی سرگرمیوں کی طرف لیجاتا ہے جس کی وجہ سے مقامی صنعتوں اور بازاروں کے لئے یہ مجموعی طور پر بے حد نقصادہ ہے۔

اسمگلنگ پر قابو پانے کے اقدام:

مقامی بازاروں کی قیمتوں کو قابو کرنے والے درآمدی متبادل کی حوصلہ افزائی کر کے اسمگلنگ کو مؤثر طریقے سے روکا جاسکتا ہے۔مقامی بازروں کی قیمتوں کو قابو کرنا مناسب برآمدی، درآمدی پالیسی (Exim)، صحت مند غیر ملکی تجارتی پالیسی ،سخت ساحلی نگہبانی خدمات ، اقتصادی جرائم کے لئے تعزیری اقدامات، بین الاقوامی اور بین ریاست تجارتی معاہدے اسمگلنگ کو روکنے کے لئے اہم عمل ہیں۔

ہندوستان کے لوگ ایسا سمجھتے ہیں کے اوپر دئے ہوئے مسائل کو حل کرنے کا فرض حکومت کا ہے لیکن اپنی اپنی سطح پر ایسے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرنا ایک بہترین عمل ہے۔ان مسائل کے خلاف جنگ میں حکومت کے ساتھ ہاتھ ملانے سے ہم سب کو فائدہ ہوگا۔

©IGNOU NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. درج ذیل جملوں میں خالی جگہ کو بھرتی کرتے ہوئے جملوں کو مکمل کیجئے؛

1. خود کے علاقے کے ساتھ گہرا لگاؤ پیدا کرنا _____ کہلاتا ہے۔
2. معلومات کا حق کا ایکٹ _____ سال میں نافذ کیا گیا تھا۔
3. 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی آبادی _____ کروڑ سے زیادہ ہے۔
4. ہندوستان کی پہلی خاتون سپریم کورٹ کی جج _____ تھی۔

II. درج ذیل سوالات کے جوابات گروہوں میں بحث کرتے ہوئے دیجئے؛

5. فرقہ واریت پر قابو پانے کے لئے کیا اقدامات کئے جاسکتے ہیں؟
6. ناخواندگی کے خاتمہ کے لئے کئے گئے اقدامات بتایئے۔
7. صنفی امتیاز کو ختم کرنے کے لئے حکومتِ ہند نے کیا اقدامات کئے ہیں؟
8. آبادی میں اضافہ کے مسائل کو حل کرنے کے لئے کونسے طریقے اختیار کرنا چاہیئے؟
9. صنفی اقلیتیں کون ہیں؟ صنفی اقلیتوں کے ساتھ امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟
10. غریبی کے خاتمے کے لئے نافذ کئے گئے منصوبوں کی فہرست بنائیں۔
11. منافع خوری کے مختلف منفی نتائج ہوتے ہیں۔ بیانات کے دلائل پیش کریں۔
12. اسمگلنگ سے کیا مراد ہے؟ اس پر قابو پانے کے لئے تجاویز پیش کریں۔

III. سرگرمیاں:

1. تمہارے قریبی تاجر سے ملاقات کیجئے اور اس بات کے اسباب کو جانیئے کہ چند اشیاء کی قیمتوں میں چند اوقات میں اضافہ ہوتا ہے اور چند اوقات میں کمی۔ (اُتار چڑھاؤ کیوں ہوتا ہے)۔
2. ہندوستان کی درپیش چلینجوں پر بحث کریں۔ جس سے اس کی ترقی میں روکاوٹ اور متاثر ہیں۔

☆☆☆

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سماجیات (Sociology)

باب - 8

سماجی پرتوں کا نظام

اس باب میں درج ذیل نکات کو معلوم کریں گے۔

- سماجی پرتوں کی پہچان
- عوام کے درمیان اختلافات کے نکات کی پہچان
- چھوت چھات ایک سماجی برائی
- چھوت چھات کو ختم کرنے کے اقدامات

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سماجی پرتوں کا نظام سے مراد لوگوں کی آمدنی، تعلیم، ذات، رنگ، جنس، روزگار، دانائی وغیرہ کی بنیاد پر اونچ نیچ کے طور پر درجہ بندی کا عمل ہے۔ پرتوں کے نظام سے سماج کی بنیاد پڑی ہے۔ مثلاً مالدار گھرانے میں پیدا ہونے والے بچوں کو بہترین مقوی غذا، مدرسہ، کاروبار ملنے کے مواقع زیادہ ہوتے ہیں۔ لیکن غریبوں کے بچوں کو درج بالا مواقع نہایت کم ہوتے ہیں۔ غریب کے طور پر سماج کی تفریق ہونے کی وجہ بچے نہیں ہوسکتے۔ لیکن سماج نے پرتوں کا جو نظام بنایا ہے، اس کے بُرے اثرات استحصال ہونے والوں پر پڑتے ہیں۔

سرگرمی:

سماج میں رہنے والے بھید بھاؤ کے فرق کو مٹانے کے لئے حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے منصوبہ جات سے متعلق معلومات حاصل کیجئے۔

سماجی تفریقات زمانے کے ساتھ ساتھ ایک ملک سے دوسرے ملک میں الگ الگ طور طریقے دکھائی دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان میں ہزاروں سالوں سے ذات پات کی رسم پائی جاتی ہے۔ یہ رسم اونچ نیچ کا نظام بناتی ہے۔ جس کی وجہ سے چند ایک نچلی ذاتوں کے لوگ شودر اور اچھوت کہلائے گئے۔ جن کی غذا، کاروبار اور زندگی کا حق چھین لیا گیا۔ اور اس نابرابری کو درست کرنے کے لئے حکومتِ ہند دستوری انداز میں کوشش کی گئی۔

سماجی پرتوں کا نظام ہر سماج میں نظر آتا ہے۔ امریکہ میں سفید فام لوگ، سیاہ فام لوگوں کے ساتھ غلاموں کا سا برتاؤ کرتے اور ان کی تجارت بھی ہوتی تھی۔ اس طرح ہر جگہ غریب اور مالدار کی تفریق دکھائی دیتی ہے۔

سماجی عدم مساوات:

سماجی پرتوں کی تفریق کا نظام عدم مساوات اور تفریقات پیدا کرتا ہے۔ نیچ کے طور پر ہوئی درجہ بندی سے عوام کی بے عزتی ہوتی ہے۔ مثلاً امریکہ میں سیاہ فام کے لوگ سفید فام لوگوں کے مدرسہ کو جا نہیں سکتے۔ ہندوستان میں اچھوتوں کو عوامی کنوئیں اور تالاب سے پانی کا استعمال نہیں کرنے دیتے تھے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> *مثبت تفریق یا تعصب: عام طور پر ہم اپنوں کو اچھے سمجھتے ہیں۔ یہ احساس ہمیں ہم آہنگی کے ساتھ جینے میں مدد دیتا ہے۔ اگر یہ احساس حد سے بڑھ جائے تو مضر ثابت ہوتا ہے۔*

تفریق سے پیدا ہونے والے تعصّبات:

''مانو کُلا تاوندے کُلم'' ترجمہ: انسانی نسل ایک ہی ذات رکھتی ہے۔ یہ بات بہت پہلے قدیم شاعر پمپا نے بتائی ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ سارے ہی انسان ایک ہیں۔ اس کے باوجود سماج میں لوگوں کی جانب سے پیدا کردہ کئی ایک ذاتیں اور ان کے فرق جن کا بھید بھاؤ علاقائی تفریق، غریب اور مالدار جیسی تفریقات، تعصب کے سبب سے ہوتی ہیں۔ ایک آدمی یا ایک معاشرہ سے متعلق پہلے سے طے کردہ رائے ہی تعصب کہلاتا ہے۔ اس قسم کی رائے مثبت یا منفی ہوسکتی ہے۔ لیکن تفریق سے پیدا ہونے والے تعصّبات عدم برداشت، انکار، بے عزتی، نفرت وغیرہ جذبات کو بڑھاوا دینے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ اس کی وجہ سے سماج میں فرق بڑھتا ہوا سماجی تناؤ کا سبب بنتا ہے۔

چھوت چھات-ایک سماجی برائی:

ہندوستان میں سماجی پرتوں کا نظام ذات پات کے ذریعہ پہچانا جاسکتا ہے ہندوستان میں لوگ ہزاروں ذاتوں پر مشتمل معاشروں میں بٹ گئے ہیں۔ ان ذاتوں میں چند ایک اعلیٰ ذات والے سمجھے جاتے ہیں تو چند ایک نچلی ذات والے سمجھے جاتے ہیں۔ ذاتوں کی پرت کے نظام میں چھوت چھات کو سماج کا نچلہ طبقہ مانا جاتا ہے۔

چھوت چھات ہمارے سماج کا غیر انسانی عمل ہے مہاتما گاندھی نے چھوت چھات کو ہندو سماج پر لگا کلنک کہا ہے۔ چھوت چھات کے رواج کی وجہ سے اس کے شکار لوگ سماجی، ثقافتی، مذہبی، تعلیمی اور سیاسی

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

سہولتوں اور مواقع سے محروم تھے۔ یہ حالت کچھ صدیوں تک برقرار رہی۔لیکن اب حالات بدل چکے ہیں۔ اس وقت قانون تمام طبقات اور ذاتوں کے لوگوں کو تمام سہولتیں فراہم کرنے کی ضمانت دیتا ہے۔ پسماندہ طبقات اور ذاتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو خصوصی سہولتیں مل رہی ہیں۔خواندگی میں بتدریج اضافے کے سبب چھوت چھات کا رواج ختم ہورہا ہے۔ یہ ایک خوش آئند بات ہے اور اس نے سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے میں مدد کی ہے۔

چھوت چھات کے خاتمہ کے اقدامات:

چھوت چھات کے کلنک کو دُور کرنے کے لیے جیوتی باپھولے، سوامی وویکانندا، ڈاکٹر بی آر امبیڈکر وغیرہ نے بے حد کوششیں کیں۔ باوجود اس کے اسے پوری طرح ختم کرنا ممکن نہ ہوسکا۔اس برائی کو ختم کرنے کے لئے کئی قانون نافذ کئے گئے۔

دستور کے 17 ویں دفعہ کے تحت چھوت چھات پر پابندی عائد کریں۔ ہندوستانی حکومت نے 1955ء میں چھوت چھات سے متعلق جرائم کا قانون جاری کیا۔اس قانون میں چند ایک نقائص کو درست کیا گیا، 1976ء میں شہریوں کے حقوق کے تحفظ کا قانون کی حیثیت سے اس میں ترمیم کی گئی ۔ اس قانون کے تحت چھوت چھات کے رواج کو قابلِ سزا کا قرار دیا گیا۔علاوہ ازیں دستوری قانون کے تحت عوامی حق رائے دہندگی اور مساوات کا حق ملک کے تمام شہریوں کو دیا گیا۔خصوصی طور پر درج فہرست لوگوں اور پس ماندہ ذاتوں کو تعلیمی ، سیاسی ، اقتصادی اور روزگار کے موقعوں میں تخصیص فراہم کیا گیا۔ 1989ء کا قانون ریاستی حکومتوں کو چھوت چھات کے تحت حکومت کی ذمہ داری دی گئی کہ وہ ریاستوں میں چھوت چھات کے خاتمہ کے حوالے سے خصوصی ذمہ داریاں دیتا ہے ۔ اس طرح آزاد

یہ آپ کو معلوم ہے:

- دستور کی دفعہ 15-16-17-38 اور 46 کے تحت ہندوستانی عوام کے درمیان کسی طرح کی تفریق نہ کرنے کی بات بتاتے ہیں۔
- 16(4) 320(4) کی دفعہ کے تحت روزگار علاقے درج فہرست ذات اور قبائل کے لئے تخصیص کا اعلان کیا گیا ہے۔
- 330,332,334 والی دفعہ کے تحت سیاسی حلقوں میں درج فہرست قبائل کے لئے تخصیص کا اعلان ہے۔
- دفعہ 30 مذہبی اور لسانی اقلیتوں کو اپنے تعلیمی ادارے قائم کرنے کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔
- 25 ویں دفعہ کے تحت مذہبی مراکز میں داخلے کی کھلی اجازت ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

ہندوستان چھوت چھات کے خاتمے کے لئے خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے سارے ہی شہریوں کو برابری کا مواقع فراہم کرنے کی کوشش کرتا چلا آرہا ہے۔

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کے ساتھ پُر کیجئے؛

1. ''مانو کُلا تانوندے کُلم'' یہ قول .....کا ہے۔
2. ''چھوت چھات ہندو سماج پر لگا ایک کلنک ہے۔'' یہ خیال .....کا ہے
3. دستوری دفعہ .....کے تحت چھوت چھات کا رواج قابل سزا ہے کا اعلان کیا گیا۔

II. درج ذیل سوالات کو گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے؛

4. سماجی پرتوں کا نظام سے کیا مراہے؟
5. سماجی پرتیں کیسے پیدا ہوئیں؟
6. تعصب سے کیا مراہے؟
7. چھوت چھات کے خاتمے کے لئے دستور اور قانونی اقدامات کیا ہیں؟ وضاحت کیجئے۔
8. چھوت چھات کو ختم کرنے کے لئے آپ کیا مشورہ دیں گے؟

III. سرگرمی:

1. سماجی مصلحین کی سوانح حیات سے متعلق کتابیں جمع کرتے ہوئے ان کو پڑھئے۔

IV. منصوبہ:

1. چھوت چھات ختم کرنے کے لئے آپ کے کیا خیالات ہیں؟ اپنے اُستاد سے تبادلہ خیال کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V9E2X8

باب - 9

کام اور اقتصادی زندگی

اس باب میں درج ذیل نکات کو معلوم کریں گے۔

- محنت کی تقسیم اور جماعتیں
- کام کا فرق
- بے روزگاری، اقسام، اسباب، نتائج اور تجاویز
- منظم اور غیر منظم مزدور

©TBS NOT TO BE REPUBLISHED


کام کے معنی با مقصد سبب کے ساتھ چلایا جانے والا عمل ہے۔ اگر ایک آدمی طاقت خرچ کر کے یا محنت سے مالی مادی صورت میں آمدنی حاصل کرتا ہے تو اسے کام کہا جاتا ہے۔

کام ہماری مالی زندگی کا ایک لازمی حصّہ ہے۔ زندگی چلانے کے لئے کام کا ہونا لازمی ہے۔ کام مادی فائدہ کے خارجی مقصد سے ہے اور اس میں کوشش شامل ہے۔ جس کی وجہ سے زندگی کی ضروریات کی تکمیل کا نکتہ بھی ہے۔ مالی زندگی سے متعلق کام کے نقش وطور طریق ایک سماج سے دوسرے سماج میں الگ الگ ہوتے ہیں اور یہ ایک زمانے سے دوسرے زمانے میں مختلف کرتے ہیں۔

محنت کی تقسیم اور جماعتیں (Division of Labour and Classes):

کسی کام کو خواہش، ذوق، صلاحیت، عمر، خصوصی مہارت، قابلیت اور جنس کی تفریق کی بنیاد پر تقسیم کرتے ہوئے انجام دینا ''محنت کی تقسیم'' کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر جو کپڑے ہم پہنتے ہیں اس کو تیار کرنے کے لئے کسان، جولاہے، رنگ ریز، تاجر، درزی سب مشترکہ ہیں لیکن الگ الگ مقامات پر کام کا نتیجہ ہے۔

محنت کی تقسیم خصوصی مہارت کی طرف لے جاتی ہے۔ خصوصی مہارت کا مطلب ہے کسی خاص شعبے میں



کافی مہارت، تربیت اور شعور حاصل کرنا۔ محنت کی تقسیم نے لوگوں کو مختلف شعبوں میں کام کرنے اور معاشی منافع کمانے میں مدد فراہم کی ہے۔ اس کی وجہ سے معاشی طبقے وجود میں آئے۔ طبقاتی نظام کو محنت کی تقسیم نے تشکیل دیا ہے۔

جدید دَور میں طبقاتی نظام صنعت کاری کے ذریعے بنایا گیا۔ صنعتی معاشرے میں خصوصی مہارت بہت اہم ہوگئی ہے۔ ہر شعبے میں مہارت کی ترقی کے ساتھ صنعتوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ تجارتوں کو وسعت ملی ہے۔

اجرت کے ساتھ کام اور بغیر اجرت کے کام: (Paid work and un paid work)

کام بامقصد ہوتا ہے۔ مقررہ مقصد کے بدلے کسی نہ کسی شکل میں مادی فائدہ پہچانا ہے۔ محض ہدف کے حصول کے لئے ایک کوشش ہے۔ مالی فائدے کے لئے کھیت میں ہل چلانا، کارخانے میں کام کرنا، مدرسہ میں پڑھانا، عمارت تعمیر کرنا، سواریوں کی مرمت کرنا وغیرہ کے کام کاج کی سرگرمیوں میں ملوث ہونا یہ سب آج کے پر پیچیدہ سماج میں لازمی بن گیا ہے۔

آدمی کے سارے کام وکاج محنت یا مزدوری نہیں کہلاتے۔ اپنے نفس کی خواہش پوری کرنے کے لئے کئے جانے والا کام مزدوری نہیں کہلاتا۔ یہ مالی فائدہ یا غیر نفع بخش کام ہوتا ہے۔ کوئی مقررہ مقصد کا نہ ہونا۔ مادی فائدہ کے پیش نظر نہ ہونا، مگر خود کی خواہش کے ارادے کے ساتھ آدمی کا کام کرنا، بلا اجرت کی مزدوری کہلاتا ہے۔ مثلاً: ایک فنکار اپنی دلی خواہش کے لئے تصویر بنانے کے کام میں خود کو مصروف رکھتا ہے، لیکن ذات پات اور نسل کے نظام میں کالے اور نچلی ذات کے لوگ زبردستی بغیر اُجرت کے کام کر رہے تھے۔

© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

محنت میں تفریقات (امتیازات):

محنت ومزدوری کی تقسیم میں دکھائی دینے والی نابرابری کو ''محنت کی تفریق'' کہا جاسکتا ہے۔عورت ومرد اگرچہ کہ محنت کرتے ہیں۔ان کے روزگار ایک جیسے نہیں ہوتے بشمول ہندوستان کے دنیا کے سارے ملکوں میں مردوں کے لئے بہتر انداز کے روزگار دئے جاتے ہیں۔اسی طرح زیادہ ذمہ داریاں اور اجرت یا تنخواہیں دی جاتی ہیں۔لیکن عورت کو کم درجے کے رزگار،کم ذمہ داری اور کم تنخواہ دی جاتی ہے۔سرکاری شعبے میں روزگار دینے سے متعلق ایسی امتیازات بہت حد تک کم ہوگئے ہیں۔ایسا غیر منظم شعبے میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

عورت مرد کی محنت سے متعلق ایک اور طرح کا امتیاز ہے۔روزگار کے مواقع بڑھنے کی وجہ سے ان دنوں عورتیں زیادہ تعداد میں روزگار سے جڑتی جارہی ہیں۔لیکن ان کو دی جانے والی تنخواہ میں بھی فرق وامتیاز کیا جارہا ہے۔مردوں کے برابر ان کی محنت کے باوجود ان کو کم تنخواہ کا دیا جانا ایک طرح کا استحصال ہی ہے۔

اس امتیاز کو نکال پھینکنے کے لئے مرکزی حکومت نے 1976 میں ''مساوی تنخواہ کے قانون'' کو روبہ عمل لایا گیا ہے۔شہر کے منظم علاقوں میں تنخواہ سے متعلق ایسے امتیازات کم ہورہے ہیں۔

یہاں تک کہ زرعی شعبہ بھی جنس،عمر اور قابلیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرتا ہے۔یہاں بھی اجرت کی ادائیگی میں مساوات کا خیال نہیں رکھا جاتا۔رفتہ رفتہ جہاں تعلیم میں سدھار ہورہی ہے اس قسم کے امتیازات میں کمی بھی آرہی ہے۔

بے روزگاری (Unemployment):

ہندوستان کی اقتصادی اور سماجی نظام کو جن مسائل کا سامنا کرنا پڑارہا ہے ان میں بے روزگاری کا مسئلہ بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔پس ماندہ اور ترقی پذیر ممالک تو اس مسئلہ کی گرفت میں پھنس کر رہ گئے ہیں۔ہندوستان میں یہ مسئلہ ایک نہایت اہم مسئلہ بنا ہوا ہے۔بے روزگاری سے مراد کمانے کی عمر،صلاحیت،خواہش رہنے پر بھی روزگار کا نہ ملنا ہی بے روزگاری کہلاتا ہے۔کام کرنے کا ارادہ رکھنے کی عمر ہونے کے باوجود بھی مرد اور عورت روزگار حاصل کرنے میں محروم رہتے ہیں۔ایسے افراد کو ''بے روزگار'' کہا جاتا ہے۔

آبادی میں اضافہ،مشینوں پر انحصار،قابلیت کی کمی،سماجی عدم مساوات،ناکافی سرمایہ اور ناخواندگی، بے روزگاری کی وجوہات ہیں۔

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

بے روزگاری کے مسئلہ سے غربت، بیماری، جرم، بدعنوانی خاندانی بگاڑ، دھوکہ، فریب، چوری، بدکاری وغیرہ کے نتیجے کا سبب بنتا ہے۔ یہ ایک حد درجہ کا سنگین سماجی مسئلہ ہے جو روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔

بحث کیجئے:

بے روزگاری کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اگرچہ روزگار کے مواقع موجود ہیں لیکن ہم اُن مواقع سے فائدہ نہ اُٹھا کر بے روزگاری پیدا کرتے ہیں۔

بے روزگاری کے مسئلہ کے تدارک کے لئے اصلاحات:

(Remedies for unemployment)

بے روزگاری کے مسئلہ حل کرنے کے لئے حکومت نے کئی اقدامات کئے ہیں ۔ جو یوں ہیں؛ آبادی کی روک تھام، چھوٹی صنعتوں کو فروغ دینا، زرعی شعبوں کی ترقی، صنعتی شعبوں کی ترقی، تعلیمی اصلاحات کے منصوبے پنج سالہ منصوبے، پیشہ وارانہ تعلیم کو فروغ دینا، دیہی ترقیات کے منصوبے روزگار کو یقینی بنانے کے منصوبے، وغیرہ منصوبوں کو حالیہ سالوں میں ہندوستان کے ''اطلاعات اور تکنیکی'' شعبوں میں زیادہ سدھار دیکھنے میں آرہا ہے۔ روزگار کی فراہمی میں خدمات کے شعبے زیادہ اہم کردار نبھا رہے ہیں۔ جو نہایت اہم ہیں۔

کیا آپ جانتے ہو؟

آج دیہی علاقوں میں بے روزگار کے مواقع کی کمی کے بجائے روزگار کے قابل نوجوانوں کی کمی دیکھی جارہی ہے۔ اس رجحان کی وجہ یہ ہے کہ دیہی نوجوان روزگار کے بہتر مواقع کی تلاش میں شہروں کا رُخ کر رہے ہیں۔ مزدور نہ ہونے کے سبب زرعی سرگرمیاں کم ہوتی جارہی ہیں۔ اسی طرح شہروں میں بھی ہنرمند افراد کی کمی ہے۔

منظّم اور غیر منظّم مزدور (Organised and unorganised workers):

منظّم مزدور: قانون اور پابندِ قاعدہ، مقررہ کام کاج کے شعبوں میں کام کرنے والوں کو منظّم مزدور کہا جاتا ہے۔ منظّم شعبے میں مزدور اپنے کام کو پابند قانون کر لیتے ہیں۔

منظّم شعبہ کار میں اقتدار کا مقام و مرتبہ بھی منظم ہوتا ہے۔ منظّم مزدوروں کے لئے خصوصی مہارت،

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تربیت، ہنر مندی، تجربہ اور تعلیمی صلاحیت کے مواقع رہتے ہیں۔ان کے کاموں کے سارے معاملات تحریری انداز میں ہوتے ہیں۔ان کو ایک مقرر تنخواہ ، مہنگائی بھتّہ، چھٹیوں کے دوران تنخواہ اور وظیفہ یابی کی سہولتیں ہوتی ہیں۔علاوہ ازیں طبّی سہولیات دی جاتی ہیں۔ان کو اپنی عمر کے متعین وقت تک کام کرنا پڑتا ہے۔

بیمہ کمپنیوں، تعلیمی اداروں، بینکوں، فوج، نجی کمپنیوں، سرکاری محکموں میں کام کرنے والوں کی شناخت منظم کارکنوں کے طور پر کی جاتی ہے۔



غیر منظم مزدور:

کسی بھی قاعدہ قانون یا کسی تنظیم کے ماتحت مختلف کام وکاج میں خود کو شامل کرتے ہوئے روزانہ کی اجرت یا اس جیسے نفع بخش کام کرنے والوں کو ''غیر منظّم مزدور'' کہا جاتا ہے۔

غیر منظّم مزدوروں کے کام کرنے کا علاقہ نہایت وسیع ہوتا ہے اور سرکار کے ماتحت نہیں ہوتا۔



مثلاً: گھر کی تعمیر کا کام کرنے والے، گھریلوں کام کرنے والے، زرعی مزدور وغیرہ ہیں علاوہ ازیں گلیوں میں ترکاری فروخت کرنے والے، چیزیں فروخت کرنے والے، سواریوں کی مرمت کرنے والے، ٹھیلہ بنڈیوں پر یا اپنے سروں پر ترکاری اور دیگر اشیاء فروخت کرنے والے اس گروہ میں شامل ہیں۔

غیر منظّم مزدوروں کے مسائل:

غیر منظّم مزدوروں کی محنت کا کوئی منظم قانون اور قاعدہ نہیں ہوتا۔ ان کی محنت کے مقابلے میں کم مزدوری دی جاتی ہے۔ ان کو کسی بھی قسم کی مفت طبّی سہولتیں نہیں ملتیں۔ ان کے روزگار کو کوئی تحفظ اور مقررہ تنخواہ اور بھتّہ کی سہولیات نہیں ہوتیں۔ بعض اوقات غیر منظم مزدوروں کو کاروباریوں کے ذریعہ ہراساں کیا جاتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو پُر کیجئے؛

1. محنت کی تقسیم .....کی طرف لے جاتی ہے۔
2. خصوصی تربیت حاصل نہ کرنے والے مزدوروں کو .....مزدور کہا جاتا ہے۔
3. خصوصی تربیت، مہارت حاصل کردہ مزدور..... کہلاتے ہیں۔

II. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے۔

4. محنت کی تقسیم سے کیا مراد ہے؟
5. بااجرت مزدوری سے کیا مراد ہے؟
6. بے روزگاری کے معنی کیا ہیں؟

7. بے روزگاری کے وجوہات کیا ہیں؟

8. بے روزگاری کے اثرات کیا ہیں؟

III. درج ذیل سوالات کے جوابات گروہ میں بحث کرتے ہوئے دیجئے۔

9. محنت ومزدوری میں امتیازی سلوک کی نوعیت کو وضاحت کریں۔

10. بے روزگاری کو دور کرنے کے لئے کئے جانے والے اقدامات کون کونسے ہیں؟ تفصیل بتایئے۔

11. منظم اور غیر منظم مزدوروں کے درمیان کیا فرق ہے؟

IV. سرگرمی:

1. منظم اور غیر منظم مزدوروں کی فہرست بنایئے۔

V. منصوبہ:

1. مزدوروں کے ساتھ تبادلۂ خیال کر کے ان کے مسائل سے آگہی حاصل کیجئے اور اس کی ایک رپورٹ تیار کیجئے ۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

E2R1P6

جغرافیہ (Geography)

باب - 10

ہندوستان - جغرافیائی مقام اور طبعی خصوصیات

اس باب میں ذیل کے متعلق سیکھتے ہیں؛


- ہمارے ملک کی عظمت اور اس کی روایات
- لفظ ''بھارت'' کی ابتداء اور پس منظر
- ہندوستان کا جغرافیائی محل وقوع وسعت، زمینی و آبی سرحدی حدود اور پڑوسی ممالک
- ہندوستان کی طبعی تقسیم
- پہاڑ، پہاڑیاں، میدان اور ساحلی علاقے

ہندوستان تنوع میں اتحاد کا مظہر ہے۔ ساری دنیا میں یہ تنوع منفرد ہے۔ جس کے نتیجہ میں اس کے پاس ایک مالا مال ورثہ ہے۔ جب ہم اس کی طبعی خصوصیات، آب و ہوا کی کیفیات، قدرتی نباتات اور لوگوں کا مشاہدہ کرتے ہیں تو ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اس ملک کو برصغیر کہنا چاہئے۔


© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دنیا میں ہندوستان کا مقام :

ہندوستان جنوب مشرقی ایشیاء کا ایک جزیرہ نما ہے۔ اسے بھارت اور ہندوستان بھی کہا جاتا ہے۔ ہند



(انڈیا) دریائے سندھ سے مشتق ہے۔ ہندوستان کے قدیم راجہ بھرت کے نام پر اس کا نام ''بھارت'' پڑا۔
ہمارا ملک مکمل طور پر شمالی نصف کرہ میں ہے۔ یہ شمال میں چوڑا مگر جنوب میں دبتا ہوا ایک مثلث کی شکل کا ہے۔



© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

اس کا اختتام بحر ہند میں ہوتا ہے۔

وسعت (Size) : ہندوستان کا رقبہ 32,87,263 لاکھ مربع کلو میٹر ہے (32.89) لاکھ رقبہ کے لحاظ سے۔ یہ دنیا کا ساتواں سب سے بڑا ملک ہے۔ دنیا کے کل رقبہ کا 2.4% ہے۔ اس میں 28 ریاستیں اور 8 مرکزی علاقے ہیں۔ نئی دہلی کو ''نیشنل کیپٹل ٹریٹری'' (NCT) کہا جاتا ہے۔ 2011 کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان کی کل آبادی 121 کروڑ ہے۔ یہ دنیا کی آبادی کا 17.50 فیصد ہے۔ ہندوستان اس وقت آبادی کے لحاظ سے بڑا ملک ہے۔

جغرافیائی اعتبار سے ہندوستان شمالی اور مشرقی نصف کرّہ کے درمیان واقع ہے۔ جنوب مشرقی اشیا کا اہم جزیرہ نما ہے۔

عرض البلدی وقوع : ہندوستان کی اہم زمین شمالی نصف کرہ میں 4'.8° سے 6'.37° کے بیچ پھیلا ہوا ہے۔ جنوب میں کنیا کماری سے شمال میں لداخ تک اس کی کل لمبائی 3,214 کلومیٹر ہے۔ اگر اس میں جزائر بھی شمار کئے جائیں تو اس کا انتہائی جنوبی نقطہ گریٹ نیکوبار کے جزیرہ میں واقع 'اندرا پوائنٹ' جہاں 45'.6° کا خط شمالی عرض البلد گذرتا ہے۔ 30'.23° خط سرطان وسطی ہندوستان سے گذرتا ہے۔

لداخ کا اندرا کول ہندوستان کا شمالی سرا ہے (عرض البلد وقوع)

طول البلدی وقوع: طول بلد کے وقوع کی حد تک ہندوستان 7'.68° مشرق سے 25'.97° مشرقی طول بلد کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ مشرق سے مغرب تک اسکا عرض 2,933 کلومیٹر ہے۔ ہندوستان کے معیاری وقت (انڈین اسٹانڈرڈ ٹائم) کی بنیاد پر یاگ راج سے گذرنے والے 82.30[1] مشرقی طول بلد پر ہے۔ ہندوستان گرین وچ (0° عرض بلد) کے وقت سے 5 گھنٹے 30 منٹ آگے ہے۔

حقیقت:

ہندوستانی ریاستی/مرکزی علاقے صدرِ دفاتر کے ساتھ:

1) جموا ور کشمیر:۔ سری نگر (گرمائی صدر مقام) اور جموں
2) اُتر کھنڈ:۔ بارا ری سین (گرمائی صدر مقام) اور دہرادون
3) ہماچل پردیش:۔ شملہ (دوسری راج دھانی) دھرم شالا

کیا آپ جانتے ہیں؟

بھارت کے پڑوسی ممالک

ممالک	بھارت کے ساتھ سرحد کی لمبائی (کلومیٹر میں)
پاکستان	3,310
افغانستان	80
چین	3,917
نیپال	1,752
بھوٹان	587
میانمار	1,458
بنگلہ دیش	4,096
سری لنکا	---
مالدویپ	---
بھارت	15,200

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

سرحدیں اور پڑوسی ممالک: ہندوستان ایک جزیرہ نما ہے۔اس لئے اس کی زمینی اور آبی دونوں سرحدیں ہیں ۔ مجموعی طور پر ہندوستان کی سرحد 15200 کلومیٹر لمبی ہے ۔اور ہندوستان کی سرزمین کی ساحلی پٹی 6100 کلومیٹر ہے۔ ہندوستان کے جزائر کے ساتھ کُل ساحلی سرحد 7516.60 کلومیٹر ہے۔

ہندوستان کی سرحدیں سات ملکوں کے ساتھ مشترک ہیں ۔شمال مغرب میں افغانستان اور پاکستان ؛ شمال میں چین، نیپال اور بھوٹان ؛مشرق میں میانمار (برما) اور بنگلہ دیش ۔ان کے علاوہ جنوب میں سری لنکا اور جنوب مغرب میں جزائر مالدویپ بھی اس کے پڑوسی ممالک ہیں۔

یہ ہندوستان کے آبی سرحدیں مشترک کئے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

- *ہندوستان اور پاکستان کے درمیان سرحد ریاڈکلف لائن* **(Radcliffe Line)** *کہلاتی ہے۔*
- *ہندوستان اور چین کے بیچ سرحد میک موہن لائن* **(Mc Mahon Line)** *کہلاتی ہے۔*
- *ہندوستان اور افغانستان کے بیچ سرحد ڈیورنڈ لائن* **(Durand Line)** *کہلاتی ہے۔*

ہندوستان کی طبعی تقسیم

ہندوستان مختلف جغرافیائی خصوصیات کا حامل ہے۔ یہ خصوصیات ملک کے مختلف حصّوں میں پائے جاتے ہیں۔ اِن کی تاریخ مختلف ارضیاتی ادوار کی ہے اور اِن کی ساخت اور سطح کی خصوصیات میں فرق ہے۔ انہیں فرقوں کی بنیاد پر ملک کو چار بڑے قدرتی حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. شمال کے پہاڑی سلسلے :

ہمالیہ دنیا کا بلند ترین پہاڑی سلسلہ ہے۔ یہ بلند چوٹیوں، گہری وادیوں، برفیلی دریاؤں وغیرہ پر مشتمل ہے۔ ہمالیائی سلسلہ مغرب میں پامیر کی گھاٹی سے شروع ہوتا ہے اور مشرق میں اروناچل تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کا طول 2500 کلومیٹر ہے۔ یہ تہہ شدہ یہ پہاڑ تین اہم سلسلوں پر مشتمل ہیں: (a) شِوا لِک کے پہاڑ (ہمالیہ کا دامن)، (b) ہمالیہ کے پہاڑ (اندرونی ہمالیہ)، (c) عظیم ہمالیائی سلسلہ (ہیمادری)۔

(a) شِوا لِک کا سلسلہ: اِن پہاڑوں کی تشکیل حالیہ ہوئی۔ یہ ہمالیہ کے جنوبی علاقے میں ہیں۔ان کی بلندی بہت کم ہے۔انھیں 'ہمالیہ کا دامن' بھی کہتے ہیں۔ان پہاڑوں میں تنگ زمینی میدان ہیں جو 'دون' کہلاتے

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہیں۔مثال کے طور پر دہرہ دون،کوٹا، پاٹلی، چوکھمبا،اودھم پوراور کوٹلہ۔یہ سطح سمندر سے کوئی 1500 - 600 میٹر بلند ہیں۔

(b) ہماچل (وسطی ہمالیہ): وسطی ہمالیہ یا ہماچل 3600 میٹر سے 4,500 میٹر تک بلند ہیں۔یہ شوالک اور گریٹر ہمالیہ کے درمیان واقع ہیں۔ان کا عرض 80-60 کلومیٹر تک ہے۔یہاں کئی متوازی پہاڑی سلسلے ہیں۔ جیسے پیر پنجال، مہابھارت رینج، ناگتّی با،مسوری وغیرہ۔کانگڑا اور کولو مشہور وادیاں ہیں۔شملہ،مسوری، نینی تال ،رانی کھیت، چکرتا اور دارجلنگ مشہور پہاڑی مقامات ہیں۔

(c) گریٹر ہمالیائی سلسلہ (ہیمادری): یہ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹیاں ہیں۔اور ہمالیہ کا اولین تشکیل شدہ سلسلہ ہے۔یہ پوری طرح برف سے ڈھکا ہوا ہے۔اس لئے اسے ہیمادری بھی کہا جاتا ہے۔یہ سطح سمندر سے 6000 میٹر سے 8000 میٹر تک بلند ہے۔اس سلسلے میں ہمالیہ کی بلند ترین چوٹیاں پائی جاتی ہیں۔ **ماؤنٹ ایورسٹ** (8848 میٹر) نیپال اور تبت کے بیچ میں ہے۔اس سلسلہ کی دوسری چوٹیاں کنچن جنگا، دھول گیری،، نندا دیوی، گوری شنکر وغیرہ ہیں۔ان چوٹیوں میں کئی برفانی دریا ہیں۔سب سے زیادہ مشہور گنگوتری ہے جو دریائے گنگا کا منبع ہے۔یہاں کئی درے ہیں جو نہ صرف نقل وحمل میں مددگار ہیں بلکہ سیاحوں کے لئے انتہائی کشش کا باعث ہیں۔ یہ کشمیر کی بھوجھیل، جوجیلہ، اور ہماچل پردیش میں بارہ لاچا وغیرہ ہیں۔


اس عظیم ہمالیائی سلسلہ کے شمال میں شکن دار پہاڑی سلسلہ ہے جسے بیرونی ہمالیہ کہا جاتا ہے۔اس میں قراقرم اور کیلاش کے سلسلے ہیں۔گاڈوِن آسٹِن یا K2 ہندوستان کی سب سے اونچی چوٹی ہے (8611 میٹر) لداخ کی سطح مرتفع بھی اسی علاقہ میں ہے۔

ہمالیہ کی اہمیت: ہمالیہ کے پہاڑوں نے ہندوستانیوں کی زندگی کو بڑی حد تک متاثر کیا ہے۔یہ ایشیائی براعظم سے چلنے والی ٹھنڈی ہواؤں کو روکتے ہیں۔وہ ہندوستان کا تحفظ فراہم کرتے ہیں۔یہ کئی دریاؤں کا منبع ہیں۔یہ برق آبی کا ذریعہ ہیں۔یہ مختلف النوع نباتات اور حیوانات کا بسیرا ہیں۔یہ اہم معدنیات کا خزانہ ہیں۔ سیاحتی اور مذہبی مراکز کی حیثیت سے ان کی بڑی اہمیت ہے۔

© CTES NOT TO BE REPUBLISHED

2. شمال کے عظیم میدان:

شمال کے عظیم میدان **'ستلج گنگا میدان'** بھی کہلاتے ہیں۔ یہ شمال کے ہمالیائی پہاڑوں اور جنوب کے جزیرہ نما سطح مرتفع کے درمیان ہیں۔ یہ مغرب میں دریائے سندھ کے کناروں سے مشرق میں برہم پتر کی وادی تک پھیلے ہیں۔ ان کی وسعت 2,400 کلومیٹر ہے جبکہ چوڑائی 70 تا 500 کلومیٹر ہے۔ اور یہ میدان مکمل طور پر ہموار ہے۔ اِسے مخلوط میدان کہا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ پورا میدان ہمالیہ سے نکلنے والی دریاؤں کے ذریعہ لائی جانے والی زرخیز مٹی کے جمع ہونے سے بنتا ہے۔



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کیا آپ یہ جانتے ہیں؟

ببر، بھنگر اور کھدر: جب ہمالیائی دریا میدان میں داخل ہوتے ہیں، وہ چٹانوں کے بڑے بڑے ٹکڑے چھوڑ جاتے ہیں۔ان ٹکڑوں کو ببر کہا جاتا ہے۔وہ علاقہ جہاں قدیم زمانے میں صلصلی (گوندھی ہوئی) مٹی جمع ہوتی رہی بھنگر کہلاتا ہے۔صلصلی مٹی کے تازہ ذخیرے کو کھدر کہا جاتا ہے۔

3. جزیرہ نما کی سطح مرتفع:

ہندوستان کے سبھی طبعی علاقوں میں جزیرہ نما کی سطح مرتفع سب سے وسیع ہے۔مزید برآں، سب سے قدیم ہے، جو گونڈوانہ کی زمینوں کا حصہ تھا اور جن کا وجود زمین کے ابتدائی مراحل کے دور میں تھا۔

جزیرہ نما کی سطح مرتفع شمال میں ستلج گنگا میدان کے جنوب میں بحرِ ہند تک پھیلا ہے۔اس کا مجموعی رقبہ 16 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔شمال میں اراولی کے پہاڑوں سے جنوب میں کنیا کماری تک پھیلا ہوا ہے۔یہ مغربی گھاٹ سے مشرق میں جھارکھنڈ کی راج محل کی پہاڑیوں تک تقریباً 1400 کلومیٹر ہے۔یہ سطح مرتفع ایک مثلث کی طرح ہے، شمال میں چوڑا اور جنوب میں تنگ۔اس کے مغرب میں بحیرہ عرب، مشرق میں خلیج بنگال اور جنوب میں بحر ہند ہیں۔

جزیرہ نما کی سطح مرتفع میں خاص طور پر وِندھیا پہاڑ، ست پڑا کی پہاڑیاں، مالوہ کی سطح مرتفع، چھوٹا ناگپور کی سطح مرتفع قابل ذکر ہیں۔دریاؤں میں نرمدا، تاپتی اور دامودر اپنے کئی معاون ندیوں کے ساتھ بہتے ہیں۔نرمدا کے شمال میں ان سب کو ملا کر **مرکزی سطح مرتفع** کہا جاتا ہے۔ان کے جنوب میں سطح مرتفع دکن ہے۔ مہادیو اور میکھل کے سلسلے، امرکنٹک کی پہاڑیاں، راج محل ہلز ان کے شمال میں ہیں۔دکن کی سطح مرتفع کے مغرب میں مغربی گھاٹ ہیں۔مہاراشٹر اور کرناٹک میں انھیں سہیادری کہا جاتا ہے۔مغربی گھاٹ مسلسل اور اونچائی والی ہیں۔انّاملائی سلسلہ کی ''انائی مُڈی'' کی چوٹی (2695 میٹر) جنوبی ہند میں سب سے بلند علاقہ ہے۔سطح مرتفع دکن کے مشرق میں مشرقی گھاٹ ہیں۔یہ نیلگری ہلز میں مغربی گھاٹ سے جا ملتے ہیں۔یہ نہ بہت بلند ہیں اور نہ مسلسل۔مشرقی گھاٹ میں ارما کونڈہ اور مہیندر گیری سب سے اونچی چوٹیاں ہیں۔یہ گھاٹ دریائی وادیوں سے جا بجا الگ ہوتے جاتے ہیں۔

جزیرہ نما کی سطح مرتفع کی بڑی معاشی اہمیت ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں قیمتی معدنیات کے ذخائر پائے جاتے ہیں۔چونکہ دریائیں آبشار بناتی ہیں، یہ علاقہ برقی قوت پیدا کرنے کے لئے موزوں ہے۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

4. ساحلی میدان:

جزائر کو چھوڑ کر ہندوستان کے ساحل کی لمبائی 6,100 کلومیٹر ہے۔ گجرات کے صوبہ کچ سے شروع ہو کر یہ مشرق میں دریائے گنگا کے طاس تک وسیع ہے۔ ساحل کے ساتھ ساتھ تنگ میدان ساحلی میدان کہلاتا ہے۔ ہندوستان کے 9 ریاستوں میں ساحلی پٹی ہے۔ ہندوستان کے ساحل کو مغربی ساحل اور مشرقی ساحل میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

مغربی ساحل گجرات میں کچ سے شروع ہو کر بحیرہ عرب اور مغربی گھاٹ سے ہوتا ہوا کنیا کماری کے راس تک 1,500 کلومیٹر طویل ہے۔ اس کو کیرلا کے ملبار۔ کرناٹک میں ساحلِ کرناٹک، گوا-مہاراشٹرا میں کونکن اور گجرات میں ساحلِ گجرات کے طور پر تقسیم کیا گیا ہے۔ ممبئی، مارم گوا، کوچین، کانڈلا، کاروار اور نیو منگلور اس ساحل پر اہم بندرگاہیں ہیں۔ مشرقی گھاٹ جنوب میں کنیا کماری سے شمال میں گنگا کے دریائی طاس تک پھیلا ہوا ہے۔ مشرقی ساحل خلیج بنگال اور مشرقی گھاٹ کے درمیان واقع ہے۔ یہ ساحلی پٹی وسیع اور ہموار ہے۔ یہ مہاندی، گوداوری، کرشنا اور کاویری کے دریائی طاسوں پر مشتمل ہے۔ مشرقی ساحل پر کئی نمکین درون پانی کی جھیلیں یا لاگون ہیں ان میں اڑیسہ کی چلکا جھیل اور تملناڈو کی پُلی کٹ جھیل اہم ہیں۔ مشرقی ساحل کو شمال میں اُتکل کے ساحل اور جنوب میں کارومنڈل کے ساحل میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

جزائر: ہندوستان سے تعلق رکھنے والے کل 247 جزیرے ہیں۔ ان میں سے 204 خلیج بنگال میں اور 43 بحیرہ عرب میں ہیں۔ خلیج منار میں چند جزیرے مونگے کے ہیں۔ خلیج بنگال میں انڈمان اور نیکوبار سخت آتش فشانی چٹانوں سے بنے ہیں۔ لکش دویپ کے جزائر مونگے سے بنے ہیں۔ ہندوستان کا جنوبی سرا نیکوبار کے جزیرے میں ہے۔ یہ اندرا پوائنٹ کہلاتا ہے۔

مشقیں

I. مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجئے:

1. ''ہندوستان'' کا نام دریائے ——— سے ماخوذ ہے۔

© KBSE NOT TO BE REPUBLISHED

2. ہندوستان کا کل رقبہ ———— مربع کلومیٹر ہے۔

3. خط———— ہندوستان کے وسط سے گذرتا ہے۔

4. ہندوستان کے ساحل کی لمبائی جزائر کے ساتھ———— کلومیٹر ہے۔

5. ہندوستان کا طبعی جغفرافیہ کو———— بڑے قدرتی حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

6. گریٹر ہمالیہ کو———— بھی کہا جاتا ہے۔

7. ———— دنیا بھر میں سب سے اونچی چوٹی ہے۔

8. شمالی ہند کا میدان———— مٹی سے بنا ہے۔

9. کرناٹک میں مغربی گھاٹ———— بھی کہلاتے ہیں۔

II. درج ذیل کے سوالات کے جوابات مختصر دیجئے۔

10. براعظم ایشیاء کے کس حصہ میں ہندوستان واقع ہے ؟

11. کس نصف کرہ میں ہندوستان واقع ہے؟

12. ہندوستان کا انتہائی جنوبی سرا کونسا ہے؟

13. کس جزیرے میں اندرا پوائنٹ واقع ہے ؟

14. ہمالیہ کے دامن کا دوسرا نام کیا ہے ؟

15. حال میں ہندوستان کے طبعی خصوصیات میں نیا ظہور کونسا ہے۔نئی تقسیم کون سی ظہور میں آئی ہے ؟

16. ہمالیہ سے ہونے والے فوائد کون سے ہیں ؟

17. جزیرہ نما کی سطح مرتفع کی وسعت کے بارے میں تفصیل بتائیے۔

18. ’ شِوا لِک کا سلسلہ‘ کے بارے میں لکھئے۔

19. شمالی میدان کو مخلوط میدان کہا جاتا ہے ۔کیوں ؟

@TTRS NOT TO BE REPUBLISHED

20. مشرقی گھاٹ اور مغربی گھاٹ میں فرق لکھئے۔

III. سرگرمیاں :

1. ہندوستان کا ایک نقشہ کھینچئے اور عرض بلد اور طول بلد کی نشان دہی کیجئے۔ نیز $23°.30^{1}$ عرض بلد کو ہندوستان کے وسطی علاقہ سے گذرتے ہوئے دکھایئے۔
2. ہندوستان کا ایک نقشہ بنائیں اور اہم پہاڑی سلسلوں، مشرقی اور مغربی گھاٹوں کی نشاندہی کیجئے۔
3. منگلور اور دھرم استھلا کا سڑک کے ذریعہ سفر کیجئے اور راستے میں جو پہاڑی سلسلے نظر آتے ہیں، ان کے طبعی خصوصیات کے بارے میں اپنے استاد کے ساتھ تبادلۂ خیال کیجئے۔

IV. منصوبائی عمل :

1. ہندوستان کا ایک نقشہ تیار کر کے اپنے اساتذہ کی مدد سے مختلف ریاستوں اور مرکزی علاقوں کی نشاندہی کیجئے۔
2. ہندوستان کا ایک نقشہ کھینچ کر پڑوسی ممالک کی نشان دہی کیجئے۔
3. کرناٹک کے مغربی گھاٹ اور وسطی کرناٹک کے علاقوں کے طبعی تنوع کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے اور ان کا تجزیہ کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 11

ہندوستان کے موسم

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کریں گے؛

- ہندوستان کی آب وہوا کی اہم خصوصیات۔
- ہندوستان کے آب وہوا پر مبنی موسمی حالات۔
- موسمی بارش کی تقسیم۔

ہندوستان کی آب وہوا حارائی ہے۔اس قسم کی آب وہوا میں مختلف موسموں میں ہوائیں مخالف سمتوں میں چلتی ہیں۔

آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے :
مانسون عربی زبان کے لفظ 'موسم' سے مشتق ہے۔جس کے معنی موسم کے ہیں۔

ہندوستان میں منطقہ حارہ مانسون کے تمام تر خصوصیات دیکھے جاسکتے ہیں۔سال کے پہلے نصف میں ہوائیں جنوب مغرب سے شمال مشرق کی طرف چلنے لگتی ہیں۔اور باقی نصف میں شمال مشرق سے جنوب مغرب کی طرف چلتی ہیں۔اس کے علاوہ، جغرافیائی طور پر، ہندوستان حارائی اور معتدلہ منطقوں میں پھیلا ہوا ہے۔ اس کے طول البلدی وقوع، سطح سمندر سے بلندی، ساحل سے فاصلہ، ہواؤں کا رخ، پہاڑی سلسلے، بحری مدوجزر وغیرہ ملک کی آب ہوا پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

ہندوستان کو آب وہوا کے اعتبار سے سال کے چار موسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے :

1. موسم گرما: مارچ تا مئی
2. جنوب مغربی مانسونی موسم: جون تا ستمبر
3. مانسون کی پسپائی کا موسم یا جنوب مشرقی مانسونی موسم: اکٹوبر تا نومبر
4. موسم سرما : ڈسمبر تا فروری

© DSERT NOT TO BE REPUBLISHED

1. موسم گرما:

ہندوستان میں موسم گرما مارچ کے پہلے ہفتہ میں شروع ہوتا ہے اور مئی کے آخر تک ختم ہو جاتا ہے۔ اس موسم کے دوران سورج کی کرنیں شمالی نصف کرہ پر عمودی (سیدھی) پڑتی ہیں۔ اس لئے درجہ حرارت میں اضافہ ہوتا ہے۔ دن لمبے ہوتے ہیں۔ شمالی ہند کے ان علاقوں میں جو ساحل سے دُور ہیں، درجہ حرارت زیادہ پایا جاتا ہے۔ راجستھان میں گنگا نگر کا درجہ حرارت موسم گرما میں 52°C ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اور یہ ملک کا گرم ترین مقام ہے۔ اس کے مقابلے جنوبی ہند تین طرف سے پانی سے گھرا ہوا ہے۔ نتیجہ کے طور پر درجہ حرارت میں معتدل ہوتا ہے۔ یہ 32°C اور 35°C کے درمیان ہوتا ہے۔ اس مدت میں شمالی ہند کے پہاڑی علاقے اور جزیرہ نما کی سطح مرتفع نسبتاً ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ مقامی درجہ حرارت اور چلتی ہوئی ہواؤں کی وجہ کچھ مقامات پر اپریل اور مئی میں بارش ہوتی ہے۔ اس کو اجمالی برسات کہتے ہیں (conventional rainfall)، مغربی بنگال میں کال بیساکھی، اتر پردیش میں اندھس، کرناٹک میں کافی کی پھوار (Coffee shower)، کیرلا میں آموں کی پھوار/ امبانی بارش (Mango shower)) کہلاتی ہے۔ ہمارا ملک گرما میں سالانہ بارش کا صرف 10% ہی حاصل کرتا ہے۔

2. جنوب مغربی مانسون (موسم برسات):


ہندوستان میں جنوب مغربی مانسون موسم بارش پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہ جنوب مغربی مانسونی ہوائیں کہلاتی ہیں۔ یہ مرطوب ہوتی ہیں اور ملک کے بیشتر حصوں میں بارش برساتی ہیں۔ یہ موسم جون سے ستمبر تک پھیلا ہوتا ہے۔ اس موسم میں 75% بارش ہو جاتی ہے۔ جنوب مغربی مانسون ہندوستان کو دو حصوں میں بانٹ دیتا ہے۔ ایک بحیرہ عرب کی شاخ اور دوسری خلیج بنگال کی شاخ ہے۔ مغربی گھاٹ مانسونی ہواؤں کو روکتے ہیں اور نتیجتاً گھاٹ کے مغرب میں شدید ترین بارش ہو جاتی ہے۔ یہ ہوائیں جوں جوں مشرق کی طرف بڑھتی ہیں، ان میں رطوبت گھٹتی جاتی ہے۔ مغربی گھاٹ کا مشرقی حصہ بارش کے سایہ کا علاقہ کہلاتا ہے۔ خلیج بنگال کی مانسونی شاخ میانمار، بنگلہ دیش، شمال مشرقی ہندوستانی علاقوں، ہمالیہ کے دامن اور شمالی ہندوستانی میدان میں بارش برساتی ہے۔ جیسے جیسے ہم مشرق سے مغرب کی طرف سفر کرتے ہیں، بارش گھٹنے لگتی ہے۔ سوائے تملناڈو کے، ملک کے بہت سے علاقوں میں جنوب مغربی مانسون کے دوران بارش ہوتی ہے۔

@ITBS NOT TO BE REPUBLISHED

3. مانسون کی پسپائی کا موسم:

سرگرمی : بڑے شہروں میں درجۂ حرارت کے بارے میں اخبار سے معلومات اکٹھی کریں۔ درجۂ حرارت میں تبدیلی کے متعلق اپنے استاد سے تبادلۂ خیال کریں۔

اکٹوبر کے اختتام تک، بڑے پیمانے پر جنوب مغربی مانسونی بارش کی وجہ سے، درجہ حرارت میں کمی واقع ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، اس موسم میں، سورج کی کرنیں جنوبی نصف کرہ پر عموداً پڑتی ہیں۔ نتیجہ کے طور پر شمالی نصف کرہ کے درجہ حرارت میں گراوٹ آتی ہے۔ اس طرح یہ علاقہ بلند دباؤ کا علاقہ بن جاتا ہے۔ اور جنوب مغربی مانسونی ہوائیں لوٹنا شروع ہوتی ہیں۔ بتدریج نومبر کے اختتام تک ان کا چلنا بند ہو جاتا ہے۔ اسے مانسون کی پسپائی کا وقفہ یا شمالی مشرقی مانسونی مدّت (Receding Monsoon Period) کہا جاتا ہے۔ اس موسم میں، ہندوستان کی سالانہ بارش میں 13% بارش ہوتی ہے۔ اس شدید گرمی اور ہوا کے دباؤ کے فرق سے خلیج بنگال میں گرم روئیں پیدا ہو کر طوفان میں تبدیل ہوتی ہے۔ یہ بارش سے لدی تیز روئیں ہوتی ہیں۔ ان سے ساحلی علاقے میں مال و جان کی تباہی ہوتی ہے۔



4. موسم سرما:

ہندوستان میں موسم سرما ڈسمبر سے فروری تک چلتا ہے۔ اس موسم میں جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور شمالی ہند کے میدان نہایت کم درجہ حرارت کا سامنا کرتے ہیں۔ کچھ مقامات پر تو درجہ حرارت صفر سے نیچے کی سطح تک آجاتا ہے اور شدید برف باری ہوتی ہے مگر جنوبی ہند میں، درجہ حرارت معمولی اور آب و ہوا خوشگوار ہوتی ہے۔ اس موسم میں ہندوستان میں صرف 2% بارش ہوتی ہے۔ اس طرح موسم سرما کم ترین بارش کا موسم ہے۔

بارش کی تقسیم : عام طور پر ہندوستان میں بارش جنوب مغربی مانسون سے ہوتی ہے۔ بارش کی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شدت میں بہت کچھ تبدیلیاں پائی جاتی ہیں ۔ ہندوستان میں ہر موسم میں بارش ہوتی ہے ملک کی اوسط بارش 118 سم ہے۔تاہم مختلف علاقوں میں مختلف موسموں میں بارش ہوتی ہے ۔ اس کے علاوہ ، ایک علاقے سے دوسرے علاقہ کی مجموعی بارش بھی الگ ہوتی ہے۔بارش کی کل مقدار کی بنیاد پر ہندوستان کو تین علاقوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

سرگرمی : معلوم کیجئے کہ آپ کے تعلقہ میں اس سال کتنی بارش ہوئی ۔ اپنے دوستوں کے ساتھ آپ کے تعلقہ کی آب و ہوا کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیجئے۔

1. کم بارش کے علاقے : ایسے مقامات جہاں 50 سم سے کم بارش ہوتی ہے،کم بارش کے علاقے کہلاتے ہیں۔راجستھان کا تھار ریگستان اور اس کے ملحقہ خطے جیسے پنجاب، ہریانہ، کچھ کا علاقہ، جموں وکشمیر، مہاراشٹر کے مشرقی حصے اور اندرونی کرناٹک کم بارش کے علاقے ہیں ۔ راجستھان میں ضلع جیسلمر کا رُوئیلی سب سے کم بارش کا علاقہ ہے، جہاں 8.3% سالانہ بارش ہوتی ہے۔

2. اوسط بارش کے علاقے : ایسے علاقے جہاں 50 تا 250 سم بارش ہوتی ہے، اوسط بارش کے علاقے کہلاتے ہیں۔سوائے کم بارش اور زیادہ بارش کے علاقوں کو چھوڑ کر سب علاقے ہی اس میں شامل ہیں۔

3. حد سے زیادہ یا فاضل بارش کے علاقے : ایسے علاقے جہاں 250 سم سے زیادہ بارش ہوتی ہے، فاضل بارش کے علاقے کہلاتے ہیں۔مغربی گھاٹ کا مغربی علاقہ، آسام اور دیگر مشرقی ریاستیں اور مغربی بنگال اس زمرے میں شامل ہیں۔میگھالیہ کا میسِن رام کا علاقہ ملک کا انتہائی کثرت کی بارش کا علاقہ ہے۔

ملک کی آب وہوا اس کی معیشیت پر بڑا اثر ڈالتی ہے۔جنوب مغربی مانسون زراعت کا نظم پیدا کرتے ہیں جو ہندوستانیوں کا اہم پیشہ ہے۔بارش نہ ہو تو ملک میں قحط سالی پیدا ہوتی ہے۔جب یہ حد سے زیادہ ہو تو اس سے جان و مال کی تباہی واقع ہوتی ہے۔اس لئے کہا جاتا ہے کہ ہندوستانی زراعت ''مانسون کے ساتھ جوا ہے۔''

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. موزوں الفاظ سے خالی جگہ پر کیجئے :

1. ــــــــــ مقام میں ملک کا گرم ترین درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا ہے۔

2. مقام ہواؤں کے دباؤ سے ———— بارش ہوتی ہے۔

3. ملک میں اقل ترین بارش کا علاقہ ———— ہے۔

4. ملک میں انتہائی بارش کا مقام ———— ہے۔

II. گروہی تبادلہ خیال کے بعد درج ذیل کے جواب دیجئے :

5. ہندوستان کی آب وہوا کس قسم کی ہے ؟

6. مانسون کی پسپائی کے دوران ہندوستان میں سمندری طوفانی ہوائیں کیوں چلتی ہیں؟

7. ہندوستان کی آب وہوا پر کونسے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں؟

8. ''ہندوستانی زراعت مانسون کے ساتھ ایک جوا ہے''۔ بحث کیجئے۔

III. چوڑ لگاؤ:

الف	ب
1. کال بیسا کی	(a) اتر پردیش
2. آندھیس	(b) کرناٹک
3. کافی کی پھوار (کھلنا)	(c) راجستھان
4. آموں کی پھوار	(d) مغربی بنگال

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV. سرگرمی :

1. ہندوستان کا ایک نقشہ کھینچ کر بارش کی تقسیم کی نشان دہی کیجئے۔

V. منصوبہ :

1. اپنے علاقے میں موسمی تبدیلی کے بارے میں اپنے اساتذہ سے معلومات حاصل کیجئے۔

☆☆☆

باب - 12

ہندوستان کی مٹی

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کریں گے۔

- ہندوستان میں مختلف اقسام کی مٹی اور ان کی تقسیم
- مٹی کے کھرچنے کا عمل اور اس کی وجوہات
- مٹی کے کھرچنے کے اثرات
- مٹی کا تحفظ اور اس کا بندوبست


مٹی اہم قدرتی وسائل میں سے ایک ہے۔ ہندوستان میں مختلف اقسام کی مٹی پائی جاتی ہے۔ چٹانیں، جن سے اس کی ابتدا ہوتی ہے اور آب وہوا کا فرق اس کی وجوہات ہیں۔ بعض قسم کی مٹی دوسری جگہوں سے مٹی کے بہنے اور اکھٹا ہونے کا نتیجہ ہے۔ مٹی میں نباتات اور حیوانات کے سڑے گلے مادے شامل ہیں۔ ہندوستان کی مٹی کی 6 اہم قسمیں ہیں :

1. صلصالی مٹی 2. کالی مٹی 3. لال مٹی
4. لیٹریٹ مٹی 5. صحرائی مٹی 6. پہاڑی مٹی

1. صلصالی مٹی (Loamy Soil) : پہاڑی علاقوں کی مٹی جسے دریا بہا کر لاتے ہیں، صلصالی مٹی کہلاتی ہے۔ دیگر اقسام کی مٹی کے مقابلے میں صلصالی مٹی ہندوستان کے وسیع علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ اس قسم کی مٹی اتر پردیش، بہار، مغربی بنگال، اڑیسہ، پنجاب، ہریانہ اور آسام کے برہم پتر کی وادی میں پائی جاتی ہے۔ ان کے علاوہ، نرمدا اور تاپتی کی وادی، جزیرہ نما سطح مرتفع اور ملک کے دونوں طرف کے ساحلوں میں بھی اس قسم کی مٹی پائی جاتی ہے۔ اس قسم کی مٹی میں اگائی جانے والی خاص فصلیں گیہوں، دھان، گنا، کپاس اور پٹ سن ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2. کالی مٹی: کالی مٹی کو ریگڑ مٹی بھی کہا جاتا ہے۔ چوں کہ یہ مٹی کپاس کی فصل کے لئے بے حد موزوں ہے، اسے ''کالی کپاس مٹی'' بھی کہا جاتا ہے۔ کالی کپاس مٹی کے علاقے کو **دکن ٹراپ** بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی تشکیل آتش فشانی چٹانوں کے بکھراؤ سے ہوئی ہے۔ اس میں چکنی مٹی کے ذرات زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ یہ زرخیز اور پانی کو روکے رکھنے کی اہل ہے۔ اس قسم کی مٹی مہاراشٹر، گجرات، مدھیہ پردیش، آندھرا پردیش کے مغربی علاقوں اور شمالی کرناٹک میں پائی جاتی ہے۔ اس میں چونا اور میگنیشیم کاربونیٹ کی بڑی مقدار موجود ہوتی ہے۔ یہ خشک زراعت کے لئے موزوں ہے۔ کپاس، جوار، گیہوں، پیاز، مرچ، تمباکو، تیل کے بیج، لیمو اور انگور اس قسم کی مٹی میں اچھی طرح پیدا ہوتے ہیں۔



3. لال مٹی: جزیرہ نما کے سطح مرتفع میں لال مٹی بڑی مقدار میں منقسم ہے۔ جنوب میں کنیا کماری سے مدھیہ پردیش میں جھانسی تک یہ دیکھی جاسکتی ہے۔ یہ گجرات میں کچھ کے علاقے سے جھارکھنڈ میں راج محل ہلز تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس قسم کی مٹی میں اگائی جانے والی اہم فصلیں راگی، تمباکو اور تیل کے بیج ہیں۔ جہاں آبپاشی کی سہولت ہے، دھان، گنا، کپاس وغیرہ کی فصلیں اگائی جاتی ہیں۔

4. لیٹریٹ مٹی (Laterite Soil): لیٹریٹ مٹی عام طور پر ایسے علاقوں میں پائی جاتی ہے جہاں بارش 200 سم سے زیادہ ہوتی ہو۔ بہت زیادہ بارش کی وجہ سے مٹی کی سلیکٹ اور معدنیات بہہ جاتے ہیں اور سطح پر فیرِک آکسائڈ اور المونیم بچ رہتے ہیں۔ یہ برسات کے موسم میں نرم ہوجاتی ہے گرمیوں کے موسم میں سخت لیٹریٹ چٹان بن جاتی ہے۔ اس لئے یہ مٹی بھی لال دکھائی دیتی ہے۔ بارش کے پانی میں معدنیات تحلیل

© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

ہوکر مٹی کی زیریں تہوں میں سرایت کر جاتے ہیں اور غیر حل شدہ لوہے کے آکسائڈ اور المونیم اوپری پرتوں میں پائے جاتے ہیں۔ لیٹرائٹ مٹی کم زرخیز ہوتی ہے۔ اس میں نائٹروجن اور معدنیات نہیں پائے جاتے۔ یہ مٹی مغربی گھاٹ، وندھیا، ست پڑا، راج محل ہلز اور پورونچل کے علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ یہ کافی اور چائے کی پیداوار کے لئے موزوں ہے۔

5. **صحرائی مٹی** : اس قسم کی ریتیلی مٹی ان علاقوں میں تشکیل پاتی ہے جہاں کم بارش اور بلند درجہ حرارت ہے۔ اس کا رنگ سرخی مائل بھورا ہوتا ہے۔ چوں کہ اس کی مسام داری بہت بلند ہوتی ہے (مٹی کے سالمات دور دور ہوتے ہیں)، پانی بغیر جمع ہوئے آسانی کے ساتھ نفوذ کرتا ہے اور رطوبت گھٹتی ہے۔ جوار، بجے، کھجور اس قسم کی مٹی میں اچھی طرح اگتے ہیں۔ یہ شمال مغربی علاقوں جیسے راجستھان، پنجاب، ہریانہ، مغربی گجرات میں کچھ کا علاقے اور کوہ اراولی کے مغربی علاقے میں پائی جاتی ہے۔

6. **پہاڑی مٹی** : اس قسم کی مٹی میں زیادہ تر حیاتیاتی سڑی گلی اشیاء ہوتی ہیں۔ پہاڑوں میں تشکیل پانے والی مٹی بارش میں بہہ کر نشیبی میدانوں میں پہنچ جاتی ہے۔ اس میں نائٹروجن اور نامیاتی تلچھٹ کے وافر ذخیرے ہوتے ہیں۔ یہ کافی، چائے، مسالے اور پھلوں کی پیداوار کے لئے بے حد موزوں ہے۔ ہمالیائی دامن، جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، اتر کھنڈ، بہار، مغربی بنگال اور دوسرے پہاڑی علاقوں میں اس قسم کی مٹی پائی جاتی ہے۔

مٹی کھرچنے کا عمل (مٹی کی عریاں کاری) (Soil erosion):

مختلف قدرتی قوتوں کی وجہ سے زمین کی بالائی پرتوں کے ہٹاؤ کو مٹی کے کھرچنے یا مٹی کی فرسودگی کہا جاتا ہے۔ پانی کا بہاؤ، ہوا اور سمندری مدوجزر مٹی کی فرسودگی کی اہم وجوہات ہیں۔

مٹی کے کھرچنے کی وجوہات: مٹی کے کھرچنے کا عمل ہمارے ملک کے اہم ترین مسائل میں سے ایک ہے۔ حالیہ برسوں میں اس میں اضافہ ہوا ہے۔ ان کی وجوہات ہیں: (1) جنگلات کا کٹاؤ، (2) مویشیوں کا چَرنا، (3) غیر سائنٹِفِک زرعی طریقے، (4) آبپاشی کا حد سے زیادہ استعمال وغیرہ۔ یہاں تک کہ اینٹوں کی تیاری، ٹائلس اور برتن سازی میں مٹی کی بالائی پرت استعمال کی جاتی ہے اور گھٹتی ہوئی مٹی چھوڑ دی جاتی ہے۔

مٹی کے کھرچنے کے اثرات: مٹی کے کھرچنے سے کئی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ ان میں سے بہت اہم یہ ہیں:

1) مٹی کے کھرچنے سے ندی کی تہوں میں ریت جمع ہونے لگتی ہے۔ جس کے نتیجے میں سیلاب واقع ہوتے ہیں۔

© KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

2) ریت کے جمع ہونے کی وجہ ندیاں اپنے بہاؤ کی سمت بدل دیتی ہیں۔

3) ریت کے بھر جانے سے تالابوں میں پانی کی گنجائش گھٹ جاتی ہے۔

4) مٹی کے کھرچنے سے پانی کے حجم کا زیریں حصے میں انجذاب گھٹ جاتا ہے۔اس وجہ سے قدرتی چشمے خشک ہوجاتے ہیں۔ چوں کہ ہندوستان بطور خاص زراعت پر انحصار کرتا ہے، زرعی پیداوار گھٹتی ہے۔

5) تیز بہنے والا پانی سیلاب کا سبب بن جاتا ہے۔

6) اینٹوں، ٹائیلس (Tiles)، گملوں کی تیاری کے لئے مٹی کی اُوپری سطح کا استعمال کی وجہ سے بھی۔ اس لئے زرخیزی اور پیداوار کے تحفظ کے لئے مٹی کے کھرچنے کو روکنا ضروری ہے۔

مٹی کا تحفظ اور اس کا بندوبست (Conservation of Soil and Management):

مٹی کے کھرچنے کے عمل کو روکنا اور مٹی کی زرخیزی کو بچانا ''مٹی کا تحفظ'' کہلاتا ہے۔اس کے علاوہ، زرخیزیت کو بچانا اور مٹی کو صحت مندانہ طور پر زراعت کے لئے استعمال کرنا اس کا بندوبست ہے۔اس معاملہ کو پنج سالہ منصوبوں میں بے حد اہمیت دی گئی ہے۔مٹی کے تحفظ کے کئی طریقے ہیں :

i) کاشت کے لئے پہاڑوں کی ڈھلانوں پر زمین کو اُفقاً جوتنا۔

ii) قطعوں کے اطراف بند باندھنا۔ iii) زرعی زمین کو مرحلہ وار فروغ دینا۔

iv) جنگلات کے کٹاؤ کو روکنا اور جنگل بانی کی ہمت افزائی کرنا۔

v) مویشیوں کے چرنے پر کنٹرول کرنا۔ vi) پانی کا منصوبہ بند استعمال۔

vii) چیک ڈیموں کی تعمیر وغیرہ۔

کیا آپ یہ جانتے ہیں؟

- مٹی اہم قدرتی وسائل میں سے ایک ہے۔یہ ایک اہم قومی دولت ہے۔
- نہایت عمدہ سالمات پر مشتمل مٹی چکنی مٹی (clay soil) کہلاتی ہے۔
- ریتیلی مٹی بڑے سالموں سے تشکیل پاتی ہے۔
- مٹی کی تخلیق، سالمات کے نوعیت، کیمیائی ترکیب اور اس کی تبدیلیوں کا مطالعہ طینیات (Pedology) کہلاتا ہے۔

© CBSE NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے :

1. پہاڑوں سے جو مٹی دریا بہالے آتے ہیں، وہ ———— کہلاتی ہے۔
2. کالی مٹی کے علاقے کو ———— بھی کہا جاتا ہے۔
3. ———— مٹی خاص طور پر راجستھان میں پائی جاتی ہے۔
4. ہندوستان میں وسیع پیمانے پر پھیلی ہوئی مٹی ———— ہے۔
5. راگی اور تیل کے بیج اگانے کے لئے ———— مٹی مناسب ہے۔

II. گروہی تبادلۂ خیال کے بعد درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے :

6. ہندوستان میں پائی جانے والی مٹی کی مختلف اقسام کونسے ہیں ؟
7. مٹی کے تحفظ سے کیا مراد ہے؟ ان کے طریقوں کی فہرست بنائیے۔
8. مٹی کے کھرچنے سے کیا مراد ہے؟ اس کے وجوہات کیا ہیں جانکاری اکٹھا کیجئے۔
9. مٹی کے کٹاؤ کے اثرات کیا ہیں؟
10. ہمالیہ کے پہاڑوں پر کن اقسام کی مٹی پائی جاتی ہے؟

III. سرگرمی :

1. اپنے تعلقہ کے اسٹنٹ ڈائرکٹر آف اگریکلچر کے دفتر جائیے اور اپنے تعلقہ میں پائی جانے والی مختلف اقسام کی مٹی اور ان کے استعمالات کی فہرست بنائیے۔
2. کیا جانور پالنے سے مٹی کا کٹاؤ ہوتا ہے۔ اپنے اُستاد سے بات کریں۔

IV. منصوبہ :

1. اپنے پڑوس یا اپنے فارم سے مٹی کی تھوڑی سی مقدار لیجئے۔ اپنے استاد کی مدد سے اس کا سوئیل ٹسٹنگ سنٹر میں ٹسٹ کرائیے۔ مختلف قسم کی فصلوں کے لئے اس کی موزونیت کے بارے میں معلوم کیجئے۔

☆☆☆

@ITBP NOT TO BE REPUBLISHED

Q4K2D2

باب - 13

ہندوستان کے جنگلات
(FORESTS OF INDIA)

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کریں گے۔

- ہندوستان میں جنگلات کے اقسام اوران کی تقسیم
- جنگلات کا تحفظ اور تحفظ کے طریقے
- جنگلی جانوروں کی محفوظ گاہ اور قومی پارک
- حیاتیاتی خزانے

کسی علاقے میں قدرتی طور پر اگنے والے مجموعی پودے خودرو نباتات یا جنگلات کہلاتے ہیں۔ یہ کئی ماحولیاتی عوامل جیسے درجۂ حرارت، بارش، زمینی ساخت، مٹی وغیرہ سے متاثر ہوتے ہیں۔ جغرافیائی علاقے کے 21.71 فیصد اوسط ''بھارت جنگل سروے کی رپورٹ 2021 (ISFR)'' کے مطابق بھارت میں 7,13,789 مربع کلومیٹر جنگلات کا علاقہ ہے۔ 2021 جو جغرافیائی رقبہ کا اوسطاً 21.71% ہے۔

ہندوستان ایک وسیع ملک ہے، جہاں مختلف انواع کے ماحولیاتی نظام پائے جاتے ہیں۔ نباتاتی زندگی پر مبنی اسے ہم 6 خاص قسموں میں بانٹ سکتے ہیں :

1. سدابہار جنگلات
2. برگ ریز مانسونی جنگلات
3. حارائی گھاس کے میدان
4. مانگرو کے جنگلات
5. صحرائی جنگلات
6. ہمالیائی الپائن جنگلات


1. **سدابہار جنگلات:** ہندوستان میں سدابہار جنگلات ان علاقوں میں پائے جاتے ہیں جو سطح سمندر سے 900 میٹر سے زیادہ بلند نہیں ہیں اور جہاں 250 سم سے زیادہ سالانہ بارش ہوتی ہے۔ اس قسم کے جنگلات مغربی گھاٹ، شمال مشرقی ریاستوں آسام، میگھالیہ، تریپورہ، منی پور، ناگالینڈ اور انڈمان ونیکوبار کے جزائر میں پائے جاتے ہیں۔ سدابہار جنگلات مجموعی رقبے کے 2.6 لاکھ ہیکٹر حصے پر پھیلے ہوئے ہیں۔ چوں کہ یہ سال بھر ہرے بھرے رہتے ہیں، اس لئے سدابہار جنگلات کہلاتے ہیں۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

2. **برگ ریز مانسونی جنگلات:** اس قسم کے جنگلات ہندوستان بھر میں پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ 75 تا 250 سم بارش کے علاقے میں پائے جاتے ہیں۔ یہ جملہ جنگلاتی علاقہ کا 65.5% ہے۔ چوں کہ ہندوستان کی آب و ہوا بالخصوص مانسونی ہے، یہ جنگلات وسیع علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ سال کے کچھ مخصوص مہینوں میں ان کے پتے جھڑ جاتے ہیں، اس لئے انھیں برگ ریز مانسونی جنگلات (Deciduous monsoon forests) کہا جاتا ہے۔

3. **حارائی گھاس کے میدان:** ہندوستان میں جہاں 60° تا 75° سنٹی میٹر بارش ہوتی ہے، اس قسم کے نباتات پائے جاتے ہیں۔ یہاں زیادہ تر لمبی گھاس دکھائی دیتی ہے اور چھوٹی جھاڑیاں ادھر ادھر نظر آتی ہیں۔ سطح مرتفع دکن کا مرکزی علاقہ، تھار کی سرحد سے کوہ اراولی تک اس قسم کے نباتات پائے جاتے ہیں۔ ببول، شیشم اور سبائی قسم کی گھاس ان علاقوں میں اگتے ہیں۔

4. **مانگرو کے جنگلات:** ساحل کے نشیبی علاقے مدوجزر کے دوران پانی سے بھر جاتے ہیں۔ اس طرح کے



NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

ساحلی علاقوں، دریائی طاسوں اور دریاؤں کے دہانوں کے قریب نشیبی علاقوں میں مانگرو کے جنگلات نظر آتے ہیں۔ گنگا، مہاندی، گوداوری اور کرشنا کے طاس اس قسم کے جنگلات سے بھرے پڑے ہیں۔ گنگا کے طاس میں ''سندری'' کے درخت بکثرت پائے جاتے ہیں۔ اس لئے ان جنگلوں کو ''سندربن'' کہا جاتا ہے۔ ان جنگلات کا مجموعی رقبہ 4992 مربع کلومیٹر ہے۔

5. **صحرائی جنگلات** : یہ ان علاقوں میں پائے جاتے ہیں جہاں بارش کا اوسط 50 سم سے کم ہے۔ راجستھان کا تھار اور پنجاب، ہریانہ اور گجرات میں اس سے ملحق علاقے ان جنگلات کا مسکن ہیں۔ اس قسم کے جنگلات میں پودوں کی جڑیں نہایت گہرائی تک پہنچتی ہیں اور خاص طور پر خاردار جھاڑیاں ہوتی ہیں۔

6. **ہمالیائی الپائن جنگلات** : ہمالیہ کا پہاڑی خطہ مختلف قسم کے جنگلات سے پُر ہے۔ جیسے جیسے بلندی بڑھتی جاتی ہے حارائی قسم کی آب وہوا قطبی طرز کی آب وہوا میں بدل جاتی ہے۔ آب وہوا میں تبدیلی کی وجہ مختلف قسم کے درخت دیکھے جاسکتے ہیں۔ ان مختلف النوع درختوں میں سال، بیرا، ٹون، سِلورا سپرس، لاریل وغیرہ ہوتے ہیں۔ ان کے پتے نوکدار ہوتے ہیں۔

جنگلات کی تقسیم : سائنسدانوں کا خیال ہے کہ کسی علاقہ کے عمدہ ماحول کے لئے اس میں 33 % جنگلات ہونے چاہئیں۔ ہندوستان میں جنگلات کا رقبہ بہت کم ہے۔ ہر ریاست کے زمینی رقبہ کا جنگلاتی رقبہ سے تقابل کرتے ہیں تو مدھیہ پردیش سب سے وسیع جنگلاتی علاقہ نظر آتا ہے جبکہ اس معاملہ میں ہریانہ آخری مقام پر ہے۔ اس لحاظ سے کرناٹک کا 6واں مقام ہے۔

جنگلات کا اہمیت : جنگل انسان اور ماحول دونوں کے لئے ایک ہم ذریعہ ہے انکی اہمیت مندرجہ ذیل ہے۔

1- صاف و پاک ہوا، خوراک اور چارہ فراہم کرتے ہیں۔
2- یہ اچھّی (مناسب) بارش برساتے ہیں۔
3- یہ مٹی کے کٹاؤ کو روکتے ہیں۔

بزرگوں کے ذریعے جنگل، باغ اور ماحول کے متعلق معلومات اکھٹا کریں جوکہ ماضی میں آپ کے علاقے میں موجود تھے اور ان تبدیلیوں کی فہرست بنائیں جو حال میں اس جگہ پر ہوئی ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

4- یہ حیوانات اور پرندوں کے لئے پناہ گا کا ذریعہ ہیں۔

5- ادویاتی پودے وافر مقدار میں پائے جاے ہیں

6- سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔

7- یہ روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

8- یہ ماحولیات توازن کو برقرار رکھتے ہیں۔

جنگلات کا تحفظ : انسانوں، جانوروں اور قدرتی آفات سے جنگلوں کے بچاؤ کو جنگلات کا تحفظ کہا جاتا ہے۔ ہندوستان میں جنگلاتی رقبہ بتدریج گھٹ رہا ہے۔ زراعتی پھیلاؤ، مویشیوں کی چرائی، راستے، ریل کی پٹریاں، آبپاشی کے منصوبے، جنگلوں کی آگ وغیرہ جنگلات کی تباہی کی اہم وجوہات ہیں۔ اس لئے جنگلات کا تحفظ بہت ضروری ہے۔ اس مقصد کے لئے کچھ اقدامات اپنائے گئے ہیں۔

تحفظ کے طریقہ:

سوکھے درختوں کو کاٹنا اور چھانٹنا جو جنگل کی آگ کا سبب بنتے ہیں جنگل کے درختوں کی بیماریوں سے حفاظت، پودوں کو لگانا، بیجوں کی بوائی، درختوں کے غیر قانونی کاٹنے کے خلاف نگرانی، جنگلوں میں گھریلو مویشیوں کی چرائی کے بارے میں ضوابط، لوگوں میں پودوں کو لگانے کی ترغیب، عوام میں درختوں کے بارے میں شعور پیدا کرنا اور درختوں کی حفاظت کی ہمت افزائی کرنا، سماجی جنگل بانی کے منصوبوں کو سرعت اور کامیاب طریقے سے نافذ کرنا۔

جنگلی جانوروں کی سنکچوریاں (تحفظ گاہیں) : اپنے قدرتی بسیروں میں جنگلی جانوروں کے تحفظ کے لئے تحفظ گاہیں قائم کی گئی ہیں۔ اب ہندوستان میں 567 وائلڈ لائف سنکچوریاں ہیں۔ ان میں اہم یہ ہیں :

- **تملناڈو** : مدھوملائی، کنیا کماری
- **مغربی بنگال** : مہانند، چیرماری
- **راجستھان** : بسی، سوائی، مانشنگ
- **ہریانہ** : کلیسر، نہار

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

- **پنجاب** : بیرموتی باغ، ہری کے
- **آندھراپردیش** :کلیرو، کرشنا

قومی پارک : اتراکھنڈ میں جم کاربٹ نیشنل پارک ہندوستان میں پہلا قائم شدہ نیشنل پارک ہے۔ ہندوستان کے اہم نیشنل پارک یہ ہیں :

1. کازی رنگا نیشنل پارک، آسام
2. سندربن، مغربی بنگال
3. ہزاری باغ نیشنل پارک، جھارکھنڈ
4. گیر نیشنل پارک، گجرات
5. کانہا نیشنل پارک، مدھیہ پردیش
6. تنڈووا نیشنل پارک، مہاراشٹر

حیاتیاتی محفوظ گاہیں (Bio-sphere Reserves) : ہندوستان میں زبردست نباتاتی وحیواناتی رنگارنگی پائی جاتی ہے۔اس حیاتیاتی تنوع کی حفاظت کے لئے 18 حیاتیاتی محفوظ گاہوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ یہ ہیں: نیلگیری، نندا دیوی، نوکریک، عظیم نیکوبار، منّار کی خلیج، ماناس، سندربن، سملی پال، کنچن گنگا، امرا کانتکا، سردریگستان (ہماچل پردیش) پنا اور شیشا چلم نیلگیری ہندوستان کا پہلا حیاتیاتی محفوظ گاہ ہے۔۔

کیا آپ یہ جانتے ہیں؟

- ہندوستان میں 567 محفوظ گاہیں ہیں۔
- 106 نیشنل پارک ہیں۔
- 122 نباتاتی باغات ہیں.
- 525 چڑیا گھر ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. موزوں الفاظ سے خالی جگہ پر کیجئے :

1. آسام اور میگھالیہ میں دکھائی دینے والے جنگلات کی قسم _____ ہے۔
2. ہمالیہ پر _____ قسم کے جنگل ہوتے ہیں۔
3. گنگا کا دریائی طاس _____ کہلاتا ہے۔
4. جم کاربٹ نیشنل پارک _____ ریاست میں واقع ہے۔
5. قومی جنگلاتی پالیسی کے مطابق جنگلات کا _____ فیصد رقبہ صحت مند ماحول کے لئے ضروری ہے۔

II. گروپس میں آپسی بحث کے بعد حسب ذیل کے جواب دیجئے :

6. قدرتی نباتات سے کیا مراد ہے؟
7. ہندوستان کا کل جنگلاتی رقبہ کتنا ہے؟
8. ہندوستانی جنگلات کے اقسام کیا ہیں؟
9. ہندوستان میں برگ ریز جنگلات کی خصوصیات اور تقسیم کے بارے میں تشریح کیجئے۔
10. جنگلات کی اہمیت کیا ہے؟
11. جنگلات کی تباہی کے وجوہات کی فہرست بنائیں۔
12. جنگلات کے تحفظ سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت وضاحت کریں اور جنگلات کے تحفظ کے طریقوں کی صراحت کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

13. ملک میں جنگلات کے تحفظ کے لئے اپنی تجاویز پیش کریں۔

III. سرگرمیاں :

1. آپ کے علاقے میں پائی جانے والی قدرتی نباتات کی شناخت کیجئے اور وہاں پائے جانے والے اہم درختوں اور حیوانات کے انواع کی فہرست دیجئے۔
2. ان مختلف اقسام کے درختوں کے نام لکھئے جن سے آپ کا سابقہ پڑ چکا ہو۔

VI. منصوبے:

1. ایک البم تیار کیجئے جس میں محفوظ گاہوں میں پائے جانے والے جانوروں کی تصاویر ہوں۔
2. ہندوستان کے نقشہ میں نباتاتی تحفظ کے علاقوں کی نشان دہی کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باب - 14

ہندوستان کے آبی وسائل

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کریں گے۔

- آبپاشی کی اہمیت
- آبپاشی کی اقسام
- ہمہ مقصدی دریائی وادیوں کے منصوبے
- ہندوستان کے اہم ہائڈرو الکٹرک منصوبے
- نیشنل الکٹرک گرِڈ
- بارش کے پانی کی کاشت

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پانی قدرت کا ایک اہم وسیلہ ہے۔ پانی انسانوں کی بنیادی ضرورت اور قومی جائداد ہے۔ اسے آبپاشی، برقی قوت کی پیداوار، صنعت، گھریلو استعمال، پانی کے نقل وحمل، مچھلی بانی اور تفریحات کے مقاصد سے استعمال کیا جاتا ہے۔ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کے لئے قومی قدرتی وسائل کے جائز استعمال کے لئے، آبی وسائل کا فروغ انتہائی ضروری ہے۔

سطح زمین پر پانی کے ذرائع ندیاں اور جھیلیں ہیں۔ کنویں، چشمے اور زیرِ زمین پانی کے وسائل ہیں۔ ان وسائل کے معاملے میں پانی کی دستیابی ایک علاقے سے دوسرے علاقے اور ایک وقت سے دوسرے وقت میں مختلف ہوتی ہے۔ چوں کہ ہندوستان میں بارش میں بے قاعدگی پائی جاتی ہے، مقدار میں الگ الگ اور قدرتاً محدود، زراعت کا بہت کچھ انحصار نہروں، تالابوں، کنوؤں آبپاشی منصوبوں پر ہوتا ہے۔

آبپاشی کا مطلب زراعت کی غرض سے نہروں، کنوؤں اور تالابوں سے مصنوعی یا جسمانی ذریعے سے پانی پہنچانا ہے۔ بارش کی کمی کے علاقوں میں، جہاں زراعت اہم پیشہ ہے، آبپاشی بہت اہم ہے۔ سینچائی کے ذریعہ زراعت، زرعی تاریخ کا اہم فروغ ہے۔ آبپاشی کے لئے دستیاب پانی سے زیادہ سے زیادہ 141 ملین ہیکٹر کو سیراب کیا جاسکتا ہے۔، سیراب کئے جانے والے علاقہ کا جال 73 ملین ہیکٹر تھا۔ اس وقت دنیا میں آبپاشی کے تحت آنے والا سب سے

بڑا علاقہ ہندوستان میں ہے۔

آبپاشی کی قسمیں: ہندوستان مختلف طبعی خواص کا حامل ہے۔ ہم آبی وسیلہ کی تقسیم کے معاملے بھی اس افتراق کو دیکھ سکتے ہیں۔ زراعت کے لئے درکار پانی کی بنیاد کے علاوہ ، بارش کی تقسیم، طبعی خصوصیات ، اگائی جانے والی فصلوں کی اقسام ، استعمال ہونے والے زرعی طریقے ، مختلف النوع آبپاشی کے طریقے ،مختلف مقامات پر مختلف ہیں۔ انھیں ہم

1. کنوؤں کے ذریعہ آبپاشی 2. نہروں کے ذریعہ آبپاشی
3. تالاب کے ذریعہ آبپاشی میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

کیا آپ یہ جانتے ہیں؟	
• تخمینی قابلِ استعمال سطحی آبی وسائل	690BCM
• کُل قابلِ استعمال زیرِ زمین پانی کے وسائل	433BCM
• کُل سالانہ قابلِ استعمال آبی وسائل	1123BCM
• فی کس پانی کی دستیابی	1720.29 CUM
BCM : بیلن کیوبک میٹر	
CM : کیوبک میٹر	

1. کنوؤں کے ذریعہ آبپاشی: ہندوستان میں آبپاشی کی مختلف قسموں میں کنوؤں سے آبپاشی بے حد اہم ہے۔ آبپاشی کی اس قسم سے اعظم ترین زرعی علاقوں کو پانی مہیا کیا جاتا ہے۔ کنویں کھود کر زیر زمین پانی مہیا کرنا کنوؤں سے آبپاشی ہے۔ کم بارش کے علاقوں میں اس قسم کی آبپاشی مفید ہے۔ کنوؤں کی تعمیر اور ان کی دیکھ ریکھ نسبتاً آسان ہے۔ جہاں نہریں اور تالاب نہیں ہیں، کنوؤں سے آبپاشی ضروری ہو جاتی ہے۔ کنویں بھی دو قسم کے ہوتے ہیں: (1) کھلے کنویں (2) بورویل

(1) **کھلے کنویں:** زرعی زمینات میں مناسب جگہوں پر یہ کنویں کھودے جاتے ہیں۔ زمین کو پانی کی فراہمی انسانی ہاتھوں سے یا جانوروں کے ذریعہ یا پھر مشینوں سے کی جاتی ہے۔ حالیہ برسوں میں زیرزمین پانی کو ڈیزل پمپ یا برقی پمپوں کے ذریعہ فراہم کیا جارہا ہے۔

سرگرمی:
اپنے گردونواں میں پائے جانے والی اہم ٹینکوں کی فہرست بنائیں اور جھیلوں کی تحفظ کے لئے اپنی تجاویز کا ذکر کریں۔

(2) **ٹیوب ویلز:** آج کل ہندوستان میں کنوؤں کے آبپاشی نظام میں ٹیوب ویلز کا رول اہم ہو گیا ہے۔ کنوؤں کے ذریعہ آبپاشی میں ٹیوب ویلز کا حصہ تقریباً 59.7٪ ہے اور کل زیر آبپاشی رقبہ کا 33.7٪ اسی کے تحت آتا ہے۔

2. **نہروں کے ذریعہ آبپاشی:** ہندوستان میں نہروں کے ذریعہ آبپاشی ایک اہم نظام ہے۔ ہندوستان دنیا کے ان اہم ممالک میں سے ایک ہے جہاں نہروں کے ذریعہ آب پاشی کی جاتی ہے۔ اس طریقے سے قابل

© CBSE NOT TO BE REPUBLISHED

کاشت بڑے رقبات کی سینچائی کی جاسکتی ہے۔ ہندوستان کی 16.5 ملین ہیکٹر زمین نہری آبپاشی کی سہولت سے استفادہ حاصل کرتی ہے۔ یہ کنوؤں کے بعد دوسرا اہم ذریعۂ آبپاشی ہے۔ نہری آبپاشی کی دو قسمیں ہیں۔

a) سیلابی نہریں b) بارہ ماہی نہریں۔

a) **سیلابی نہریں :** کسی ڈیم کے بغیر اس میں ندیوں سے راست پانی حاصل کیا جاتا ہے۔ جب ندیوں میں پانی بھر کر بہنے لگتا ہے، تو زائد پانی نہروں کے ذریعہ گذارا جاتا ہے۔ انھیں سیلابی نہریں (Flood canals) کہا جاتا ہے۔

> *کیا آپ یہ جانتے ہیں؟*
> *کیوسیک (Cusecs): اس کا مطلب فی سکنڈ فی مکعب فٹ پانی کا بہاؤ ہے۔*

b) **بارہ ماہی نہریں:** ندیوں کے آر پار ڈیم تعمیر کئے جاتے ہیں اور ان میں پانی جمع کیا جاتا ہے۔ نہروں کے ذریعہ زرعی کھیتیوں تک پانی پہنچایا جاتا ہے۔ یہ بارہ ماہی نہریں (perennial canals) کہلاتی ہیں۔ اس طرح کا نہری جال اتر پردیش، آندھرا پردیش، مدھیہ پردیش، پنجاب، راجستھان، ہریانہ اور بہار کی ریاستوں میں دیکھا جاسکتا ہے۔

3. **تالاب کے ذریعہ آبپاشی:** زمانہ قدیم سے ہی ہندوستان میں تالابوں کے ذریعہ آب پاشی کا رواج تھا۔ چھوٹے بندھ نالوں، ندیوں کے آر پار باندھے جاتے ہیں اور پانی ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ یہ جمع شدہ پانی چھوٹی نہروں یا پائپوں کے ذریعہ قابل کاشت زمینوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ تالاب کے ذریعہ آبپاشی آندھرا پردیش، تملناڈو، اڑیسہ اور کرناٹک میں عام ہیں۔ ان کے علاوہ مدھیہ پردیش، راجستھان، جھارکھنڈ اور اتر پردیش میں بھی تالابوں سے آب پاشی کی جاتی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہمہ مقصدی دریائی وادیوں کے منصوبے:

ہندوستان نے کئی ہمہ مقصدی منصوبے کامیابی کے ساتھ اپنائے ہیں۔ وادیوں میں دریاؤں اور ان کی معاونوں پر بندھ تعمیر کئے جاتے ہیں۔ یہ منصوبے زرعی استعمال کے لئے پانی کی فراہمی کے علاوہ دیگر مقاصد بھی رکھتے ہیں۔ ایسے منصوبوں کو دریائی وادی منصوبے کہا جاتا ہے۔ ان منصوبوں کے اہم مقاصد یہ ہیں:

1. آبپاشی کی سہولت پہنچانا۔
2. برقی قوت پیدا کرنا۔
3. دریاؤں میں سیلاب کی روک تھام کرنا۔
4. پانی کے نقل وحمل کی سہولت پیدا کرنا۔

5. گھریلو اور صنعتی اغراض کے لئے پانی فراہم کرنا۔ 6. مٹی کی عریاں کاری کو روکنا۔
7. مچھلیوں کی افزائش کرنا۔ 8. جنگلاتی دولت میں اضافہ کرنا۔

ہندوستان کے اہم ہمہ مقصدی دریائی وادی منصوبے

1. **دامودر ریور ویلی پروجیکٹ:** یہ آزاد ہندوستان کا پہلا ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ ہے۔ یہ مغربی بنگال اور بہار کی ریاستوں کا مشترکہ منصوبہ ہے۔ یہ دریا مغربی بنگال میں جان و مال کی وسیع پیمانے پر تباہی لایا کرتی تھی۔ اس لئے اس کا نام ''آنسوؤں کی دریا'' پڑا۔ مزید تباہی سے بچنے کے لئے یہ منصوبہ روبعمل لایا گیا۔

یہ منصوبہ مجموعی طور پر 2495 کلومیٹر لمبی نہروں کے جال پر مشتمل ہے اور 4.5 لاکھ ہیکٹر زمین کو سیراب کرتا ہے۔ دریائے دامودر اور اس کی معاون دریاؤں پر تھیلیا، میتھان، کونار اور پن چٹ ہلز کے مقامات پر بندھ تعمیر کئے گئے ہیں۔ تھرمل پاور پروجیکٹ بوکارو، چندر پورا اور درگا پور میں قائم کئے گئے ہیں۔ مغربی بنگال اور جھارکھنڈ اس منصوبہ سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

2. **بھاکرا ننگل پروجیکٹ:** یہ ملک کے اہم دریائی وادی منصوبوں میں سے ایک ہے۔ یہ پنجاب، ہریانہ اور راجستھان ریاستوں کا مشترکہ منصوبہ ہے۔ ہماچل پردیش میں دریائے ستلج پر بھاکڑا اور ننگل کے مقامات پر ڈیم باندھے گئے ہیں۔ بھاکڑا ڈیم ہندوستان کا دوسرا بلند ترین ڈیم ہے (ٹہری Theri) ڈیم ہندوستان کا سب سے اونچا ڈیم ہے۔ یہاں 3402 کلومیٹر طویل نہروں کا جال پھیلا ہوا ہے اور 14.6 لاکھ ہیکٹر زمین سیراب ہوتی ہے۔ دہلی اور ہماچل پردیش کی ریاستوں کو اس سے آبپاشی اور برقی قوت کی سہولت حاصل ہے۔ اس کا ذخیرۂ آب ''گوبند ساگر'' کہلاتا ہے۔

3. **کوسی پروجیکٹ:** اس منصوبے کا خاص مقصد سیلاب پر قابو پانا تھا۔ کوسی کو ''**بہار کا دریائے اشک**'' کہا جاتا ہے۔ یہ ہندوستان اور نیپال کا مشترکہ منصوبہ ہے۔ ہندوستان اور نیپال کی سرحد پر ہنومان نگر کے مقام پر دریائے کوسی پر ڈیم تعمیر کیا گیا ہے۔ اس منصوبہ سے 8.75 لاکھ ہیکٹر رقبہ پر آبپاشی کی جاتی ہے۔ یہاں پیدا کی جانے والی برقی کا 50% نیپال کو مہیا کیا جاتا ہے۔

4. **ہیرا کُڈ پروجیکٹ:** یہ ڈیم اڑیسہ سے قریب سمبھل پور میں ضلع صدرِ دفتر میں دریائے مہاندی پر تعمیر کیا گیا ہے۔ بار بار آنے والے سیلابوں کے سبب اس دریا کو اڑیسہ کا ''دریائے اشک'' کہا جاتا تھا۔ ہیرا کڈ

© KSBS NOT TO BE RE-PUBLISHED

ملک کا 4801 میٹر طویل ترین ڈیم ہے۔اس سے 2.54 لاکھ ہیکٹر زمین سیراب ہوتی ہے۔ یہ منصوبہ اڑیسہ، بہار اور چھتیس گڑھ کی ریاستوں کو آبپاشی اور برقی قوت مہیا کرتا ہے۔

5. **تنگبھدرا پروجیکٹ:** آبپاشی اور برقابی کی پیداوار اس منصوبے کے اہم مقاصد ہیں۔ یہ کرناٹک اور آندھرا پردیش کی ریاستوں کے اشتراک سے قائم ہوا۔ یہ ڈیم تنگبھدرا پر، ہوس پیٹ کے قریب ملاپور، ضلع وجیانگر میں تعمیر کیا گیا۔ یہ کرناٹک اور آندھرا پردیش میں 5.5 لاکھ ہیکٹر رقبہ کو برقی اور آبپاشی کی سہولت پہنچاتا ہے۔اس کا ذخیرۂ آب ''پمپا ساگر'' کہلاتا ہے۔

6. **ناگرجناساگر پروجیکٹ:** یہ ڈیم دریائے کرشنا پر آندھرا پردیش کے نندی کونڈہ گاؤں میں تعمیر کیا گیا ہے۔ اس کے اہم مقاصد آبپاشی کی سہولت اور برقی کی فراہمی ہیں۔ یہ مجموعی طور پر 8.30 لاکھ ہیکٹر اراضی کو سیراب کرتا ہے۔

7. **کرشنا اَپر بینک پروجیکٹ :**

یہ کرناٹک کا اہم منصوبہ ہے۔ یہ منصوبہ وجیاپورہ، باگل کوٹ، رائچور اور کلبرگی کے اضلاع کو آب پاشی اور پینے کے پانی کی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔ یہ ڈیم وجیاپورہ ضلع میں الماٹی کے نزدیک دریائے کرشنا پر تعمیر کیا گیا ہے۔ اس کے نتیجہ میں لال بہادر شاستری ذخیرۂ آب بن سکا۔ ایک اور ذخیرۂ آب نارائن پور کے نزدیک تعمیر کیا گیا ہے۔اس کے ذخیرۂ آب کا نام ''بسوا ساگر'' ہے۔ دونوں مل کر 6.47 لاکھ ہیکٹر علاقہ سیراب کرتے ہیں۔ حال میں برقی کی پیداوار بھی شروع کی گئی ہے۔

8. **نرمدا ویلی پروجیکٹ:** چوں کہ یہ منصوبہ روز اول ہی سے اختلافات میں الجھا رہا، اس لئے نربدا پروجیکٹ اتھاریٹی کا قیام عمل میں آیا۔ یہ گجرات اور مدھیہ پردیش کے درمیان تعمیر ہوا ہے اور پانی کی تقسیم کے معاملے میں NWDT (نرمدا آبی تنازعات ٹریبونل) نے فیصلہ دے دیا ہے۔ نربدا کی لمبائی پر 23 ڈیم ہیں اور سردار سروور، نرمدا ساگر اور نرمدا اَپر بینک پروجیکٹس اہم ہیں۔ یہ منصوبہ شمالی گجرات، راجستھان اور مہاراشٹر کے چند ایک علاقوں کو آبپاشی اور برقی قوت فراہم کرتا ہے۔


ہندوستان کے اہم برقابی قوت کے منصوبے

توانائی کے میدان میں برقابی کا ہندوستان میں دوسرا مقام ہے۔ 2011 میں کل پیدا کردہ توانائی کا

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

13.90% برقابی سے حاصل کیا جاتا ہے۔اس بات کا تخمینہ لگایا گیا ہے کہ ہندوستان کے پاس 410 بلین kw برقابی پیدا کرنے کی اہلیت ہے۔مگر فی الحال صرف 106.68 بلین kw ہی پیدا کی جاتی ہے۔ مندرجہ ذیل ریاستوں میں برقابی کی پیداوار کے مراکز ہیں۔

1. **کرناٹک :** شیواسمدرا، تنگبھدرا، جوگ، بھدرا، المیٹی، کالی (سوپاڈیم) کڈرا، کوڑاسلّی ڈیم
2. **آندھراپردیش :** سری سیلم پروجیکٹ، راماپدساگر پروجیکٹ، سیلیرو پروجیکٹ۔



3. **تلنگانہ :** ناگرجناساگر۔
4. **تملناڈو:** میٹور پروجیکٹ، پائیکارا الکٹرک پروجیکٹ، پیری یار پروجیکٹ، کندا پروجیکٹ، مویار پروجیکٹ، کوڈیار پروجیکٹ وغیرہ۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

5. **مدھیہ پردیش** : بن ساگر، گاندھی ساگر، پنچ یوجنا
6. **مہاراشٹر** : ٹاٹا ہائڈرو الکٹرک پاور پروجیکٹ، بیرا پروجیکٹ، وائترنا پروجیکٹ، کوئنا پروجیکٹ
7. **اڑیسہ** : ہیرا کڈ پروجیکٹ، رنگالی پروجیکٹ، نارا جا پروجیکٹ
8. **بہار** : کوسی پروجیکٹ،
9. **گجرات** : کاکر پاڑا پروجیکٹ، کاڈن پروجیکٹ، اوکائی پروجیکٹ
10. **جھارکھنڈ** : رسورن ریکھا پروجیکٹ

ان کے علاوہ کئی دوسرے چھوٹے پاور پروجیکٹ بھی پائے جاتے ہیں۔

نیشنل پاور گرِڈ (National Power Grid): ہندوستان مختلف ذرائع سے توانائی پیدا کرتا ہے۔ تمام ہی ریاستوں کے پاس ہمیشہ کے لئے ضرورت کے مطابق برقی فراہمی کی صلاحیت نہیں ہوتی۔ زائد توانائی رکھنے والی ریاستوں سے ناکافی توانائی کی حامل ریاستوں کو توانائی کی فراہمی کے لئے ایک ''نیشنل پاور گرِڈ'' قائم کیا گیا ہے۔ اس کی مدد سے زائد توانائی کی ریاست سے قلت سے دوچار کسی بھی ریاست کو پاور مہیا کیا جاتا ہے۔

بارانی پانی کی کاشت (Rain water Harvesting):

پانی بے حد قیمتی ہے۔ اگرچہ ہندوستان کے پاس وسیع آبی وسیلہ ہے، مگر اس کی تقسیم میں بے شمار خامیاں پائی جاتی ہیں۔ بارش صرف موسم بارش تک محدود ہوتا ہے۔ وہ علاقے بھی جہاں زائد بارش ہوتی ہے، موسم گرما میں پانی کی کمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ہندوستان میں جاری قحط سالی کی سی کیفیت کے خاتمہ کا واحد حل صرف ''بارانی پانی کی کاشت'' ہے۔ بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی کر کے جمع شدہ پانی کا استعمال ''بارانی پانی کی کاشت'' کہلاتا ہے۔


اس کی دو قسمیں ہیں:

(a) پانی کا تحفظ بارش کے مقام پر۔ مثلاً گھر کی چھتیں۔

(b) بہتے پانی کی جمع اندوزی:

مثلاً بندھ بنا کر پانی استعمال کرنا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



. گھر کی چھتوں پر جمع پانی کا استعمال عوامی آب رسانی پر انحصار کم کرتا ہے۔

. زرعی خطوں میں تالاب کھود کر پانی اکٹھا کرنا

. پانی کے بہاؤ کو روکنے کے لئے تحدیدی دیواریں تعمیر کرنا اور اسے زمین میں جذب ہونے دینا

تاکہ زیرزمین پانی کی سطح بڑھے۔ اسے نوبھرن (recharging) کہا جاتا ہے۔

. نہ صرف انفرادی طور پر بلکہ معاشرتیں تحدیدی دیواروں کی تعمیر یا چھوٹے گڈھوں کی کھدوائی میں دلچسپی لیں تاکہ بارش کے پانی کو اکٹھا کیا جاسکے۔

کرناٹک میں، زمانۂ قدیم سے بارش کے پانی کے تحفظ پر عمل ہوتا رہا ہے۔ تالاب، جھیلیں اور کنٹے پانی کے تحفظ کے طریقے ہیں۔ اس جانب توجہ دینے میں ناکامی نے قحط سالی کی کیفیت پیدا کی ہے۔ مناسب طور پر انھیں بچانے اور ان کا بندوبست کرنے سے پانی کے مسئلے کی شدت کم ہوسکتی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے:

1. بنگال کا آنسوؤں کا دریا ———— ہے۔
2. ———— کو ''بہار کا دریائے اشک'' کہا جاتا ہے۔
3. کرناٹک کا اہم آبپاشی منصوبہ ———— ہے۔
4. دریائے کاویری کے ———— مقام پر ہائڈرو الکٹرک پروجیکٹ قائم کیا گیا۔
5. ہیرا کڈ پروجیکٹ دریائے ———— پر تعمیر کیا گیا ہے۔

II. گروہی تبادلہ خیال کے بعد حسب ذیل کے جواب دیجئے :

6. آبپاشی کے اقسام کون کونسے ہیں ؟
7. ہمہ مقصدی دریائی وادی منصوبے کیا ہیں؟ اس کے مقاصد کیا ہیں؟
8. کرناٹک میں واقع ہائڈرو الکٹرک پاور پروجیکٹ کی فہرست بنائیے۔
9. 'بارانی پانی کا تحفظ یا کاشت' آج ضروری ہے۔ کیوں ؟
10. نیشنل پاور گرِڈ کیا ہے؟

III. حسب ذیل کو جوڑیئے :

A	B
i بھاکڑا ننگل پروجیکٹ	a) لال بہادر شاستری ساگر
ii تنگبھدرا پروجیکٹ	b) بسواساگر
iii المٹی ڈیم	c) پمپاساگر
iv نارائن پوراڈیم	d) گونداساگر
	e) نرمداساگر

IV. سرگرمی :

1. ہندوستان کے ہمہ مقصدی دریائی وادی منصوبوں کی افادیت کی فہرست بنائیے۔
2. اپنے پڑوس میں نصب بارانی پانی کے تحفظ کے نظام کا جائزہ لیجئے اور مزید معلومات حاصل کیجئے۔

V. منصوبے :

1. آپ کے اطراف پائے جانے والے مختلف قسم کی آبپاشی کی سہولتوں کی فہرست بنائیے اور ان طریقوں کا استعمال سیکھئے۔
2. ایک آبپاشی پروجیکٹ کے بارے میں لکھئے جسے آپ دیکھ چکے ہیں۔

☆☆☆

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

معاشیات [Economics]

باب - 15

معیشت اور حکومت

اس باب میں درج ذیل نکات کا مطالعہ کریں گے۔

- معیشت اور حکومت کا تعلق
- ہندوستان میں منصوبہ بندی
- پنج سالہ منصوبے اور کارنامے
- سبز انقلاب

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

انسان کے تمام معاشی سرگرمیوں کا ایک منظم نظام ہی معیشت ہے۔ معیشت کا اہم مقصد انسان کی فلاح و بہبودی ہے۔ حکومت بھی انسان کی فلاح و بہبودی کے مدنظر ہی کام کر رہی ہے۔ اگر ایسا ہے کیا حکومت انسان کی معاشی سرگرمی کے درمیان مداخلت کر سکتی ہے؟ معاشی ترقی میں حکومت کا کردار کیا ہے؟

19 ویں صدی کے آخر تک بھی کئی ماہر معاشیات کا خیال تھا کے انسانی معاشی سرگرمیاں میں حکومت کو مداخلت نہیں کرنی چاہئے۔ تب حکومت صرف ملک کا تحفظ اور حفاظتی کام، عدالتی فیصلہ کا انتظام اور امن و امان کا قیام جیسے بنیادی افعال کو سرانجام دیتی تھی۔ لیکن 20 ویں صدی میں فلاحی ریاست کے آغاز کے ساتھ حکومت کے افعال اور ذمہ داریوں کے دائرے بھی وسیع ہو گئے ہیں۔ حکومتیں اپنی رعایا اور شہریوں کے لئے بنیادی سہولتیں جیسے غذا، لباس، رہائش، تعلیم، صحت، پاکی وصفائی، نقل وحمل، مواصلات کو فراہم کرنے کے لئے آگے آئیں۔ اس طرح حکومت لوگوں کے معاشی سرگرمیوں کے درمیان مداخلت شروع کی اور معاشی ترقی کے عمل میں حکومت کا رول بھی زیادہ اہم ہو گیا۔

عام طور پر ترقی پذیر ممالک میں بے روزگاری، غربت، زرعی پسماندگی، آمدنی اور دولت کی غیر مساوی تقسیم جیسے مسائل نظر آتے ہیں۔ ایسے مسائل کے حل کے لئے حکومت کی مداخلت ضروری ہے۔ ان ممالک میں نقل وحمل، مواصلات، بجلی، تعلیم، صحت وغیرہ جیسی بنیادی سہولیات کی کمی محسوس ہورہی ہے۔ اور حکومت ان سہولیات کی کمی کو دور کرنے کے لئے کوشاں ہے۔

معاشی نظام میں قومی آمدنی، پیداوار، ملازمت سرمایہ کاری، قیمت وغیرہ میں مسلسل بڑھاؤ اور گھٹاؤ کے خصوصیت رکھتا ہے۔ اسی تبدیلی کو معاشی تغیرات کہتے ہیں۔ معیشت میں زائد تغیرات کے بغیر ترقی کی طرف آگے جانے کو معاشی استحکام کہتے ہیں۔ اس طرح ملک میں پیدا ہونے والی آمدنی، امیر وغریب، ذات پات، طبقے، خواندہ یا ناخواندہ شہری یا دیہی جیسے تفرقات کے بغیر سماج کے تمام لوگوں میں یکساں اور مساوی طور پر تقسیم ہونی چاہیے اور اسی کو سماجی انصاف کہتے ہیں۔ سماجی انصاف اور معاشی استحکام کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی کو حاصل کرنے میں حکومت کا رول اہم ہے۔

20 ویں صدی میں حکومتوں نے معاشی ترقی کو جلد از جلد حاصل کرنے کے مقصد سے معاشی منصوبہ بندی کو ایک تکنیک کے طور پر استعمال کیا۔ 1929ء میں سب سے پہلے سویت روس نے معاشی منصوبوں کو جاری کیا اور تیزی سے معاشی ترقی حاصل کرنے میں کامیاب ہوا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد کئی ممالک کی حکومتوں نے اپنے معاشی مسائل کو حل کرنے کے لئے معاشی منصوبہ بندی کا سہارا لیا۔

1. ہندوستان میں منصوبہ بندی (planning in India):

منصوبہ ہر انسان کی زندگی کے لئے ضروری ہے۔ انفرادی زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے وسائل کو منظم طریقے سے استعمال کرنا ہوگا۔ کیوں؟ کیا سمجھتے ہو؟ طلبہ و طالبات کو بہترین اور عمدہ معلومات حاصل کرنے امتحانات میں عمدہ مارکس حاصل کرنے کے لئے اپنے دن کو وقت کو صحیح طریقہ سے استعمال کرنا پڑھتا ہے۔ ہر دن کتنے گھنٹے مطالعہ کرنا ہے۔ کتنے گھنٹے کھیل کود میں گذارنا ہے۔ کتنی دیر سونا ہے۔ ان سب باتوں کو سوچ سمجھ کر، غور وفکر کے ساتھ عمل پیرا ہونا پڑتا ہے۔ بالکل اسی طرح ایک ملک بھی اپنے پاس موجود وسائل کو منظم طریقے سے استعمال میں لاتے ہوئے، اہم محکموں یا علاقوں کا انتخاب کرتے ہوئے، مقررہ وقت میں ترقی حاصل کرنے کا منصوبہ بناتا ہے۔

@KSRS NOT TO BE REPUBLISHED



سرایم وشویشوریا

ملک میں موجود وسائل کے مناسب استعمال سے چند مخصوص اور فائدہ مند مقاصد کے ساتھ اپنے لوگوں کی خوشحالی اور فلاح و بہبودی کو انتہائی حدوں تک بڑھانے کے لئے اپنایا گیا شعوری اور دانشمندانہ عمل ہی منصوبہ بندی کہلاتا ہے۔ کتنی پیداوار ہونی چاہیئے ؟ لوگوں کی فلاح و بہبودی کا خیال رکھتے ہوئے وسائل کا لحاظ کرتے ہوئے کیا تیار کرنا ؟ اس میں اور مصنوعات کو کسی طرح سے بانٹنا ہے؟ جیسے اہم مقاصد کو ضرورت کے مطابق عمل میں لانا ہے۔ اس طرح سے منصوبہ بندی کو ملک کی مجموعی ترقی کی ایک اہم تکنیک کی طرح استعمال کی جارہی ہے۔

ہندوستان میں سب سے پہلے جدید منصوبہ بندی کے متعلق غور وفکر کرنے والے بھارت رتن سرایم وشویشوریا تھے۔ وہ 1934 میں انہوں نے اپنی کتاب ’’ ہندوستان کی منصوبہ بند معیشت (Planned Economy for India) کا اجراء کرتے ہوئے ہندوستان کی معاشی ترقی کی ضرورت کو بتلایا۔ اسی لئے ان کو ’’ہندوستان کی منصوبہ بند معیشت کا باوا آدم کہا جاتا ہے۔

منصوبہ	منصوبے کا وقفہ	سرکاری خرچ (کروڑوں)
1. منصوبہ	1951-56	1,960
2. منصوبہ	1956-61	4,672
3. منصوبہ	1961-66	8,577
سالانہ منصوبہ	1966-69	6,251
4. منصوبہ	1969-74	6,160
5. منصوبہ	1974-78	42,300
رولنگ پلان	1978-80	---
6. منصوبہ	1980-85	1,09,953
7. منصوبہ	1985-90	2,22,169
سالانہ منصوبہ	1990-92	---
8. منصوبہ	1992-97	4,34,100
9. منصوبہ	1997-02	9,41,041
10. منصوبہ	2002-07	15,25,639
11. منصوبہ	2007-12	36,44,718
12. منصوبہ	2012-17	76,69,807

آزادی کے بعد ہندوستان کی حکومت نے 1950ء میں انڈین پلاننگ کمیشن کو قائم کیا۔ وزیر اعظم اس کمیشن کے چیرمین ہیں۔ اس کمیشن کا اہم مقصد ملک کے قدرتی اور انسانی وسائل اور سرمایہ کا باقاعدگی سے اندازہ لگاتے ہوئے ان وسائل کو موثر طریقے سے استعمال میں لانے کے لئے منصوبے بنانا ہے۔ ہندوستان میں ان منصوبوں کی مدت 5 سال ہونے کا باعث ان کو پنج سالہ منصوبے کہا جاتا ہے۔

1952ء میں قومی ترقیاتی کونسل (National development council) کا قیام ہوا ہے۔ اس بورڈ میں تمام ریاستوں کے وزیر اعلیٰ اراکین ہوتے ہیں۔ اور یہ نیشنل

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

پلاننگ کمیشن کے بنائے ہوئے پنج سالہ منصوبوں کو منظوری دیتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تمام ریاستوں کی بھی مسادی ترقی کرنے کا خیال بھی کرتا ہے۔

2. پنج سالہ منصوبے (Five Year plans):

ہندوستان میں سب سے پہلے پنج سالہ منصوبوں کا انعقاد یکم اپریل 1951 کو ہوا۔ گیارہ پنج سالہ سالم منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔ اب تک 12 پنج سالہ منصوبوں پر عمل کیا جا چکا ہے۔ سال 2015 میں قومی منصوبہ بندی کمیشن کی جگہ نیتی آیوگ کا قیام عمل میں آیا۔

حکومت نے چند مخصوص مقاصد کے ساتھ پنج سالہ منصوبوں کو جاری کیا ہے۔ یہ مقاصد منصوبوں کے لئے اہم ہدایات ہیں۔ ہندوستان کی معیشت کا سب سے اہم مسئلہ غربت ہے۔ اس کو دُور کرنے کے لئے پنج سالہ منصوبے کو جاری کیا گیا ہے۔ اس لئے ہندوستان کے معاشی منصوبوں کا اہم مقصد غریبی کو مٹانا اور یہاں کے لوگوں کی زندگی کے معیار کو انتہائی حدوں تک بڑھانا ہے۔

اس بنیادی مقصد کے لئے کئی دیگر مقاصد کا حصول بھی اہم ہے وہ یہ ہیں۔

1- پیداوار کو زیادہ سے زیادہ حد تک اضافہ کرنا


2- روزگار کے موقعوں کو زیادہ کرنا۔

3- معاشی غیر مساوات کو کم کرنا۔

4- معاشی استحکام کو بڑھاوا دینا۔

5- معیشت کو جدید بنانا وغیرہ۔

Activity:



درج بالا ستونی ترسیم پر غور کرتے ہوئے ان سوالات کے جوابات دیں

1. 1950-51 میں قومی آمدنی کے لئے سب سے زیادہ امدادی حلقہ کونسا ہے؟
2. اسی سال سب سے کم از آمدنی کس حلقے سے ملی؟
3. 2011-12 میں سب سے زیادہ آمدنی کس حلقے سے ملی؟
4. 2011-12 میں زراعتی حلقے سے کتنی مدد ملی ہے؟

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پنج سالہ منصوبوں کی کامیابیاں یا کارنامے:

ہندوستان میں پنج سالہ منصوبوں کو جاری کرتے ہوئے 60 سال مکمل ہو چکے ہیں۔ 12 منصوبے مکمل ہوئے۔ اس وقفے میں کیا حاصل ہوا ہے اور ان کے ناکامیابیاں کیا ہیں؟ معلوم کریں گے۔ سب سے پہلے قومی آمدنی کی ترقی پر غور کریں۔

منصوبے کے جاری کرنے کے شروعاتی 20 سالوں میں ہماری قومی آمدنی سالانہ اوسط 3.5 فیصد زیادہ ہوئی مگر بعد کے 20 سالوں میں اس میں 5 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ 2000-1991 کے وقفہ میں 5.6 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ جبکہ 2010-2001 میں سالانہ 7.3 فیصد اضافہ ہوا۔ اس کا مطلب ہے کہ جس طرح وقت گذرتا ہے، اس طرح قومی آمدنی میں اضافہ کی ترتیب بھی بڑھ رہی ہے۔ 2001-2010 کے وقفے میں ہماری فی کس آمدنی میں سالانہ اوسط 5.6 فیصدی شرح سے اضافہ ہوا ہے۔

قومی آمدنی کی ترقی میں معیشت کے تین حلقے، زراعتی حلقہ، صنعتی حلقہ اور خدماتی حلقے کی طرف سے امداد ہوتی ہے۔ منصوبے کے شروعاتی مرحلے میں زراعت 50 فیصد سے بھی زیادہ آمدنی حاصل ہوئی تھی۔ لیکن 2022-23 اب اس حلقے کی امداد 18.3% فیصد ہوگئی ہے۔ آج کل خدماتی حلقے سے سب سے زیادہ قومی آمدنی کو امداد ملی ہے۔

غذائی اناج کی پیداوار میں ہندوستان کو خودمختار بنایا گیا ہے۔ منصوبوں کے دوران غذائی اناج کی پیداوار میں تقریباً 5 گنا اضافہ ہوا ہے۔ 22-2021 میں 315.7 لاکھ (ملین) ٹن تک پہنچ چکا ہے۔

صنعتیں اور خدماتی حلقے کی توسیع سے ملازمت اور روزگاری کے مواقعوں میں اضافہ ہوا ہے۔ غربت کو دور کرنے اور روزگار پیدا کرنے کے پروگراموں کے ذریعے دیہی غریب لوگوں کو روزگاری فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

سائنس اور ٹکنالوجی کے میدان میں بہت زیادہ ترقی ریکارڈ کی گئی ہے۔ زراعت، صنعتوں اور خدمتی حلقوں میں جدید ٹکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔ ہمارے انجینئرس کے خدمات کو بیرونی ممالک والے بھی حاصل کررہے ہیں۔ ہندوستان کی صنعتی اشیاء اور انجینئرنگ اشیاء کی درآمدی مانگ میں بے حد اضافہ ہوا ہے۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED


لیکن بدقسمتی سے معاشی اصلاحات کے بعد کی مدت کے دوران، آمدنی کی عدم مساوات میں زبردست اضافہ ہوا ہے۔ کیونکہ بہت سے پسماندہ طبقے ترقی کے عمل سے باہر رہ گئے ہیں۔ ہندوستان کی معیشت اور معاشی انتظام میں ہونے والے غیر مساوات کو کم کرنے اور ترقی کے عمل میں تمام طبقوں کے لوگوں کو شامل کرنے کی عرض سے 11 ویں اور 12 ویں پنج سالہ منصوبے میں بشمول نشوونما (inclusive growth) اہمیت دی گئی ہے۔

ترقی کے دیگر پیمانوں اور پہلوؤں پر نظر ڈالی جائے تو پتہ چلتا ہے کے ترقی میں بے حد سدھار آیا ہے۔ لوگوں کی متوقع عمر اور تعلیمی خواندگی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔ اطفال اور ماؤں کی شرح موت میں بھی کمی ہو رہی ہے۔ اسی لئے شرح موت اور شرح پیدائشی دونوں میں کمی واقع ہوئی ہے اور آبادی میں اضافہ کی شرح بھی گھٹ رہی ہے۔

اتنا کچھ ہونے کے باوجود بھی پنج سالہ منصوبے ملازمت کرنے کی قابلیت رکھنے والے تمام لوگوں کو ملازمت وروزگاری فراہم کرنے میں ناکام ہے۔ غربت کی شرح میں کمی کے باوجود بھی غربت کو مکمل طور سے ختم نہیں کیا گیا ہے۔ مالدار اور غریبوں کے درمیان دن بہ دن فرق بڑھ رہا ہے۔ سماجی انصاف کے نام پر صرف باتیں ہی باتیں رہ گئی ہیں۔ بنیادی سہولتوں میں کمی کا اضافہ ہو رہا ہے۔

3-سبز انقلاب (Green Revolution):

پنج سالہ منصوبوں کا سب سے اہم کارناموں ''سبز انقلاب'' ہے۔ انقلاب کا مطلب ''تیز رفتار تبدیلی یا ترقی ہے۔



ڈاکٹر یم یس۔ سوامی ناتھن

1967 کے دوران ہندوستان میں اناج کی پیداوار 74 ملین ٹن تھی۔ حکومت کے اقدامات کی وجہ سے 1970 میں بڑھ کر 108 ملین ٹن ہوگئی۔ اس عرصہ کے دوران اناج کی پیداوار میں زبردست اضافہ کو سبز انقلاب کہا جاتا ہے۔

اس انقلاب کے وقوع ہونے میں کونسے عوامل نے کام کیا ہے؟ اس کا پس منظر کیا ہوسکتا ہے؟

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبز انقلاب ''زائد فصل دینے والے بیجوں'' کے استعمال کا نتیجہ ہے۔ 1960 کے شروعات میں ڈاکٹر نارمن بور لاگ نامی امریکی زراعتی ماہر نے میکسیکو نامی ملک میں کئے تجربات کے نتیجہ سے گیہوں میں ''زائد فصل دینے والے بیجوں'' کی تحقیق ہوئی۔ انہیں بیجوں کے استعمال سے میکسیکو اور تیوان ملکوں میں گیہوں کی پیداوار میں بے انتہائی بڑھوتری کی۔

1965-66 میں ہندوستان میں شدید خشک سالی کی وجہ سے زراعتی پیداوار میں گراوٹ آئی۔ غذائی اجناس میں بے حد کمی لاحق ہوئی۔ اس کمی کو دُور کرنے کے لئے حکومتِ ہند نے 1966 میں گیہوں کے زائد فصل دینے والے بیجوں کو پنجاب، ہریانہ، دہلی، راجستھان اور اتر پردیش کے مشرقی حصوں میں استعمال کرنے پر زور دیا۔ زیادہ فصل دینے والے بیجوں کو استعمال کرنے کے لئے مخصوص غذائی اجزا فراہم کرنا، ترتیب وار پانی کی باقاعدہ فراہمی اور بیماریوں سے تحفظ کا عمل بھی ضروری ہے۔ اس سے زائد فصل والے بیج کے استعمال کے ساتھ ساتھ کیمیاوی کھاد، کیڑ مار دوائیاں کے استعمال کو بھی عام کیا گیا۔ آبپاشی کے سہولیت بھی بڑھائی گئیں۔ اس سے گیہوں کی فصل کی پیداوار میں لامحدود اضافہ ہوا۔ زراعتی پیداوار میں استعمال کئے گئے اس تکنیک کو قبل از بیساکھی ٹکنالوجی (فصل کاٹنے سے قبل کی ٹکنالوجی) کہتے ہیں۔ ہندوستان کے زراعتی میدان میں اس طرح کے بہتر تکنیکوں کے استعمال کو لانے میں ڈاکٹر یم یس سوامی ناتھ کا اہم رول ہے۔ ان کو سبز انقلاب کا باوا آدم" کہا جاتا ہے۔

سرگرمی:
زراعتی پیداوار کے لئے قابل قبول قیمت کے متعلق اپنے اساتذہ سے بحث کرتے ہوئے کسانوں سے گفتگو کریں۔

ان کا انتقال 28 ستمبر 2023 کو ہوا، زراعت کے شعبے میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، انہیں 1987 میں کھانے کے پہلے عالمی انعام سے نوازا گیا۔ (First world food prize) سبز انقلاب میں شری۔ ایم۔ ایس سوامی ناتھن کی شرکت کو تسلیم کرتے ہوئے حکومتِ ہند نے انہیں 2024 بعد از مرگ سب سے زیادہ شہری اعزاز ''بھارت رتن'' سے نوازا ہے۔

سبز انقلاب کے شروعاتی مرحلے میں سدھار ٹکنالوجی کا استعمال صرف اور صرف گیہوں کی فصل اُگانے کے لئے استعمال کی گئی۔ اس کی کامیابی سے متاثر ہوکر حکومت نے دھان، جوار، راگی، گنّے وغیرہ کی فصلوں میں بھی زائد فصل دینے والے بیجوں کے استعمال پر زور دیا۔ بڑھتی ہوئی ٹکنالوجی کو تمام فصلوں میں استعمال

© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ساتھ ساتھ ملک کے تمام حصوں میں اس کو وسعت دی گئی۔اس سے ملک میں زراعتی پیداوار میں بے حد اضافہ ہوا۔80 کے عشرے میں ہندوستان نے غذائی پیداوار میں خودمختار ملک بن گیا۔

سبز انقلاب کا فائدہ صرف بڑے مالدار کسانوں کو پہنچتا تھا،غریب کسانوں کو اس کا کوئی بھی فائدہ نہیں ہوتا تھا۔ایسی شکایتیں سننے میں آرہی تھیں۔کیونکہ عمدہ بیج، کیمیاوی کھاد، کیڑ مار دوائیوں کو خریدنے کی قوت غریبوں میں نہیں تھی۔اس فرق کو کیسے دور کیا جاسکتا ہے؟ تب حکومت نے غریب اور چھوٹے کسانوں کو 'امدادی رقم' دینے کا انتظام کر کے بہترین تکنالوجی کا فائدہ حاصل کرنے کا انتظام کیا۔حکومت نے زائد سے زائد امدادی رقم کے ساتھ ساتھ بیج،کھاد اور کسانوں کو کم سود پر بینکوں سے قرضہ اور امدادی انجمنوں سے بھی قرضہ دلوایا۔اس وجہ سے تمام طبقے کے کسانوں میں عمدہ زراعتی طریقوں کا استعمال ممکن ہوا اور زراعتی پیداوار میں اضافہ ہوا۔

زراعتی پیداوار میں اضافے کی وجہ سے زراعتی اشیاء کی قیمتوں میں گراوٹ ہوئی جس سے کسانوں کو نقصان ہونے لگا۔کسانوں کی پیداوار کے لئے صحیح اور قابل قبول قیمتیں دلوانے کی ضرورت پیش آنے لگی۔ کسانوں کو کس طرح سے اچھی قیمتیں دلوا سکتے ہیں؟اس کے لئے زراعتی مارکیٹ کو تیار کرنے کی ضرورت پیش آئی۔زائد پیداواری اشیاء کو ان سے متعلقہ مختلف اشیاء کو بنانے کا کام بھی ضروری ہونے لگا۔ان زائد زراعتی اشیاء کو ذخیرہ کرنے کے لئے گوداموں اور سرد ذخیرہ خانے (cold storage) اور کوٹھیاں بھی تعمیر کروائے گئے۔اس طرح سے کئی ایک نئے اور جدید تکنیکوں کو عمل میں لایا گیا۔اس طرح سے زراعتی پیداوار کو ذخیرہ کرنے اور اس کا انتظام کرنے اور فروخت کرنے کے لئے اپنایا گیا جدید سدھار ہوا طریقہ ہی مابعد بیساکھی ٹکنالوجی (فصل کاٹنے کے بعد کی ٹکنالوجی) کے نام سے پکارا گیا۔اس طرح سبز انقلاب کے لئے قبل از فصل کاٹنے کے

یہ بھی معلوم کیجئے:

قوس وقزح انقلاب: کسان زراعتی پیداوار کے ساتھ ساتھ مویشی پالن، مرغی پالن، ماہی گیری، ریشم پروری جیسے زراعت سے متعلقہ پیشے بھی اپنائے ہوئے ہیں۔ زراعت اور زراعت سے متعلقہ سرگرمیوں کے نتیجے میں بے پناہ اضافے کو قوس وقزح انقلاب کہا جاتا ہے۔یہ انقلاب بہت سے چھوٹے انقلابوں پر مشتمل ہے۔وہ یہ ہیں۔

1. سبز انقلاب۔۔۔غذائی پیداوار
2. نیلا انقلاب۔۔۔مچھلیوں کی پیداوار
3. زرد انقلاب۔۔۔تیل کے بیجوں کی پیداوار
4. سفید انقلاب۔۔۔دودھ کی پیداوار
5. چاندی کا انقلاب۔۔۔انڈے کی پیداوار
6. سنہری انقلاب۔۔۔پھل/پھولوں میں پیداوار
7. سرخ انقلاب۔۔۔گوشت کی پیداوار

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عمل اور مابعد فصل کاٹنے کی ٹکنالوجی دو اہم فائدہ مند امور تھے۔

زراعتی حلقے میں مسائل کو حل کرنے کے لئے ہندوستانی زراعت میں نامیاتی قدرتی کھیتی کو فروغ دینے کی کوشیش کی جاتی ہیں۔ پیداوار کے لئے ماحول دوست طریقۂ کار وقت کی ضرورت ہے۔ حکومت اس طریقۂ کار سے پیداوار کو مزید بڑھانے کے لئے کوششیں کر رہی ہے۔ اس عمل کو دوسرا سبز انقلاب یا دائمی سبز انقلاب کہا جاتا ہے۔ کچھ جوشیلے کسان ماحول دوست اور مستحکم زرعی طریقوں جیسے نامیاتی کاشتکاری، بے خرچی کاشتکاری وغیرہ کو اپنا کر فائدے حاصل کر رہے ہیں۔

نیتی آیوگ (Niti Aayog)

نیشنل انسٹی ٹیوشن فار ٹرانسفارمنگ انڈیا کا آغاز یکم جنوری 2015 کو پلاننگ کمیشن کو تبدیل کرنے کے لئے کیا گیا تھا۔

نیتی آیوگ کا طریقہ کار پستی سے بلندی کی طرف ہوتا ہے۔ اس کے اغراض و مقاصد میں 15 سالوں تک کا منصوبہ، 7 سالوں تک کا نظریہ، حکمت عملی اور طریقہ کار شامل ہیں۔

اس کی سربراہی ملک کے وزیر اعظم کرتے ہیں۔ لیکن روزانہ انتظامیہ کی دیکھ بھال وائس چیرمین کرتے ہیں۔

مقاصد:

(1) ریاستوں کی فعال شمولیت کے ساتھ قومی ترقی کی ترجیحات، شعبوں اور حکمت عملی کی مشترکہ نظریات تیار کرنا۔

(2) یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ مضبوط ریاستیں ایک مضبوط قوم بناتی ہیں، ریاستوں کے ساتھ مسلسل بنیادوں پر منظم حمایتی اقدامات اور تراکیب کے ذریعے تعاون پر مبنی وفاقیت کو تیز تر بنانا۔

خصوصیات:

نیتی آیوگ اپنے آپ کو ایک جدید ترین وسائل کے مرکز کے طور پر تیار کر رہی ہے، جس میں ضروری تعلیم اور مہارتیں ہیں، جو تحقیق اور اختراع کے ذریعہ فن کے ساتھ قابل بتائی گئی ہیں۔ اس کا مقصد حکومت کے لئے عملی منصوبے اور نظریات فراہم کرنا اور متعلقہ مسائل کا حل نکالتا ہے۔ نیتی آیوگ کو دو منسلک دفاتر کا تعاون حاصل ہے۔ اٹل انوویشن میشن اینڈ ڈیولپمنٹ مانیٹرینگ اینڈ ایوولویشن آرگنائزیشن۔

©KSBS NOT TO BE REPUBLISHED

[Atal innovation mission and Development monitoring and Evalution organisation and an Autonomousbody]

اورایک خودمختارارادہ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف لیبرا کنامکسی ریسرچ اینڈ ڈیو پمنٹ

(National Institute of Labour Economics Research and Development)

نیتی آیوگ کی سرگرمیوں کو چاراہم حصّوں میں بانٹا گیا ہے۔

1. پالیسی اور پروگرام کا فریم ورک
2. کوآپریٹیو وفاقیت
3. نگرانی اور جائزہ
4. علم اور اختراعی کا مرکز

مشقیں

I. **خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھرتی کیجئے؛**

1. 20ویں صدی میں حکومت نے معاشی ترقی کی تکنیک کے طور پر _____ کو جاری کیا۔
2. ہندوستان میں پنج سالہ منصوبوں کو بنانے والا ادارہ _____ ہے۔
3. 11ویں پنج سالہ منصوبے میں _____ کو اہمیت دی گئی تھی۔
4. سبز انقلاب کا رہبر کہلانے والے _____ تھے
5. ماحول دوست اور مستحکم زراعت کے لئے حکومت نے کسانوں کو _____ طریقہ استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کی ہے۔
6. نیتی آیوگ کو _____ میں قائم کیا گیا۔

II. **ایک ایک جملے میں جواب دیجئے۔**

7. معاشی منصوبہ بندی کے معنیٰ بتلایئے۔
8. ہندوستان کی معاشی منصوبہ بندی (انڈین پلاننگ) کے باوا آدم کون ہیں؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

9. پنچ سالہ منصوبوں کو منظوری دینے والے ادارہ کا نام کیا ہے؟
10. سبز انقلاب کسے کہتے ہیں؟
11. مابعد فصل کاٹنے کی ٹکنالوجی (post harvest technology) کیا ہے؟
12. نیتی آیوگ کے موجودہ چیرمین کون ہیں؟

III. درج ذیل سوالات کے جوابات پانچ چھ جملوں میں دیجئے۔

13. فلاحی ریاستوں میں حکومتوں کی ذمہ داریوں میں کس طرح وسعت ہوئی ہے؟
14. پنچ سالہ منصوبوں کے مقاصد کیا ہیں؟
15. پنچ سالہ منصوبوں کے کارناموں کی فہرست بنائے۔
16. سبز انقلاب کے وقوع ہونے میں کونسے عناصر شامل ہیں؟ لکھئے۔
17. زراعتی حلقے میں درپیش مسائل کے حل کیا ہیں؟
18. نیتی آیوگ کے مقاصد کیا ہیں؟

IV. سرگرمیاں:

1. تمہارے اطراف واکناف میں استعمال ہونے والے غیر ملکی اشیاء کو پہچان کر ان کی فہرست بنائیے۔
2. انٹرنیٹ کی مدد سے 12 ویں پنچ سالہ منصوبہ کے اہداف ومقاصد کی فہرست تیار کیجئے۔
3. نیتی آیوگ کے کارکردگی پر معلومات حاصل کرتے ہوئے بحث کیجئے۔

V. منصوبہ:

1. تمہارے اطراف واکناف میں ترقی کا قائل کسان کی شناخت کیجئے۔ اس کے کھیت اور باغوں کی سیر کیجئے اور اس سے ملاقات کرتے ہوئے اس کے اپنائے ہوئے زراعتی طریقوں اور ان کی قبل از فصل کاٹنے کی تکنیک اور مابعد فصل کاٹنے کی تکنیک کے متعلق ایک رپورٹ بنائیے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تجارتی تعلیمات [Business studies]

باب - 16

بینک کاروبار

اس باب میں درج ذیل نکات کا مطالعہ کریں گے؛

- بینک کے معنی
- بینک کے خصوصیات
- بینک میں کھاتہ کھولنے کے طریقے/مراحل
- مالیاتی کاروبار میں بینک اور ڈاک خانے
- بینک میں کھولے جاسکنے والے مختلف کھاتے
- بینک کھاتے کے فوائد

تقریباً دوسو سال قبل ہی بینک ترقی یافتہ تھے۔ زمانے کے مطابق بینکوں کے طریقۂ کار میں تبدیلیاں ہوتی آرہی ہیں۔ یہ ایک مالیاتی کاروباری ادارہ ہے۔ اس ادارے میں گاہک تحفظ سے اپنی رقم جمع کرسکتے ہیں اور وقت ضرورت واپس نکال سکتے ہیں۔ بینک اپنے گاہکوں کو قرض دے کر اپنی رقم پر سود بھی لیتے ہیں۔ مختلف ممالک کے روپئے پیسوں کے تبادلے کا کام بھی کرتے ہیں۔ کسی بھی ملک کی ترقی اس ملک کا اہم ادارہ یعنی بینکنگ نظام پر منحصر ہوتا ہے۔ بینک سماجی ترقی کے اہم شعبے جیسے زراعت، صنعت، تجارت وغیرہ کو ضرورت پڑنے پر رقم قرض کے طور پر دیتے ہیں۔ یہ ملک کی اقتصادی ترقی کو تیزی سے ابھارتے ہیں۔

بینک کیا ہے؟

لفظ بینک (Bank) قدیم اطالوی زبان کے ''بیانکو'' (Banco) یا فرانسیسی زبان کے ''بینک'' (Banque) لفظ سے ماخوذ ہے۔ جن کے معنی بینچ (Bench) پیسوں کا لین دین کرنے کی میز کے ہیں۔

بینکنگ کمپنی کی وضاحت پیسوں کے لین دین یعنی پیسوں کو محفوظ (Deposit) رکھ کر قرض دینے والے ادارے کے طور پر کی جاسکتی ہے۔ بینک محفوظ زر کو قرض کے طور پر مختلف خدمات کے لئے دیتا ہے۔ جو لوگ اپنی رقم کی بچت کرنا چاہتے ہیں ان سے یہ تمام رقم قبول کرکے اور جن کو ضرورت ہو ان کو قرض کے طور دیتے ہیں۔ بینک کے خدمات کو بینکنگ (Banking) کہتے ہیں۔ بینک ڈپازٹ کو گاہک کی ضرورت کے مطابق چیک (Cheque) یا ڈرافٹ (Draft) کی صورت میں واپس لوٹاتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTES

بینک کاروبار کے خصوصیات:

1. **پیسوں کا لین دین:** بینک مالیاتی ادارہ ہے۔جس میں عوام پیسوں کا کاروبار کرتے ہیں۔
2. **فرد/ ادارہ/ کمپنی:** بینک ایک فرد، ایک ادارہ یا کمپنی یا جماعت ہوسکتی ہے بینکنگ کمپنی یعنی پیسوں کے لین دین کا ادارہ ہے۔ جہاں محفوظ زر (ڈپازٹ) قبول کئے جاتے ہیں۔
3. **ڈپوزٹس کی قبولیت:** بینک عوام سے رقم محفوظ کرتے ہیں۔اس زرِمحفوظ کو مطالبہ پر یا ایک مقررہ معیاد کے ختم ہونے پر واپس کرنا ہوتا ہے۔اس زرِمحفوظ کو بینک تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ بینک زرمحفوظ پر نگران کے طور پر کام کرتے ہیں۔
4. **قرض دینا:** بینک صنعتی اداروں، زرعی اداروں، تعلیم، گھر کی تعمیر جیسے مقاصد کے لئے قرض کے طور پر رقم دیتے ہیں۔
5. **روپیوں کا جمع کرنا اور نکالنا:** بینک آسان قسطوں پر ڈپازٹ کرنے والوں کو چیک یا ڈرافٹ کی شکل میں پیسے ادا کرتے ہیں اور ڈپازٹ کو واپس لینے کے لئے سہولت مہیّا کرتے ہیں۔
6. **ایجنسی اور عام افادیتی خدمات:** بینک اپنے گاہکوں کو مختلف بینکنگ کی سہولتیں فراہم کرتے ہیں جن میں عام افادیتی خدمات اور ایجنسی خدمات شامل ہیں۔
7. **نفع اور جذبۂ خدمات:** بینک خدمات کا جذبہ لئے ہوئے ہیں۔ یہ ایک منافع بخش ادارہ ہوتا ہے۔
8. **مسلسل وسعت پذیر کارروائیاں:** بینک اپنے کام کو مسلسل، مختلف رخوں میں اپنی خدمات اور سرگرمیوں کو پھیلاتی ہوئی کام کرتی ہیں۔
9. **تعلق جوڑنا:** بینک ڈپازٹ جمع کرنے والوں اور قرض حاصل کرنے والوں کے درمیان تعلق پیدا کرنے والی ایک کڑی کے طور پر اپنے کاروبار کو چلاتی ہے۔گاہکوں کی پس انداز رقم کو ڈپازٹ کے ذریعے جمع کرتے ہوئے ضرورت مند کو قرض کے طور پر دیتی ہے۔
10. **بینک کاروبار:** بینک کی اہم سرگرمی روپئے پیسوں سے متعلق کاروبار ہوتے ہوئے گاہکوں سے ڈپازٹ قبول کررہا ہے اور ان لوگوں کو دی رہا ہے، جنہیں رقم کی ضرورت ہے۔مگر یہ کسی دیگر کاروباروں کے ماتحت نہیں ہوتے۔

CKBS NOT TO BE REPUBLISHED

11. **نام کی پہچان:** بینک ہمیشہ اپنے نام کے ساتھ بینک کا لفظ شامل رکھے گی مثال کے طور پر کینرا بینک، یونین بینک، اسٹیٹ بینک آف انڈیا وغیرہ اسی کے ذریعہ پتہ چلتا ہے کہ لوگ کس بینک سے اپنا کاروبار چلاتے ہیں۔

بینک کے خصوصیات:

1. عوام سے یا دیگر ذرائع سے زرِمحفوظ کو قبول کرنا۔
2. عوام اور اداروں کو قرض دینا۔
3. رقم کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا اور جمع کرنا۔
4. چیک اور رسید، ہنڈی کے ذریعہ رقم وصول کرنا۔
5. چیک یا ڈرافٹ کو گھٹانا۔
6. محفوظ خانوں (Safe Deposit) کو کرایہ پر دینا۔
7. غیر ملکی زرِمبادلہ کاروبار کو چلانا۔
8. قیمتی اشیاء کو اپنے محفوظ خانوں میں بحفاظت رکھنا۔
9. قرض کی سند اور ذمہ داری والے کاغذات دینا۔
10. حکومت (ریاستی و مرکزی) کے پیسوں کے کام کاج نبھانا۔

بینکرس اور گاہکوں کے تعلقات:

- بینکرس اور گاہکوں کے درمیان دو طرح کے تعلقات ہوتے ہیں۔

1. عام تعلق
2. خصوصی تعلق

1. عام تعلق:

- بنیادی تعلق (قرض دینے والے اور قرض خواہ کے درمیان تعلق)
- امدادی یا تعاونی تعلق (ٹرسٹی یا امین یا خزانچی اور منصوبہ بندی کرنے والے کے درمیان کا تعلق)
- کاروباری ایجنٹ اور سربراہ کا تعلق

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2. خصوصی تعلق

سرگرمی: اپنے قریبی بینک کا دورہ کر کے اعلیٰ تعلیم کے لئے قرض حاصل کرنے کا طریقہ معلوم کیجئے۔

- چیک قبول کرنا۔
- گاہک کے حساب کتاب کو مخفی رکھنا۔

بینک سے فراہم کی جانے والی سہولتیں:

1. کریڈٹ کارڈ (Credit Cards)
2. خانگی قرض
3. گھر کی تعمیر یا سواری خریدنے کے لئے قرض
4. آپسی رقم کاروبار (Mutual Funds)
5. کاروبار کے لئے قرض
6. محفوظ اور محروس خانے
7. ڈبٹ کارڈ (Debit cards)
8. اعتمادی خدمات
9. دستخطوں کی ذمہ داری

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بینک اور ڈاک خانے:

کسی بھی کاروبار رقم یا پیسوں سے متعلق حسابات کو ہی بینکنگ کہا جاتا ہے۔ بینکس پیسوں سے متعلق کاروبار چلانے والے ادارے ہوتے ہیں۔ بینکس گاہوں کے پیسوں کو ڈپازٹ کے طور پر رکھتے ہیں اور ان ڈپازٹس سے جمع شدہ رقم گاہکوں کو قرض کی صورت میں دیتے ہیں۔ ان قرضہ جات کو بینک کا قرضہ کہتے ہیں۔

بینک اپنے گاہکوں کی ڈپازٹ شدہ رقم کو ضرورت کے مطابق بطور قرض دیتے ہیں اور اس رقم پر سود وصول کرتے ہیں۔ اس سود سے ملنے والے فائدہ کی کچھ رقم اپنے ڈپازٹ کرنے والے گاہکوں کو سود کی شکل میں ادا بھی کرتی ہیں۔ یہ سود کی رقم ڈپازٹ کرنے والوں کی آمدنی کا ذریعہ ہوتا ہے۔ بینک اپنے گاہکوں کے پیسوں کو مقامی اور غیر ملکی تجارت میں لگا کر رقم میں اضافہ کر لیتے ہیں۔

سرگرمی: ڈاک خانہ جا کر بینکنگ کاروبار کی جانکاری حاصل کریں۔

ہندوستان میں بینکوں کی ساری سرگرمیاں ریزرو بینک آف انڈیا کی زیرنگرانی ہوتی ہے۔ ریزرو بینک تمام بینکوں کی بینک ہوتی ہے یا پھر اسے بنکوں کی ماں کہا جاسکتا ہے۔ ریزرو بینک ملک کی مرکزی بینک ہوتی ہے۔ یہ مالیات کے کام کاج کی تشکیل کرتی ہے۔ تمام بینکوں کو اس کے عمل کے طریقۂ کار کو تسلیم کرنا پڑا۔ اب ہمارے پاس ریاستی بینکوں کے علاوہ 12 قومیائے ہوئے بینک اور 21 خانگی بینک اور 46 غیر ملکی بینک ہیں۔ ان بینکوں کے جال میں 162,904 بینکوں کی شاخیں ہیں۔ دیہی بینک، علاقائی بینک، سرکاری اور نجی بینک شامل ہیں۔

بینکوں کی صنعت میں حالیہ ترقی کے طور پر ڈاک خانے کے کاروبار بھی بینک کے زمرے میں شامل کئے گئے ہیں۔ ہندوستان کا ڈاک کا محکمہ ایک بینک شروع کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے جسے عارضی طور پر ''ہندوستانی پوسٹ ادائیگی بینک، کہا جائے گا۔ ان میں 90 فیصد نیم شہری اور دیہی علاقوں میں اس کے آس پاس ہیں۔ محکمہ پہلے سے ہی مختلف مالیاتی خدمات فراہم کررہا ہے۔ جس میں پوسٹ آفس سیونگ بینک، قومی بچت کے اسناد، کسان وکاس پترا، ماہانہ ریکرینگ ڈپازٹس، پوسٹل بیمہ، پنشن کی ادائیگی، رقم کی منتقلی وغیرہ شامل ہیں۔ محکمہ ڈاک نے ایک ہزار کروڑ روپیوں کے برابر سرمایہ بینک کاروبار میں لگانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ یہ محکمہ ڈاک کا معاون شعبہ بنتا ہے۔

سرگرمی: ڈاک خانہ جاکر اس کے بینکنگ کاروبار کی جانکاری لیں۔

بینک کے اقسام:

مختلف قسم کے بینک پائے جاتے ہیں۔ بینک کے طریقہ کار اور سرگرمیوں کی بنا پر درج ذیل اقسام بنائے گئے ہیں۔

1. مرکزی بینک یا بھارتیہ ریزرو بینک (RBI)
2. تجارتی بینک (Commercial Bank)
3. صنعتی ترقیاتی بینک (Industrial Development Bank)
4. زمینی ترقی یا زراعی بینک (Land Developmant Bank)
5. مقامی بینک (لین دین کرنے والے یا ساہوکار) (Indigenous Bank)
6. امدادی بینک (Co-operative Bank)

اس کی تفصیلات کو آپ نے پچھلی جماعت کے معاشیات شعبہ میں پڑھا۔

© KSTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بینک میں کھولے جاسکنے والے مختلف کھاتے:

عموماً بینک میں چار طرح کے کھاتے کھولے جاسکتے ہیں۔

1. بچت کھاتہ (Saving Account)
2. چالتی یا چالو کھاتہ (Current Account)
3. مکرر ڈپازٹ کھاتہ (Recurring Deposit Account)
4. مقررہ ڈپازٹ کھاتہ (Fixed Deposit Account)

1. بچت کھاتہ: عام طور پر تنخواہ لینے والے یا پھر مقررہ آمدنی رکھنے والے لوگ بچت کھاتہ کھولتے ہیں۔ یہ سہولت طلبہ، بزرگ شہریوں، کو ہاوظیفہ پانے والوں کو بھی دی جاتی ہے۔ یہ کھاتہ عوام کو بچت کرنے میں مدد کرتا ہے۔ بچت کھاتے کی مقدار میں کوئی حد مقرر نہیں ہوتی۔ اسی طرح بینک سے رقم نکالنے کے لئے چیک بک یا متعلقہ بینک میں دستیاب پیسہ واپس لینے والی سلپ کافی ہے۔ ڈپازٹ کرنے والوں کو ان کی رقم پر سود بھی ملتا ہے۔

2. چالو یا چالتی کھاتہ: یہ کھاتہ عام طور پر بینک میں زیادہ کاروبار کرنے والے بیوپاری، تجارتی اور صنعتی ادارے کھولتے ہیں۔ یہاں ڈپازٹس کی واپسی اور مطلوبہ ڈپازٹس یا آپسی معاملات کے ذریعہ رقم واپس لینا ممکن ہوتا ہے۔ اس کھاتے میں ایک دن میں جتنی بار چاہے اتنی بار کاروبار کرسکتے ہیں۔ یعنی رقم کو ایک دن میں جتنی بار چاہے جمع کرسکتے ہیں اور نکال سکتے ہیں اس طرح کی ڈپازٹ پر بینک کسی قسم کا سود نہیں دیتیں۔ لیکن اپنی خدمات کے صلہ میں ان سے خدماتی فیس (سروس چارج) وصول کرتی ہیں۔

3. مکرر ڈپازٹ کھاتہ: اس کھاتے میں عام طور پر ایک مقررہ دن رقم کو واپس لینا ہوتا ہے۔ مستقبل کی ضروریات کے پیش نظر ہر ماہ منصوبہ بند زر محفوظ ایک مقررہ مدت تک جمع کرتے رہتے ہیں۔ (ضرورت جیسے شادیاں، اعلیٰ تعلیم، قیمتی اشیاء کی خریدی) مقررہ مدت کے ختم ہونے پر زر محفوظ کی رقم کے ساتھ ساتھ سود ملا کر بینک اس رقم کو لوٹاتی ہے۔

> سرگرمی: -/50,000 کے معیاری مقررہ پر 8% سالانہ کی شرح سے سود تلاش کریں۔

4. مقررہ معیادی ڈپازٹ کھاتا: اس کھاتے میں زر محفوظ ایک مقررہ مدت کے لئے رکھا جاتا ہے۔ زر محفوظ کی رقم مدت کے گذرنے کے بعد واپس لی جاتی ہے۔ مستقبل کی

© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

ضرورت کے لئے ہر ماہ زرِ محفوظ کو ایک مدت تک جمع کی جاتی ہے۔ مقررہ مدت ایک ماہ کی بھی ہوسکتی ہے اور چھ ماہ ہوسکتی ہے یا ایک سال بھی ہوسکتی ہے۔ بڑھ کر پانچ یا دس سال بھی ہوسکتی ہے۔ زرِ محفوظ مقررہ مدت سے پہلے نہیں لی جاسکتی۔ سود کی شرح، مدت کے مطابق بڑھتی رہتی ہے۔

سرگرمی: قریبی بینک میں جائیں اور اس کے کام کرنے کے طریقوں کے بارے میں جانیں۔

کھاتہ کھولنے کا طریقہ/ مراحل (Procedure to open a Bank Account):

آج کل بینک اہم مالیاتی ادارے ہیں۔ بینک محفوظ قوانین کے ذریعہ پیسوں کا کاروبار چلانے میں مددگار ہوتے ہیں۔ بینک کی خدمات حاصل کرنے والے لوگ یا اداروں کو بینکوں میں کھاتے کھولنا نہایت ضروری ہوتا ہے۔ بینکوں میں کھاتے کھولنا مشکل کام نہیں ہے۔

جانیئے: joint Account دو یا دو سے زائد افراد کے کھولے جانے اور چلنے والے کھاتے کو، مشترکہ کھاتہ کہتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بینک میں کھاتہ کھولنے کے سات مراحل ہیں:

1. **کھاتے کا انتخاب کرنا:** بینکوں کے مختلف کھاتے جیسے بچت کھاتہ، چالتی کھاتہ، مکرر ڈپازٹ کھاتہ، مقررہ ڈپازٹ کھاتہ میں سے مفید کھاتے کا انتخاب کر لیا جائے۔
2. **آپ کی معقول بینک کے افسران سے ملاقات:** کھاتے کا فیصلہ کرنے کے بعد آپ کی سہولت والی بینک کے افسران سے ملاقات کر کے اپنی خواہش کا اظہار کریں۔ بینک کا افسر آپ کو مطلوبہ فارم اور ہدایات دی گا۔
3. **بینک کھاتہ فارم یا پیشی کی درخواست:** کھاتہ کھولنے کا فارم کو مکمل بھرتی کرنا جس میں نام، پتہ، عمر، پیشہ وغیرہ تفصیلات کو دی گئی جگہ میں درج کریں۔ دستخط کارڈ پر آپ کے دو یا تین نمونتاً دستخط کریں۔ دستخط میں تبدیلی نہ کریں۔ دو یا زائد افراد کھاتہ کھولنا چاہیں تو انہیں مشترکہ کھاتہ Joint Account میں تمام کے تفصیلات اور دستخط درکار ہوتے ہیں اور نمونے کے دستخط علیحدہ دستخط کارڈ پر کئے جائیں۔ آج کل بینک شناخت کے مقصد سے پاسپورٹ سائز کی تصاویر جمع کرانے پر اصرار کرتے ہیں انہیں جمع کرائیں۔
4. **شناساؤں (Introduction) کا حوالے دینا:** بینک کھاتے کے لئے کسی کھاتے دار یا قابل

اعتبار فرد کی شناسائی کا ثبوت، درخواست و دستخط کے ساتھ ہونا لازمی ہے۔ یہ تعارف بینک کی حفاظت کے لئے ضروری ہوتی ہے۔

5. **بینک کھاتہ کھولنے کا فارم مکمل کر کے بینک کے حوالے کرنا:** کھاتہ فارم اور دیگر ضروری دستاویزات جیسے، دستخط، تصاویر، ووٹر کارڈ، آدھار کارڈ، پیان PAN کارڈ، وغیرہ بینک کے حوالے کرنا۔
6. **بینک افسر کی منظوری:** بینک افسر فارم اور تمام دستاویزات کی جانچ کر کے، تسلی ہونے بعد کھاتہ کھولنے کی اجازت دیتا ہے۔
7. **شروعاتی ڈپازٹ جمع کرنا:** کھاتہ کھولنے کی اجازت کے بعد ہر کھاتے کا ایک ڈپازٹ ہوتا ہے اسے ایک چلن (Challan) کے ذریعہ رقم جمع کی جاتی ہے۔ بچت کھاتے کے لئے پاس بک، چیک بک، پیئے ان سلپ بک (Payin slip Book) دی جاتی ہے۔ جبکہ مقررہ ڈپازٹ کے لئے رسید دی جاتی ہے۔ چالتی کھاتے کے لئے پیئے ان سلپ بک اور چیک بک دی جاتی ہے۔ مکرر ڈپازٹ کھاتے کے لئے پاس بک اور پیئے ان سلپ بک دی جاتی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بینک کھاتہ کھولنے کے فوائد:

- بینک کھاتوں میں پیسوں کی حفاظت ہوتی ہے۔
- بینک کھاتہ رقم کی ادائیگی کے لئے سازگار ہے۔
- بینک کھاتہ پیسے وصول کرنے میں مدد دیتا ہے۔
- بینک کھاتے سے قرض اور پیشگی حاصل کر سکتے ہیں۔
- بینک کھاتہ بآسانی مالیاتی کاروبار فراہم کرتا ہے۔
- بینک کھاتہ داروں کو محفوظ ڈپازٹ لاکر کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

بینکوں کے کام وکاج:

- بینک درج ذیل کام وکاج کو انجام دیتا ہے۔
- بچت کو بڑھاوا دینے کے لئے بچت بینک کی سہولت فراہم کرتا ہے۔
- زر محفوظ کو زیادہ سے زیادہ جمع کرنے اور قرض دینے کی تلاش پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔
- زر محفوظ کو جمع کرنے کی مقدار پر پابندی نہیں ہوتی۔ بینکوں میں 10 روپیوں سے کم کی مقدار کو قبول

نہیں کیا جاتا۔

- صرف کھاتہ رکھنے والوں کے حق میں تیار کئے گئے چیک، ڈرافٹ جیسی چیزوں کو متعلقہ کھاتے میں جمع کرنے کے لئے قبول کئے جائیں گے۔
- چیک یا نکالنے کے فارم کے ذریعہ نقد رقم نکالی جاسکتی ہے۔ اگر نکالنے کے فارم کے ذریعہ رقم نکالنی ہو تو متعلقہ کھاتے دار ہی نکال سکتا ہے۔ ایسے موقع پر پاس بک پیش کی جانی چاہیئے۔ رقم کوائے۔ ٹی۔ ایم (آٹومیٹک ٹیلر میشن) ڈبیٹ کارڈ کے ذریعے بھی نکالا جاسکتا ہے۔
- کھاتے دار ایک مستقل ہدایات دی سکتا ہے اور بینک سے موثر اور متواتر ادائیگیوں کے لئے درخواست کرسکتا ہے۔ جیسے کہ بیمہ کی قسطیں، انکم ٹیکس، بجلی، ٹیلی فون، پانی وغیرہ کے بل وغیرہ۔
- کھاتے میں جمع شدہ کم از کم رقم پر ہر کیلنڈر مہینے کے لئے مقررہ شرح پر سود کا حساب لگا کر ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی یا سالانہ کھاتے میں رقم جمع کی جائے گی۔ عموماً اپریل اور اکتوبر یا فروری اور جولائی میں حساب لگایا جائے گا۔
- کھاتے دار کی درخواست پر بینک کی شاخوں کے درمیان کھاتے کو منتقل کیا جاسکتا ہے۔ کھاتے کو بند کرنے کی درخواست میں بند ہونے کی وجہ بتانی چاہیئے۔ ایسی درخواست پیش کرتے ہوئے پاس بک، غیر استعمال شدہ چیک کے اوراق اور ای۔ ٹی۔ ایم ڈبیٹ کارڈ کے ساتھ ہونا چاہیئے۔ (ای ٹی ایم کارڈ کو مقناطیسی پٹی کے درمیان دو ٹکڑوں میں کاٹا جاتا ہے)

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. درج ذیل خالی جگہوں کو مناسب جوابات سے بھرتی کریں؛

1. بینک نامی لفظ فرانسیسی زبان کے _____ لفظ سے ماخوذ ہے۔
2. بینکوں کی بینک _____ ہے
3. قومی بینک کی ایک مثال _____ ہے۔

4. قومی بچت کے سند کو ——————— جاری کرتا ہے۔

5. بینک میں ایک دن میں جتنی بار چاہیے اُتنی بار کاروبار کرنے والا کھاتہ ——————— کہلاتا ہے۔

6. زرِ محفوظ کو مقررہ مدت کے لئے ——————— کھاتے میں رکھا جاسکتا ہے۔

II. درج ذیل سوالات کے جوابات دوستوں میں بحث ومباحثہ کر کے لکھیں۔

7. بینک کے کیا معنی ہیں؟

8. بینک کاروبار کے خصوصیات کی فہرست تیار کیجئے۔

9. بینک کے خدمات کیا ہیں؟

10. بینک اور گاہکوں کے تعلقات کا جائزہ لیجئے۔

11. ''بچت کھاتے داروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔'' وجوہات بیان کیجئے۔

12. بینک کھاتہ کھولنے کے فوائد کیا کیا ہیں؟

III. سرگرمیاں:

1. ان بینکوں کی فہرست بناؤ جن کے نام آپ جانتے ہیں۔

2. کسی بینک کی شاخ میں جا کر مقررہ معیاد کھاتے سے زرِ محفوظ رکھنے کی شرح سود اور طریقہ کار معلوم کیجئے۔

IV. منصوبہ:

1. آپ کی قریبی بینک کا دورہ کر کے بینک کھاتہ کھولنے کے طریقہ کی روداد تیار کریں اور بینک افسر سے مطالبہ کر کے ایک بچت کھاتہ کھولیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED